گنجینۂ وظائف و عملیات و تعویذات

وظائفِ و عملیاتِ رحمانی

صُوفی محمدؐ اشفاق خان صابری چشتی

خزینۂ علم و ادب لاہور

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

گنجینۂ وظائف و عملیات و تعویذات

وظائفِ و عملیاتِ رحمانی

صُوفی محمدؐ اشفاق خان صابری چشتی

خزینۂ علم و ادب لاہور

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

گنجینۂ وظائف و عملیات و مجرب تعویذات

وظائف و عملیات رحمانی

مؤلفہ

صوفی محمد اشفاق حسن خان صابری چشتی

ناشر

خزینہ علم و ادب الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

انتساب

بکمال عجز و انکساری اس تالیف کو خاندان طریقت کے رکن رکین عالی مرتبت عظیم المرتبت مرشد زادہ آفاق حضرت شاہ محمد صابر حسن صابری چشتی قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کی خدمت گرامی میں پیش کرتا ہوں جن کے فیوض روحانی کے زیر سایہ میں ان اوراق کو ترتیب دے سکا۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

کفش برادر

مؤلف

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

دیباچہ

عزیز گرامی صوفی محمد اشفاق حسن خاں صاحب صابری چشتی قادری خادم آستانہ فاروقیہ سیال کوٹ نے فن عملیات کی ایک ضخیم کتاب تالیف کرکے بغرض تصحیح و نظر ثانی میرے روبرو پیش کی میں نے اس کتاب کے قلمی اوراق کا بغور مطالعہ کیا اور خیال رکھا کر بر بناء بشریت اس عظیم الشان اور اہم فنی کتاب میں کہیں کوئی سقم نظر آیا تو اس کے درست کرکے ان کی حوصلہ افزائی کرونگا لیکن مجھے بے حد خوشی ہے کہ شروع سے آخر تک ان اوراق میں مجھے کوئی ایسی چیز نہ ملی کہ جس پر مجھے کتر بیونت کی ضرورت محسوس ہوتی۔ میں نے ان کے اعمال کو فنی حیثیت سے بھی جانچا جو بالکل صحیح ثابت ہوئے اس کتاب میں اکثر عملیات خاندان صابریہ عالیہ و قادریہ کے خاص الخاص اور مجرب اعمال ہیں۔ جن کو اب تک عاملین نے صرف وابستگان سلسلہ کیلئے ہی مخصوص کر رکھا تھا اور یہ خصوصیت میری نظر میں ہمیشہ کھٹکتی رہتی تھی۔ میں چاہتا تھا کہ بندگان خدا کے لیئے بزرگوں کے تمام عطیات بالکل عام کر دیئے جائیں۔ اس طرح عوام کی حاجت کا بھی اجر عظیم حاصل ہوگا۔ اور کلام الٰہی اور اس کے صحیح اثرات کی بھی تبلیغ و اشاعت کا موقع ملے گا میں ابھی یہ سوچ ہی رہا تھا کہ عزیز موصوف میری آرزو کی بہت بڑی حد تک تکمیل کر دی۔ عملیات کے سلسلے میں لکھی ہوئی

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کتابیں ہر قسم کی میرے مطالعہ میں رہتی ہیں اور مجھے اس فن سے بیحد دلچسپی ہے لیکن عام طور پر اس سلسلہ کی جو کتابیں بازار میں ملتی ہیں وہ یا تو اس قدر بلند ہوتی ہیں۔ کہ بجز عاملین کے عام مسلمان سمجھ بھی نہیں سکتے اور یہ ایسی معمولی اور ناکارہ غلط سلط ہوتی ہیں جن کو صرف وہی معمولی انسان لے لیتے ہیں۔ جو اس فن سے قطعی ناواقف ہوتے ہیں۔ اور وہ کسی کام کیلئے اس کا کوئی عمل پڑھتے ہیں تو نتیجہ میں ناکامی ہوتی ہے اس طرح ان کی جیب کی رقم بھی ضائع ہوتی ہے اور وقت بھی ان اضاعتوں پر ہی اگر بات ختم ہوتی تو بھی غنیمت ہوتا۔ لیکن اس کے علاوہ اس فن اعلا کو ایک بھاری نقصان یہ ہوتا ہے کہ عام انسان اس سے بدعقیدہ ہوتے چلے جاتے ہیں

ڈاکٹر محمد یوسف زاہدی

زیر بحث کتاب عزیز گرامی نے ان دونوں ضروریات کو سامنے رکھ کر لکھی ہے۔ اس میں فن عملیات کی تمام مبادیات کو یکجا کیا ہے کہ جن کے بغیر کوئی عمل کوئی نقش کارآمد نہیں ہوتا۔ اس امر کا خیال رکھا ہے کہ دونوں طبقے اعلیٰ اور ادنیٰ اپنی ضرورتوں کو اس سے بخوبی پورا کر سکیں۔

ماہرین فن کے لئے اعلیٰ اور مشکل عملیات مع شرائط زکوٰۃ کیفیت بر درج تواریخ سعد ونحس طریقۂ زکوٰۃ وغیرہ درج کیے ہیں۔ وہ اس سے کماحقہٗ فائدہ اٹھا سکیں عوام کیلئے نہایت سہل طریقہ آسان عملیات اور معمولی شرائط تحریر کی ہیں۔ تاکہ وہ آسانی سے اپنے مقاصد میں کامیاب ہو سکیں۔

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

عملیات شروع سے آخر تک سب معتبر اور مجرب ہیں۔ لیکن بعض عملیات اس میں نہایت نادر اور نایاب ہیں۔ مثلاً سورہ محمد شریف کا عمل جو مختلف حیثیتوں سے درج کیا گیا ہے۔ وہ خاندان صابریہ و قادریہ کے اکابرین کرام کا اکثر معمول رہا۔ دعائے عقد المحبت بھی اس کتاب میں زیر عنوان عملیات محبت تحریر کی ہے۔ یہ دعا خاص الخاص مستند و معتبر عملیات میں سے ہے اکثر بزرگان کرام نے بعید مشکل اور دشوار گذار حالات میں اس سے کام لیا ہے اور ہمیشہ اس کو مؤثر پایا ہے۔

ان اعمال کے علاوہ اور بھی چند عملیات اسی طرح نادر نایاب ہیں جو فاضل مولف نے کسی بخل کے بغیر نہایت فراخ دلی کے ساتھ درج کر دیئے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ عوام اور خواص دونوں طبقے اس مجموعہ گراں بہا سے کما حقہ محظوظ ہوں گے

محمد افضل حسن فاروقی صابری چشتی
سجادہ نشین آستانہ عالیہ
سیالکوٹ

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

شرائط عملیات

عاملین متقدین نے عملیات اور تعویذات کے سلسلہ میں چند ضروری شرطیں مقرر کی ہیں اور یہ تمام شرطیں عملیات تعویذات اور وظائف وغیرہ بحد ضروری ہیں۔ اس لیئے عاملین کو چاہیئے کہ فن کو جاننے کے لیئے ان شرائط پر عمل کرنا بحد ضروری خیال کریں تاکہ جو کام بھی جس مقصد کے لیئے کیا جائے اس میں کما حقہٗ کامیابی حاصل ہو کیونکہ جو کام قواعد و اصول اور ترتیب مجوزہ سے الگ ہو کر کیا جاتا ہے۔ وہ کامیاب نتائج کا حامل نہیں ہوتا۔ فرض کر لیجیئے کہ آپ حکیم یا ڈاکٹر ہیں اور آپ کے سامنے تپ ولرزہ میں مبتلا ایک مریض ہے۔ ایسے مریض کو اگر آپ آشوب چشم یا درد شکم کی کوئی مجرب المجرب دوا دیں تو اس کے اصل مرض تپ ولرزہ کو کیا پہنچے گا۔ اسی طرح آپ یہ بھی خیال فرمایئے کہ آپ نے مرض اس کا ٹھیک تشخیص کر لیا اور نسخہ بھی ٹھیک تپ ولرزہ کا تجویز کر دیا۔ لیکن نسخہ کی ادویہ مرتب کرنے میں عطار یا تیماردار سے ذرا سی غلطی ہو گئی تو وہ ساری کوشش جو آپ نے تشخیص مرض اور تجویز نسخہ میں کی تھی بیکار ثابت ہو گئی عام طور پر تو ایسی صورت میں یہ کہا جائے گا۔ کہ حکیم نے مرض تشخیص نہیں کیا یا نسخہ کی تجویز میں کوتاہی کی گئی

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اس لیئے مریض کو کوئی فائدہ ہوا حالانکہ سب کچھ غلط ہوگا۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ تیاری دوا میں کوئی ضروری شرط دواساز نے یا تیمار دار نے ترک کر دی جس سے دوا کی خاصیت میں فرق پیدا ہوگیا اور دوا نے یا تو مریض کو کوئی نقصان پہنچا دیا یا فائدہ نہ پہنچایا اور نہ نقصان بالکل اسی طرح عملیات میں بھی ہوتا ہے۔

اکثر دیکھا گیا ہے کہ ناواقف عاملین تعویذات لکھ کر دے دیتے ہیں یا کوئی عمل کسی کو پڑھنے کو بتا دیتے ہیں اور چونکہ وہ شرائط عملیات سے خود ناواقف ہوتے ہیں۔ اس لیئے از خود ان کا لحاظ رکھتے ہیں نہ ان شرائط سے عمل پڑھنے والے کو آگاہ کرتے ہیں۔ ایسے بے اصول کام کا نتیجہ سوائے ناکامی اور نامرادی کا منہ دیکھنا پڑا تو کلام الٰہی کا ابطلان شروع کیا کہ کلام الٰہی میں کوئی تاثیر نہیں رہی! افسوس ہے کہ ایسے ناسمجھ لوگوں پر جو اپنی غلطی کو محسوس نہیں کرتے اور خداوند تعالیٰ کے کلام کو جھٹلانے کے لیئے بار ہو جاتے ہیں۔

ان وجوہ کی بناء پر شرائط عملیات پر کافی طور سے نظر رکھنا ہر عامل کے لیئے ضروری چیز ہے۔

شرائط عملیات حسب ذیل ہیں

۱۔ عامل کے لیئے بے حد ضروری ہے کہ وہ دو باتوں کا نہایت شدت کے ساتھ

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

پابند ہو۔ ۱۔ اکل حلال ۲۔ صدق مقال

اکل حلال یہ ہے کہ عامل کا ذریعہ معاش جائز طریقہ پر ہو۔ بہتر تو یہ ہے کہ عامل متوکل یعنی اس کا کوئی ذریعہ معاش نہ ہو۔ وہ خداوند تعالیٰ پر بھروسہ کیے ہوئے گوشہ نشین ہو اور ہمہ وقت یاد الٰہی میں مصروف رہے۔ دنیاداری کے تمام علائق سے الگ ہو لیکن وہ طامع اور لالچی نہ ہو اور عملیات ہی کو اس نے اپنا ذریعہ معاش نہ بنالیا ہو۔ بلکہ خدا کی ذات پر اسے پورا پورا یقین ہو کہ وہی میرا کفیل ہے۔ اور عملیات صرف خدمت خلق کے نظریے سے اس کا شغل ہو اور اگر اتنا قانع اور اتنا صابر وشاکر نہ ہو تو کم سے کم وہ اس کا ضرور لحاظ رکھے کہ اس کے حلق سے جو لقمہ اترے وہ کسی نیک ذریعہ سے حاصل کیا ہوا ہو۔

۲۔ صدق مقال یہ کہ وہ نہایت شدت سے سچ بولنے کا عادی ہو اس پر کیسی ہی کوئی مصیبت اور مشکل آپڑے لیکن وہ اپنی سچائی سے کبھی منہ نہ موڑے۔ یہ دونوں شرائط عملیات کے سلسلہ میں پہلے مقام پر جاتی ہیں اور اس کا سبب یہ ہے کہ جو شخص نیک کمائی سے حاصل کیا ہوا کھانا کھاتا ہے۔ اس کا سارا جسم اور ہر عضو نیکی میں جذب ہو جاتا ہے اور وہ گناہ کی بدی کی طرف کبھی راغب نہیں ہوتا۔ اس کے دل دماغ میں اور اس کے خون کی ہر لہر میں نیکی اور نیکی آمیز خیالات پیوست ہوتے رہتے ہیں

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اور جب وہ پاک و مطہر ہو جاتا ہے تو پھر خدا تعالیٰ اس کی ہر غرض اور ہر درخواست بغور سماعت فرما کر اس کو خلعت کامیابی سے سرفراز فرماتا ہے۔ اور یہی سبب ہے کہ عاملین متقدین ان دونوں شرائط کے حامل تھے۔ اس لیئے ان کے زبان سے یا قلم سے نکلے ہوئے ہر فقرے اور ہر جملے کو کامیاب ہونے کا شرف حاصل ہوتا تھا

(۲) عامل کے لیئے بیحد ضروری ہے کہ اسلامی شریعت کا پابند ہو اور صوم و صلوٰۃ کا پابند ہو، حج و زکوٰۃ کی اگر قدرت رکھتا ہو تو بموجب حکم شریعت ان فرائض کو بھی ادا کرے۔ ظاہری شکل و صورت مکمل مسلمانوں کی طرح ہو کیونکہ غیر متشرع چہرے پر خدا تعالیٰ نظر نہیں ڈالتا داڑھی بموجب شریعت اسلامی منہ پر ہوا اور کپڑے کی ساخت بھی اسلامی رواج کے مطابق ہو دل میں ہر وقت خوف الٰہی ہو اور آنکھوں میں شرم و حیا زبان سے جو کلمہ نکلے وہ نیکی میں ڈوبا ہوا ہو۔ رحمدل ہو منصف مزاج ہو سخی مزاج ہو اپنی کمائی کا کچھ حصہ بندگان خدا کی حاجت براری میں صرف کرتا ہو ان کے یہ تمام خصائل خدا کو بے حد پسند ہیں اور ہر عامل کے لیئے خدائے تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنا بے حد ضروری ہے۔

(۳) عامل جب کوئی عمل پڑھے یا تعویذ لکھے اس وقت رجوع قلب کی ضرورت ہے یعنی وہ اپنے مقصد میں بالکل محو ہو اسکے دل اور دماغ

میں اپنا مقصد ہو اور اس کی کامیابی کا تصور اگر اس شرط میں ذرا سی بھی کمی ہو گی تو ناکامی اپنا غلبہ کیلئے بغیر نہیں مانے گی۔ میرا تجربہ ہے کہ ہر عمل کے لیئے یقین راسخ اور رجوع قلب اہم شرائط ہیں کہ ان کو کسی عنوان خارج از بحث نہیں کیا جاسکتا بلکہ میں تو یہ کہتا ہوں کہ دراصل قبول مقصد کے لیئے یہی دونوں چیزیں پورے طور پر ضامن ہیں۔ اگر عامل کے پاس ان کا فقدان ہے تو کامیابی کی امید موہوم ہو جاتی۔ لہذا عامل کو چاہیئے کہ وہ اپنے دھیان کو اپنے مقصد کی کامیابی میں اس وقت بالکل ہی جذب کردے ایسا کرنے سے اس کو یقینی کامیابی ہوگی۔

(۴) عامل کو چاہیئے کہ جلالی عملیات یا وظائف پڑھنے کے دوران میں ترک حیوانات کرے۔ یعنی گوشت انڈا مچھلی تیل اور بدبودار چیزیں ہرگز نہ کھائے۔ بعض عاملین کا طریقہ کسی قدر سخت ہوتا ہے۔ یعنی وہ ان ایام میں جبکہ کوئی جلالی وظیفہ یا عمل پڑھتے ہیں تو چمڑے کے بنے ہوئے ڈول سے بھرا ہوا پانی بھی استعمال نہیں کرتے یہ طریقہ ہے تو بجا احتیاط کا مگر مشکل بہت ہے تاہم عاملین کو مندرجہ بالا پرہیز تو ضرور کرنا چاہیئے

(۵) عملیات کو پڑھنے کے لیئے عامل کو وقت کا تعین اور جگہ کا مقرر بھی ضروری ہے۔ چاہیئے کہ پہلے دن جس جگہ بیٹھ کر اس نے وظیفہ پڑھنا شروع کیا ہے۔ آخر دن تک اسی مقام پر وظیفہ پڑھے اور اسی طرح

FREE ... BOOKS GROUP

جو وقت پہلے دن پڑھا ہے۔ آخر دن تک اسی وقت پڑھا کرے وقت کا اختلاف اور جگہ کا ردو بدل نقصان دہ ہے۔

(۹) حصار: عملیات کے باب میں حصار بھی ایک کارآمد اور نہایت ضروری ہے۔ حصار دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک دائمی دوسرا عارضی۔ دائمی حصار ہمیشہ کے لیئے کیا جاتا ہے۔ تاکہ عامل ہر قسم کی بلیات سے ہر وقت محفوظ رہے اس کے لیئے تعویذ استعمال کیا جاتا ہے۔ جو تعویذات کے بیان میں درج کیا جائے گا۔

عارضی حصار وقتی طور پر اپنی حفاظت کے لیئے کر لیا جاتا ہے۔ تاکہ عمل کے موکل اسے دوران عمل میں کوئی گزند نہ پہنچائیں اور وہ بے خوف ہو کر عمل پڑھتا رہے۔ حصار سے یہ فائدہ ہوتا ہے کہ موکل حصار جس جگہ کیئے ہوئے ہوتا ہے۔ اس کے اندر داخل نہیں ہو سکتا۔

اگر حصار نہ کیا جائے تو اکثر ایسا ہوا ہے کہ عامل کو موکلین ڈراونی شکلوں میں سامنے آکر ان کے دل میں خوف پیدا کرتے ہیں اور کمزور قلب عامل اس خوف سے متاثر ہو کر عمل کو ترک کر دیتے ہیں اور اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ عاملین کے قلب میں وہ خوف جاگزیں ہو جاتا ہے اور ان کا دماغ بے کار ہو جاتا ہے۔ اس واسطے حصار بے ضروری ہے۔

طریقہ حصار یہ ہے کہ عامل جس وقت کسی وظیفہ کو پڑھنے کے لیئے بیٹھے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

تو اس وقت سورہ فاتحہ ایک مرتبہ آیت الکرسی شریف تین مرتبہ اور قل شریف تینوں تین مرتبہ پڑھ کر اپنی انگلیوں پر دم کرے اور اپنی انگلیوں کے اشارے سے اپنے چاروں طرف ایک گول دائرہ بنا کر حصار کرے اس طرح کرنے سے وہ ہر طرح محفوظ ہو جائے گا۔

عامل کو چاہیئے کہ ہر عمل کے لیئے ساعتوں کا ضرور خیال رکھے۔ یعنی اگر محبت۔ تسخیر۔ ترقی روزگار اور کامرانی وغیرہ کے لیئے کوئی عمل پڑھے تو وہ عروج ماہ میں پڑھے اور اگر ہلاکی دشمن۔ عداوت، ایذا رسانی زبان بندی وغیرہ کے لیئے کوئی عمل پڑھنا مطلوب ہو تو وہ زوال ماہ یعنی اندھیری راتوں میں پڑھے۔ عروج ماہ پہلی تاریخ قمری مہینے سے شروع ہوتا ہے۔ اور زوال ماہ ۱۵ تاریخ سے

(۸) ہر عمل کی زکوٰۃ دینا بھی عامل کے لیئے فائدہ مند ہے۔ عامل جن عملیات کی زکوٰۃ دے دیتے ہیں۔ وہ عمل بہت مؤثر ہو جاتا ہے اور جب ان کی ضرورت پیش آتی ہے۔ وہ اس سے خاطر خواہ کام لے سکتے ہیں ہر عمل کی زکوٰۃ کے لیئے اس عمل کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔ کچھ ضروری نہیں ہے کہ تین روز میں ہی اتنی تعداد کو پورا کر لیا جائے۔ یہ عامل کی ہمت اور استعداد پر موقوف ہے چاہے وہ تین دن میں پوری زکوٰۃ ادا کر دے۔ ایک چلہ میں زکوٰۃ دے چکنے کے بعد اس عمل کو بلا ضرورت

FREE ALL NAAT BOOKS GROUP

بھی ہر روز کم سے کم ایک سو مرتبہ ضرور پڑھتا رہے اور جب ضرورت پیش آوے تو اس عمل کے اعداد بحساب ابجد نکال کر جتنے عدد نکلیں ۔ اتنی مرتبہ ایک وقت مقرر کر کے پڑھے ایسا عمل جلد از جلد کامیابی کی منزل تک پہونچا دیتا ہے ۔

(۹) عمل پڑھتے وقت عامل کو چاہیئے کہ وہ ہر قسم کی طہارت کا لحاظ رکھے باوضو ہو اور پاک و صاف جگہ ہو عملیات محبت تسخیر بلندی مرتبہ وغیرہ کے لیئے اگر عمل پڑھ رہا ہو تو بخورات اور عطریات کا استعمال کرے اور منہ میں کچھ شرینی کی قسم میں تھوڑی سی شے ڈال لے قبلہ رو ہو کر مؤدب طریقے سے عمل پڑھے اور اگر بلا کی دشمن کے لیئے کوئی عمل پڑھنا ہو تو منہ میں کوئی تلخ چیز ڈال لینی چاہیئے ۔

عامل کو ان شرائط کا پابند رہنا بے حد ضروری ہے ۔ کیونکہ متقدمین نے عملیات کے باب میں ان شرائط کو لازمی قرار دیا ہے ۔ ان شرائط کی پابندی کے بعد میرا ذاتی تجربہ ہے کہ کوئی عمل بے اثر ثابت نہیں ہوتا ہے ۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

رجال الغیب (مردانِ غیب)

حضرات رجال الغیب کا مسئلہ عملیات میں ایک بنیادی مسئلہ ہے
بعض لوگوں کی رائے ہے کہ ان کا تعلق عملیات سے کچھ نہیں بلکہ ان کے فرائض اور اثرات دوسرے طریقے پر کام آتے ہیں۔ مگر مجھے ایک بہت پرانی کتاب سے ان کے متعلق تحقیق ہوئی کہ ان کا تعلق عملیات سے بہت گہرا ہے۔ ہندی میں اس کو دساسول کہتے ہیں۔

رجال الغیب کون ہیں اور کس گروہ سے ان کا تعلق ہے ان کے کیا نام ہیں۔ ان کی تفصیل بہت طویل ہے۔ اگر اس بحث کو چھیڑا جائے۔ تو ایک اور کتاب مرتب کرنا پڑے گی۔ یہاں مختصراً اتنا لکھنا کافی ہوگا کہ رجال الغیب کا تعلق عملیات سے جزو لاینفک ہے۔ جس کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے۔

واضح ہو کہ عمل پڑھتے وقت رجال الغیب منہ کے سامنے نہ ہوں بلکہ پشت پر ہوں۔ جو لوگ عمل پڑھتے ہیں اور قانون رجال الغیب کو اپنی ناواقفیت کی بنا پر غیر ضروری چیز سمجھ کر ترک کر دیتے ہیں ان کے اکثر عمل ناکام رہتے ہیں۔ یہ حسن اتفاق ہوتا ہے۔ کہ ایسے عامل جو رجال الغیب کے قانون کو ترک کر کے عمل میں کامیاب ہو جائیں

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

اس کامیابی کا راز یہ ہے کہ عمل شروع کرتے وقت اتفاق ہی سے رجال الغیب ان کی پشت پر ہوتے ہیں۔ اور وہ اس عمل میں کامیاب ہوجاتے ہیں۔ لیکن جو لوگ قانون رجال الغیب کے پابند ہیں وہ ناکامی کا منہ کبھی نہیں دیکھتے۔

یہ کلیہ مسلہ ہے کہ ہر کام کے لیے ایک طریقہ ایک قانون و قاعدہ معین نے بنا رکھا ہے اور یہ قانون و طریقہ ان کی کوشش و محنت کا نتیجہ ہے جو کبھی غلط نہیں ہوتا۔ اگر اس کام کو ان کے بنائے اصولوں پر کیا جائے تو اس میں کبھی ناکامی نہ ہوگی۔ یہی طریقہ عملیات کا بھی ہے۔ کہ متقدمین نے شب و روز کی کوششوں کے بعد کچھ اصول مقرر کئے ہیں جن کا لحاظ رکھنا ہر عامل کو بیحد ضروری ہے۔ اگر عملیات با اصول طریقے سے کئے جائیں گے تو کبھی کوئی عمل ناکام نہ ہوگا۔

ہر عامل عمل پڑھتے وقت دیکھے کہ رجال الغیب اس وقت کہاں ہیں اس کا طریقہ یہ ہے کہ رجال الغیب کا تعلق چاند کی تاریخ سے ہوتا ہے۔ عامل چاند کی تاریخ معلوم کرے اس کے بعد ذیل کے نقشے میں دیکھے کہ یہ تاریخ کس مقام پر درج ہے جہاں یہ تاریخ درج ہوگی رجال الغیب وہیں ہونگے۔ جب یہ معلوم ہوجائے تو عامل پڑھتے وقت ایسے بیٹھے کہ رجال الغیب پشت پر ہوں سامنے نہ ہوں۔ مثلاً ذیل کے نقشے میں مغرب کی طرف ۱۴-۱۲-۱۹-۲۰-۲۷ کو رجال الغیب

FREE AMLIYAT BOOKS

توجب عامل ان تاریخوں میں عمل پڑھے تو مشرق کی طرف اپنا منہ کرکے بیٹھے۔ اس طرح رجال الغیب پشت پر آجائیں گے۔

اسی طرح مشرق میں ۷۔۱۴۔۲۱۔۲۹ کو رجال الغیب ہوتے ہیں جب ان تاریخوں میں عمل پڑھے تو اپنا منہ مغرب کی طرف کرلے اور یہ پابندی عمل شروع کرنے کے وقت ہی نہیں بلکہ روزانہ اس کی پابندی ضروری ہے۔

عامل کو چاہیئے۔ کہ وہ اس نقشہ کو روزانہ دیکھ لیا کرے اور اس کے مطابق بر روز اس کے خلاف اپنا رخ بدل لیا کرے تاکہ رجال الغیب بر روز عامل کی پشت پر ہوں۔ رجال الغیب کن کن تاریخوں میں کس کس طرف ہوتے ہیں اسکے لئے ذیل کا نقشہ ملاحظہ ہو۔



FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP

مہینوں کا نقشہ

تعویذ لکھنے اور عمل پڑھنے کے لئے ان نقشوں کا دیکھنا بے حد ضروری ہے یہ نقشہ آپ کو بروج و ستاروں کی چالیں اور مزاج اور سعد نحس کے اثرات بتائے گا آپ جب کوئی نقش لکھیں یا کوئی عمل شروع کریں تو پہلے نقش کو دیکھیں جس کام کیلئے عمل کرنا چاہتے ہیں وہ اسی ستارے کے وقت میں اپنا عمل شروع کریں۔

مثلاً آپ محبت کا عمل کر رہے ہیں۔ تو وہ ماہ ثابت میں شروع کیجئے۔

۲۲ مارچ سے ۲۱ اپریل تک	برج حمل	مزاج آتشی	منقلب	برائے دشمنی
۲۲ اپریل سے ۲۲ مئی تک	″ ثور	″ خاکی	ثابت	″ ترقی رزق
۲۳ مئی سے ۲۲ جون تک	″ جوزا	″ بادی	ذوجسدین	″ حب تسخیر
۲۳ جون سے ۲۲ جولائی تک	″ سرطان	″ آبی	منقلب	″ دشمنی
۲۳ جولائی سے ۲۲ اگست تک	″ اسد	″ آتشی	ثابت	″ ترقی
۲۳ اگست سے ۲۲ ستمبر تک	″ سنبلہ	″ خاکی	ذوجسدین	″ محبت
۲۳ ستمبر سے ۲۲ اکتوبر تک	″ میزان	″ بادی	منقلب	″ دشمنی
۲۴ اکتوبر سے ۲۲ نومبر تک	″ عقرب	″ آبی	ثابت	″ حب
۲۳ نومبر سے ۲۲ دسمبر تک	″ قوس	″ آتشی	ذوجسدین	″ ترقی
۲۳ دسمبر سے ۲۲ جنوری تک	″ جدی	″ خاکی	منقلب	″ عداوت
۲۳ جنوری سے ۲۳ فروری تک	″ دلو	″ بادی	ثابت	″ تسخیر
۲۳ فروری سے ۲۲ مارچ تک	″ حمل	″ آبی	ذوجسدین	″ ترقی

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP

نقشہ ہر مہینے کی نحس تاریخوں کا

عامل کو چاہیئے کہ پہلے اپنے مقصد کیلئے مہینوں کو تلاش کرے اسکے بعد سعد و نحس تاریخ کو دیکھے مثلاً محبت کا عمل شروع کیا اور مہینہ ذوجدین ہی میں کیا لیکن جس تاریخ سے عمل شروع کیا۔ وہ تاریخ نحس ہے تو پاتو وہ عمل کام نہیں کریگا۔ اگر کام کرے گا تو اس کے اثرات کم سے کم ہونگے یہی وجہ ہے کہ اکثر بندگانِ خدا ان ناکامیوں کی وجہ سے کلامِ الٰہی سے بددل ہو جاتے ہیں عاملین نے ہر عمل کی ترکیب اور اس کیلئے موزوں وقت اسی لئے مقرر کیئے ہیں۔ کہ کسی بندۂ خدا کو ناکامی کا منہ نہ دیکھنا پڑے۔ مندرجہ ذیل نقشہ میں ہر ماہ کی نحس تاریخوں کو واضح کیا گیا ہے ہر عمل کے وقت ان تواریخ کا ضرور خیال رکھنا چاہیئے۔ میرا تجربہ ہے کہ عملیات کے سلسلہ میں اگر ان تمام ہدایات کا لحاظ رکھا جائیگا تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

محرم	۱۶-۱۷-۱۸	رجب	۱-۲-۳
صفر	۱۳-۱۴-۱۵	شعبان	۸-۲۹-۳۰
ربیع الاول	۱۱-۱۲-۱۳	رمضان	۲۶-۲۷-۲۸
ربیع الثانی	۸-۹-۱۰	شوال	۲۳-۲۴-۲۵
جمادی الاول	۶-۷-۸	ذیقعد	۲۱-۲۲-۲۳
جمادی الثانی	۲۵-۲۶-۲۷	ذوالحجہ	۱۸-۱۹-۲۰

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

اپنایا اپنے دشمن یا دوست کا ستارہ دیکھنا

عامل جب عمل شروع کرے اور نقشوں سے مہینہ تا تاریخیں اپنے مقصد کیلئے دیکھ چکے تو اب یہ دیکھے کہ جس شخص کیلئے عمل کر رہا ہو اس کا آسان طریقہ یہ ہے۔ کہ اس شخص کا نام مع والدہ لکھ کر بحساب ابجد عدد نکالے اور ان اعداد کو بارہ پر تقسیم کرے جو عدد باقی بچیں ان کو مطابق نقشہ کے ستارہ معلوم کرے اور اگر اپنے واسطے عمل پڑھنا ہے مثلاً ترقی رزق یا ملازمت وغیرہ کیلئے تو بھی پہلے اپنا ستارہ معلوم کرے اور جو سمت ستارہ کی ہو اس طرف منہ کر کے عمل پڑھیں

تعلقات ماہ عربی از بروج

ماہ محرم	منسوب برج حمل	طابع آتشی	نر ہے
″ صفر	″ ″ ″ ثور	″ خاکی	مادہ ہے
″ ربیع الاول	″ ″ ″ جوزا	″ بادی	نر ہے۔
″ ربیع الثانی	″ ″ ″ سرطان	″ آبی	مادہ ہے
″ جمادی الاول	″ ″ ″ اسد	″ آتشی	نر ہے
″ جمادی الثانی	″ ″ ″ سنبلہ	″ خاکی	مادہ ہے
″ رجب	″ ″ ″ میزان	″ بادی	نر ہے
″ شعبان	″ ″ ″ عقرب	″ بادی	مادہ ہے
″ رمضان	منسوب بر برج عقرب	″ بادی	مادہ ہے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

ماہ شوال	منسوب بہ برج جدی	طالع خاکی	مادہ ہے
" ذیقعد	" " " دلو	" بادی	نر ہے
" ذی الحجہ	" حوت	" آبی	مادہ ہے

نوٹ۔ ہر شخص کا ان بارہ بروج میں سے کسی ایک برج سے تعلق ہوتا ہے جب آپ کو برج کا پتہ چل جائے تو آگے اس کی کیفیت معلوم کیجئے۔

کیفیت بروج

(۱) طالع حمل ہے تو آتشی مزاج ہے ایسا شخص بوقت عمل اپنا منہ بجانب مشرق رکھے جمعہ کے روز سے عمل شروع کرے یا نقش لکھے عمل پڑھتے وقت کچھ کوئلہ دہکا کر اپنے سامنے رکھے۔ ان پر لوبان ڈالتا جائے۔ اور اگر نقش لکھے تو آگ کے نیچے دفن کرے یا فلیتہ جلائے۔

(۲) طالع ثور اگر ہے۔ تو یہ خاکی ہے۔ اس کا عامل اپنا منہ جنوب کی جانب رکھے اور جمعہ کے روز عمل کرے۔ اور اس کا نقش زمین میں دفن کرے یا کسی بھاری پتھر کے نیچے دبائے۔

(۳) طالع جوزا ہے اس کا عامل اپنا منہ مغرب کی طرف کرے اور بدھ کے روز عمل کرے یہ طالع بادی ہے اس لئے اس کا نقش کسی اونچے درخت میں لٹکائے یا پتھر کے نیچے کسی اونچی جگہ پر دبا دے۔

(۴) طالع سرطان ہے یہ آبی ہے اس کا عمل کرنے والا اپنا منہ شمال کی طرف

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

رکھے۔ اور تعویذ و عمل بدھ کے روز سے شروع کرے اس کا نقش دریا یا کنویں میں ڈالے یا گھول کر پلائے۔ اور عمل کرتے وقت بھی دریا کے کنارے پر یا کنویں یا پانی سامنے رکھ کر کیا جائے۔

(۵) طالع اسد ہے تو یہ آتشی ہے۔ اس کا عمل اتوار سے شروع کریں اس کے عمل و نقش لکھتے وقت دریا کے کنارے یا صحرا میں ہوں۔ تو اچھا ہے ورنہ کسی بلند مقام پر بیٹھ کر عمل کرنا چاہیئے۔ اور آگ و لوبان ہونا بھی ضروری ہے۔

(۶) طالع سنبلہ ہے۔ تو یہ خاکی ہے۔ اس کا عمل اور تعویذ بدھ سے لکھیئے یا شروع کیجئے۔ اور اپنا منہ مشرق کے درمیان رکھیئے۔ اس کا نقش ہوا میں لٹکایئے یا زمین میں دفن کیجئے۔ اور لوبان و صندل سفید ملا کر جلاتے رہیئے۔

(۷) طالع میزان ہے یہ بادی ہے۔ اس کا عمل و تعویذ جمعہ کے روز شروع کیجئے اور بستر کے نیچے دبائے۔ اس کی خوشبو صندل اور لوبان ہے اپنا منہ جنوب اور شمال کے درمیان رکھیئے

(۸) اگر طالع عقرب ہے یہ آبی ہے۔ اس کا عمل اور تعویذ منگل کے روز کیجئے اس کا نقش کسی بلند جگہ پر رکھیئے۔ یا زیر قدم یعنی گزرگاہ میں دفن کیجئے۔ اور اپنا منہ مشرق کی طرف رکھے۔

(۹) طالع قوس ہے۔ یہ آتشی ہے۔ اس کا عمل و تعویذ جمعرات سے کریں اور تعویذ کو زیر زمین گرم میں دفن کرے۔

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP

(۱۰) طالع جدی ہے۔ یہ خاکی ہے اس کا عمل و تعویذ جمعہ سے کیجئے۔ اور نقش کو پتھر سے دبا رکھیئے عمل کرتے وقت اپنا رخ مغرب کی طرف رکھیئے۔ اور عطر نرگس کا استعمال رکھیئے۔

(۱۱) طالع دلو ہے یہ بادی ہے اس کا عمل اور تعویذ سنیچر کے روز کیا جائے نقش کو ہوا میں لٹکانا مفید ہے۔ زمین میں دفن بھی کر سکتے ہیں۔

(۱۲) طالع حوت ہے۔ یہ آبی ہے۔ اس کا عمل اور تعویذ جمعرات سے شروع کریں دریا یا کنوئیں میں ڈالیں۔ لیکن عمل کرتے وقت کسی پاک برتن میں اپنے سامنے پانی بھر کر رکھیئے۔

نقش پُر کرنے کی ترکیب

یہ نقش کسی ایک چال پر پُر کیا جاتا ہے جس طرح انسان چار خلطوں سے بنایا گیا ہے۔ اسی طرح چار قسم کے نقش بھی بھرے جاتے ہیں۔ آبی خاکی بادی آتشی ہر نقش کی چال جُدا گانہ ہوتی ہے۔ اور ترکیب استعمال بھی علیحدہ ہوتی ہے مثلاً آبی نقش کو دریا یا پانی کی جگہ دفن کیا جاتا ہے۔ آتشی کو گرم جگہ دفن کیا جاتا ہے یا چراغ میں جلایا جاتا ہے۔ بادی کو ہوا میں لٹکایا جاتا ہے۔

اب سمجھنا چاہیئے کہ مثلث نقش کس کو کہتے ہیں۔ اور مربع کس کو کہتے ہیں اور ان کے بھرنے کے کیا قاعدے ہیں۔ نقش مثلث نو خانوں میں بھرا جاتا ہے نقش مربع سولہ خانوں میں اب آپ نقش مثلث کی چاروں قسموں کو چالوں سے سمجھ لیجئے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

آتشی

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

خاکی

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

آبی

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

بادی

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

اب آپ کے سامنے مثلث نقش چاروں چالوں سے لکھے ہوئے موجود ہیں۔ انکے بھرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ آپ کو فلیتہ وغیرہ لکھنا ہے۔ تو آپ آتشی چال سے نقش شروع کریں گے۔ اور پہلے نمبر ایک کے خانے میں لکھیں گے۔ اسکے بعد دوسرے نمبر کے خانے میں لکھیں گے اسی طرح پورا نقش بھر لیں گے ورنہ اسکے نقش بھرا گیا اور چالوں کا خیال نہ رکھا گیا۔ تو نقش بیکار ہوگا۔ اور کام نہ دے گا۔ اگر آپ محبت کیلئے نقش بھرنا چاہتے ہیں۔ تو ساعت نقش میں بھر کر اسی ساعت میں چراغ روشن کیجئے۔ اور چراغ میں تیل خوشبودار ڈالیئے۔ اور نقش لکھتے وقت آپکی طبیعت میں کسی قسم کا غصہ یا الجھن نہ ہونا چاہیئے نقش بھرنے سے پہلے جس آیت پاک کا نقش بھرنا ہے۔ اس کے اعداد بحساب ابجد جمع کیجئے۔ پھر ان سب اعداد کو یکجا کر کے بارہ سے تفریق کیجئے تفریق شدہ اعداد کو تین پر تقسیم کیجئے پھر نقش کو بھر لیجئے۔ اس کے بعد جانچ لیں کہ آپ کا بھرا ہوا نقش چال میں صحیح ہے۔ اور جمع کرنے سے کل عدد

FREE ANLIYAT BOOKS GROUP

صحیح آ رہے ہیں یا نہیں۔ اس کی مثال اس طرح سمجھو کہ کسی آیت کے کل عدد اسّی ہیں۔ اور ناموں کے چالیس کل ایک سو بیس ہوئے۔ ان میں سے آٹھ گھٹانے پر ایک سو آٹھ رہ گئے اب ایک سو آٹھ کو تین پر تقسیم کیجئے۔ حاصل جواب چھتیس آیا تو آپ نقش کو اس طرح پر لکھیں۔

۴۱	۳۶	۴۳
۴۲	۴۰	۳۸
۳۷	۴۴	۳۹

اب یہ مثلث نقش مکمل ہو گیا اس کو کام میں لا یئے۔ بہترین اور صحیح کام کرے گا۔ اسی طرح جس کام کیلئے آپ نقش لکھیں اور جو ستارے کی چال ہو۔ اسی چال پر نقش بھریں۔ یہ نہیں کہ ستارے کی چال کچھ ہو۔ اور نقش کی چال کچھ اور اسی لئے آجکل کے نقش عموماً کام نہیں دیتے۔ دوسری بات یہ ہے۔ کہ جس آیت کا آپ نقش بھر رہے ہیں۔ اس کے آپ عامل بھی ہوں۔ نقش اور عمل کی زکوٰۃ ادا کر چکے ہوں۔ اگر یہ عمل کے اعمال کام دینے لگیں۔ تو دنیا تباہ و برباد ہو جائے کیونکہ آپ کسی سے لڑ پڑے اور آپ نے قلم دوات اٹھایا اور دشمن کی تباہی کیلئے نقش لکھ دیا۔ اور وہ تباہ ہو گیا۔ اسی لئے قدرت نے اس کا انتظام فرما دیا ہے۔ کہ ہر عمل با محنت سخت اور بہت دشواریوں کے بعد حاصل ہو۔ جیسا سخت عمل ہوتا ہے ویسی ہی مشکلیں بھی ہوتی ہیں۔ تو کہنے کا مقصد یہ ہے کہ پہلے اس آیت کی زکوٰۃ ادا کیجئے پھر اس سے کام لیجئے۔ دیکھئے تو پھر کیسے کامیابی نہیں ہوتی۔ بزرگوں کے مرتب کئے ہوئے قاعدوں کے خلاف جب بھی آپ چلیں گے۔ یا تو خود نقصان اٹھائیں گے یا محنت بیکار جائیگی۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

اسی طرح مربع بھرنے کی ترکیب ہے جس چیز کا نقش بنانا ہو۔ پہلے اس کے عدد نکالیں پھر مجموعہ میں سے ۳۰ کم کریں پھر بقیہ کو چار پہ تقسیم کریں۔ اور خارج قسمت سے پہلا خانہ بھرنا شروع کریں۔ آخر تک تدریج بھرتے جائیں اگر ایک باقی بچے تو تیرھویں خانہ میں ایک عدد بڑھائیں۔ اگر دو بچیں تو نویں خانے میں ایک عدد بڑھائیں اور اگر تین باقی بچیں تو پانچویں خانے میں ایک بڑھائیں۔ اگر نقش ہر سمت سے مجموعہ اعداد کے موافق ہو۔ تو صحیح ہے ورنہ غلط ہے۔

دُعا مانگنے کا طریقہ

قرآن پاک میں صاف الفاظ میں ارشاد ہے کہ جب کوئی حالت اضطرار میں مضطر اور بیقرار ہو کر دعا کرتا ہے میں اسے قبول کرتا ہوں حدیث شریف میں ہے کہ جب کوئی شخص دعا مانگتے ہوئے رو پڑتا ہے اور اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں تو دریائے رحمت جوش میں آجاتا ہے اور خدائے قدوس فرماتا ہے کہ مجھے شرم آتی ہے کہ رونے والی آنکھ اور پھیلا ہوا ہاتھ میرے دربار سے خالی جائے۔ لیکن ہم ہر وقت دعا کرتے ہیں عمل پڑھتے ہیں نقوش لکھتے ہیں۔ مگر ان تمام صورتوں میں اثر نہیں ہوتا۔ دعا قبول نہیں ہوتی۔ ہمارا عمل کامیاب نہیں ہوتا۔ ہمارا تعویذ اثر نہیں کرتا ہم مایوس ہو کر دعا، عمل اور تعویذ سے بے عقیدہ ہو جاتے ہیں۔ خدا کے کلام سے بدگمانی کرنے لگتے ہیں۔ حالانکہ غلطی خود ہماری تھی۔

دعا کرنے کے وقت ہم سے اگلے بزرگوں کا فکر ہم سے پہلے عام انسانوں کا

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP

جو طریقہ تھا۔ وہ ہم بھلا چکے ہیں۔ ہم نے احادیث نبوی کی ہدایات کو بھی بھلا دیا ہے اور فرمان خداوندی کو بھی ہم دعا کرتے ہیں لیکن طریقے کے ساتھ نہیں دعا کرتے وقت اور عمل پڑھتے وقت ہماری حالت میں اضطرار نہیں ہوتا جو خدائے قدوس کو پسند ہے ہماری آنکھ میں آنسو نہیں ہوتا۔ ہمارے دل میں یقین کامل نہیں ہوتا۔ یہی اسباب ہیں جنکی وجہ سے ہماری تمام دعائیں اور اعمال بے اثر ہوتے ہیں۔

ہر طالب دعا کو چاہیئے۔ کہ دراقدس جب کوئی التجا لیکر جائے تو اسکی حالت میں اضطرار ہو آنکھ میں آنسو اور دل میں تڑپ ہو۔ اور وہ اپنے خدا پر اس قدر ناز کرے جتنا کہ اپنے ماں باپ پر کرتا ہے۔ وہ عجز کے دامن اقدس سے لپٹ جائے مچل جائے۔ اور دل میں یقین کامل رکھے کہ اپنی مراد وحاجت اور ضرورت کو کامیاب بنائے بغیر نہیں جاؤنگا۔ والدین اپنی اولاد کی ہر خواہش پوری کرنے میں دریغ نہیں کرتے بشرطیکہ اولاد اپنی خواہشات کے اظہار کے وقت خوشامد و عاجزی کا پورا نمونہ بنی ہوں۔ اور خدا جو کہ ارحم الراحمین ہے جو ماں باپ سے ستر حصے زیادہ شفیق و مہربان ہے جس کے قبضۂ قدرت میں کائنات عالم کی ہر شے ہے وہ اپنے بندے کی جائز خواہشات کو کیسے پورا نہیں فرمائے گا۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ ہم سے مانگنا بھی نہیں آتا ہم آج بھی مانگنے کے اصول وطریقہ سامنے رکھکر مانگیں۔ تو آج بھی سب کچھ مل سکتا ہے۔ اور ہماری دعائیں قبول ہو سکتی ہیں۔

حضرت سیدنا آدم علیہ السلام اپنی فروگذاشت کی شرمندگی میں تین سو برس تک

FREE [illegible] BOOK [illegible] GROUP

روتے رہے خدائے تعالیٰ سے عفوِ گناہ کے طالب رہے۔ مگر دعا قبول نہ ہوئی معافی نہ ملی آخر کار خدائے پاک نے خود ہی تو بہ اور قبولیت دعا کا طریقہ ارشاد فرمایا تب دعا قبول ہوئی۔ دعا کے طریقہ حدیث حضور علیہ السلام نے بہایت تفصیل کے ساتھ موجود ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے کہ یقین کامل اور حالت اضطرار میں غرق ہو کر خدا سے اس طرح لپٹ جاؤ جس طرح بچے اپنے ماں باپ سے لپٹ جاتے ہیں پھر دیکھو کتنی جلد دعا قبول ہوتی ہے۔

بسم اللہ شریف کے فوائد

بسم اللہ شریف کے فوائد لاتعداد ہیں انسان کی مجال نہیں۔ کہ اسکے تمام کمال و فوائد بیان کر سکے بعض محققین نے اس کے فوائد بیان کرتے ہوئے ایک مستقل دیت قلم بندکی ہے جس سے اس کی عظمت و بزرگی کا تھوڑا اظہار ہوتا ہے۔

مروی ہے کہ اوّل شے حضرت آدم علیہ السلام پر جو نازل ہوئی وہ بسم اللہ شریف ہی تھی وہ اسے ہی تلاوت کرتے تھے جس کی وجہ سے انکا گناہ بخش دیا گیا اس کے بعد بسم اللہ شریف کو اٹھا لیا گیا۔

اس کے بعد حضرت نوح علیہ السلام پر نازل ہوئی چنانچہ جس وقت حضرت نوح علیہ السلام سفینے پر تھے۔ تو بسم اللہ شریف ہی کی تلاوت کرتے تھے۔ اس کی برکت سے انکی کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہر گئی تھی۔ اسکے بعد بسم اللہ شریف اٹھالی گئی۔

بعد ازاں حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل ہوئی جس کی برکت سے آگ گلزار بن گئی بسم اللہ شریف کو پھر اٹھا لیا گیا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

اسکے علاوہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل کی گئی جس کی برکت سے انہوں نے فرعون کے لشکر پر غلبہ پایا اور دریائے نیل میں راستہ بنایا۔ بسم اللہ شریف کو اٹھا لیا گیا۔

پھر حضرت سلیمان علیہ السلام پر نازل کی گئی جس کی تاثیر سے تمام جن و انس و حوش و طیور کو ان کے طابع فرمان بنایا۔ وہ جس وقت جس چیز پر بسم اللہ شریف پڑھ کر پھونک دیتے تھے وہ ان کی تابع دار ہو جاتی تھی بعد ازاں بسم اللہ شریف کو پھر اٹھا لیا گیا۔ اس کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل کی جس کی برکت سے وہ مردے تک زندہ کر دیتے تھے۔ مگر اب پھر اٹھا لی گئی۔

آخر میں ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر نازل کی گئی اور اس کی برکت سے اسلام کو فتح حاصل ہوئی۔

ان روایات سے بسم اللہ شریف کی بزرگی اور عظمت نمایاں ہے اسلئے اس کا ورد خدائے قدوس کے فضل سے کبھی ناکام نہیں رہ سکتا میرا عقیدہ ہے کہ بندۂ مومن جس شے پر بسم اللہ شریف پڑھے گا اس میں برکت ہوگی جس مطلب کیلئے پڑھے گا وہ بر آئے گا۔ ذیل میں بسم اللہ شریف کے خواص برائے افادہ خلائق درج ہیں

۱۔ جو انسان سوتے وقت ۲۱ مرتبہ بسم اللہ شریف کو پڑھے گا۔ تو حق سبحانہ تعالیٰ اس رات شیطان اور ہر بلا سے محفوظ رکھے گا۔

۲۔ اگر کسی ظالم کے روبرو پچاس مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر جائے تو وہ عاجز ہو کر نیک سلوک کرے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

۳۔ اگر ایک کوزۂ آب پر سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھی جائے تو دم کر کے محب اور محبوب دونوں پی لیں۔ تو محبت بے انتہا ہو اگر یہی پانی کسی کند ذہن کو پلا دیا جائے۔ تو اس کا حافظہ قوی ہو گا۔ سات روز ایسا ہی کرے خدا نے چاہا تو ایسا حافظہ ہو جائے گا جو سنے گا وہ یاد رکھے گا۔

۴۔ اگر بسم اللہ شریف ۶۱ بار لکھی جائے اور جس عورت کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو وہ عورت اس پرچہ کو تعویذ بطور رکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی اولاد زندہ رہے گی

۵۔ اگر کسی کو کوئی حاجت ہو۔ تو بارہ ہزار مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھے ہر ہزار مرتبہ پڑھنے کے بعد دو رکعت نفل ادا کرے اور صلوٰۃ اور درود دل کو نبی کریم صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم پر پہنچا دے کرے اور حق تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بطفیل رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم حاجت فوراً پوری ہو جائے گی۔

عملیات قضائے حاجات

عملِ تسخیرِ قلوب

اگر کسی کے پاس کوئی پیام بھیجنا ہو مگر تشویش ہے کہ وہ شخص قبول کرے گا یا نہیں مثلاً بیاہ شادی کا پیام دینا ہے۔ یا ملازمت کے واسطے کسی افسر سے ملنا ہے یا کسی ناراض آدمی کو راضی کرنا ہے۔ تو جمعرات کے دن روزہ رکھے اور چھوارے یا کشمکش سے روزہ افطار کرے کے بعد نماز ایک سو اکتالیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

پڑھے پھر جب بعد نماز عشا سونے کو لیٹے تو بے تعداد مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتا رہے۔ یہاں تک کہ نیند آجائے پھر صبح کو جمعہ کا دن ہوگا بعد نماز فجر ایک اکیس مرتبہ بسم اللہ شریف کو پڑھ کر پھر بسم اللہ شریف حروف مقطعات میں لکھے یعنی ب۔س۔م۔ا۔ل۔ل۔ہ۔ا۔ل۔ر۔ح۔م۔ن۔ا۔ل۔ر۔ح۔ی۔م اور اس کاغذ کو اپنی ٹوپی یا پگڑی میں رکھ کر اس شخص کے پاس جائے۔ اور اپنا مطلب بیان کرے خدانے چاہا تو وہ شخص انکار نہ کریگا۔ اور آپ کو خاطر خواہ کامیابی ہوگی۔ مجرب عمل ہے

اسم اعظم برائے قضائے حاجات

بعض محققین کا فیصلہ ہے کہ اللہ جل جلالہٗ کے ننانوے ناموں میں سے یک نام اسم اعظم ہے۔ لیکن ان میں کون سا نام اسم اعظم ہے اس کا متفقہ فیصلہ نہیں بعضوں کے نزدیک اسم مبارک اللہ اسم اعظم ہے بعض کے نزدیک دوسرے اسماء مبارک ہیں اکثر محققین نے یاحیُّ یا قیوم کو اسم اعظم مانا ہے۔ اور اس اسم پاک کو میں بھی اسم اعظم مانتا ہوں۔ کیونکہ مجھے یہ اسم پاک ایک بافیض بزرگ نے تعلیم فرمایا تھا۔ اور میں نے اس میں خاطر خواہ اثرات دیکھے ہیں۔ رفاہ عام کے لئے درج کرتا ہوں۔ جب کوئی شخص کسی مصیبت میں گرفتار ہو تو اسم پاک یاحی یاقیوم روزانہ ایک مرتبہ ایک کاغذ پر لکھا کرے اس طریقہ پر کہ ہر اسم جدا کر لیا جائے یعنی درمیان میں فاصلہ دے کر لکھے اور زعفران سے لکھا کرے اگر زعفران دستیاب نہ ہو تو ہلدی پیس کر اس کی روشنائی بنائے اور با وضو لکھے۔ اور لکھتے وقت خوشبودار

FREE MUJAHIDEEN BOOKS GROUP

بخور کیا کرے اور جب سو مرتبہ لکھ لیا کرے تو پھر ہر نام کو جدا جدا کرکے آٹے میں لپیٹ کر دریا یا تالاب میں ڈال دے اگر کسی جگہ دریا یا تالاب میں ڈالنا ممکن نہ ہو یعنی دریا یا تالاب نہ ہو تو جنگل میں جا کر زمین میں دفن کر دیا کرے۔ خدا کے حکم سے بچیس دن میں وہ مصیبت ختم ہو جائے گی۔ اکثر تجربہ کیا گیا ہے۔ اور بالکل صحیح پایا ہے۔ حضور نے پاک غیب سے امداد فرماتا ہے۔ کوئی خاص وقت لکھنے کا نہیں ہے اگر کسی مجبوری سے کسی دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن دو سو مرتبہ لکھ سکتے ہیں

یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ

مقدس روزہ برائے ہر مراد

یہ مقدس روزہ بجید سریع الاثر اور مجرب عمل ہے ترکیب اس کی یہ ہے کہ جب آپ کی کوئی مراد ایسی ہو جو آپ کی کوشش سے پوری نہ ہو رہی ہو۔ اور آپ اس کی وجہ سے پریشان ہوں۔ تو اس وقت اعتقاد کے ساتھ یہ روزہ رکھئے اور شروع تاریخ چاند میں اتوار کے دن رات کو سحری کھائیے۔ اور پیر کو روزہ رکھئے لیکن شرط یہ ہے۔ کہ اتوار کے دن رات کے دو بجے سے اپنے گھر کا اور اپنی کمائی کا خرید کیا ہوا کوئی کھانا پینا نہ کریں بلکہ ایسے گھر کا کھائیں جہاں اس سے پہلے آپ نے کبھی کوئی شے نہ کھائی ہو کبھی اس کا پانی نہ پیا ہو۔ سگریٹ پان کھایا ہو۔ چائے پی ہو نہ کھانا کھایا ہو۔ وضو میں اور پینے میں اور ہر کام میں وہ پانی صرف کرو جس کنوئیں میں دریا یا چشمہ کا پانی اس سے قبل نہ استعمال کیا ہو۔ بس اس روزے میں یہی شرط ہے۔

FREE ANLIYAAT BOOKS GROUP

اتوار کے دن رات کے دو بجے سے یہ پابندی شروع کی جائیگی اور پیر کے دن رات کے دو بجے تک یہ پابندی رہے گی۔ ہر شے جو حلال ہے آپ کھا سکتے ہیں۔ اس شرط کے لئے یہ انتظام کرنا چاہیئے۔ کہ ایک مشکیا پانی ایسے کوئیں دریا یا چشمہ کا منگائیں یا خود لے آئیں جس کا پانی اس سے پہلے استعمال نہ کیا ہو۔ اسی پانی کو پئیں اسی سے وضو کریں۔ اگر ضرورت ہو تو غسل کریں۔ اور کسی سے کہدیں۔ کہ وہ رات کو آپ کا کھانا مہیا کر دے۔ اور پیر کے دن افطار کا سامان اور کھانے کا انتظام کر دے اتوار کی رات میں سحری کھائیں۔ اب پیر کی روزہ ہے شام کو غیر جگہ کے کھانے سے روزہ کا افطار کریں۔ اور رات کو دو بجے تک جس شے کی ضرورت پڑے وہی دوسری جگہ کی آئی ہوئی شے کھائیں پئیں۔ رات کے دو بجے کے بعد اپنے گھر کا کھانا شروع کر دیں۔

اتوار کی رات میں جب روزہ کی نیت کریں۔ تو اسطرح کریں۔ کہ یا اللہ یہ روزہ میں اپنی مراد پوری ہونے کیلئے رکھ رہا ہوں۔ اس روزے کے طفیل میں میری مراد پوری کر دے۔ جب پیر کے دن شام کو روزہ افطار کریں۔ تو یہی دعا کریں۔ کہ الٰہی اس روزہ کو قبول فرما اور میری فلاں مراد پوری کر دے انشاءاللہ تعالےٰ اس روزہ کی برکت سے مراد پوری ہوگی۔ لیکن کوئی ایسی مراد پیش نہ کریں جس کا استحقاق آپ کو نہ ہو۔ یا خلاف شرع ہو یہ روزہ نہایت مجرب ہے اور بہت سے اصحاب نے اس کے طفیل اپنی مرادیں پائی ہیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

نمازِ قضائے حاجات

یہ نمازِ قضائے حاجت سخت سے سخت مشکل میں اکسیر ہے میری بار ہا کی مجرب ہے جب کوئی پریشانی لاحق ہوتی ہے۔ تو میں اس کو پڑھتا ہوں خدا تعالےٰ فوراً اپنا فضل و کرم فرماتا ہے۔

جب کبھی آپ کو کوئی پریشانی جائز طور پر پیش آجائے۔ تو آپ بھی اس نماز کو پڑھ کر اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کریں۔ ترکیب اس یہ ہے کہ عروج ماہ میں کسی دن مبارک و نیک ساعت میں دو رکعت نماز قضائے حاجت کی نیت سے اس طرح باندھو کہ نیت کرتا ہوں میں دو رکعت نماز قضائے حاجت اللہ تعالےٰ کے واسطے پھر اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ہر رکعت میں بعد الحمد کے گیارہ مرتبہ قل ہو اللہ شریف بعد سلام ان نفلوں کا ثواب روح مقدس علیہ السلام پہنچا کر کھڑے ہو جاؤ۔ اپنا منہ شمال کی طرف کرو یعنی جب آپ قبلہ رو کھڑے ہوں تو سیدھے ہاتھ کی طرف شمال ہوگا شمال کی طرف کھڑے ہو کر ایک قدم اٹھاؤ اور خدا کی بارگاہ میں دعا کرو۔ کہ الٰہی حضرت غوث پاک رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے طفیل سے میری حاجت پوری فرما۔ جو حاجت آپ کی ہو اسے بیان کرو۔ اسی طرح گیارہ قدم چلو ہر قدم پر اپنے مقصد کی دعا کرتے جاؤ۔ خدا نے چاہا ہے تو آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہونگے خلاف شرع مقصد ہرگز نہ ہو۔ ورنہ بے اثر ثابت ہوگا۔

FREE AHLUHAAT BOOKS GROUP

عمل پاک برائے قضائے حاجات

یہ عمل پاک شروع چاند کی پہلی جمعرات سے شروع کیا جاتا ہے ہر مصیبت کو اندرون معیار خدا دور فرماتا ہے۔ بیحد مجرب اور پر تاثیر ہے۔

اس عمل پاک کے پڑھنے کا وقت وہ ہے جب رات کے دو حصے گزر جائیں یعنی تمام رات کے تین حصے کرو دو حصے گزرنے پر جب ایک حصہ باقی رہ جائے تو اس عمل کو کرو۔ آسانی کے واسطے اس وقت پڑھو جب نماز صبح میں دو گھنٹے باقی ہوں پہلے وضو کرو اور سر ننگا کرکے آسمان کے نیچے قبلہ رخ کھڑے ہو جاؤ پاؤں بھی برہنہ ہوں۔ لباس فقیرانہ ہو یعنی اپنی صورت بالکل فقیروں کی طرح ہو جو صاحب کامل دو گھنٹے باادب کھڑے ہو سکیں وہی اس عمل کو کریں کھڑے ہو کر پہلے ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھو پھر سورہ انعام کی یہ آیت ھل اوتی رسل اللہ جب یہاں تک پہونچیں تو اپنی مراد سے پہلے خوب دعا کریں۔ اور گریہ وبکا کریں۔ اور یہ اعتقاد رکھیں کہ میں پروردگار کے سامنے اپنے عرض معروض کر رہا ہوں۔ دعا مانگ کر پھر اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ پڑھیں بس اسی قدر آیت شریف پڑھنا ہے۔ یہ ایک مرتبہ ہوا اسی طرح ایک سو ایک مرتبہ یہ آیت شریف پڑھیں یعنی دونوں اسم اللہ ہی کے درمیان میں اپنے مقصد کی دعا کریں۔ دعا میں ذرا مبالغہ کریں۔ یعنی خوب رو رو کر دعا کریں۔ بعد کو ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں

FREE AULIYA BOOKS GROUP

بس ایک دن کا عمل ختم ہوا۔ اسی طرح اکیس دن یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناممکن ممکن ہو جائے گا۔ کوئی پرہیز اس میں نہیں ہے۔ بعد نماز ختم صبح کریں۔ کوشش کرو اور اپنے پاؤں کو تکلیف دو محنت کے بعد ہی راحت ملتی ہے یہ مسلمہ ہے۔

عمل برائے دفع مصیبت

جب کسی کو کوئی شدید مصیبت پیش آئے۔ وہ دنیاوی کوششوں سے ٹالی نہ جائے۔ تو اس وقت پروردگار عالم پہ بھروسہ کرکے اس عمل مبارک کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بحکم خدا وہ مصیبت ٹل جائے گی۔ اس عمل متبرک کا ذکر ترمذی شریف میں منقول ہے۔ کہ ایک شخص کو حضورؐ نے اسم اعظم یا ذا الجلال والاکرام پڑھتے ہوئے سنا تو آپ نے فرمایا قبولیت اور رحمت خداوندی تیری منتظر ہے۔ اب جو دل چاہے خدا سے مانگ۔

ایک اور حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص دل سے یہ اسم پڑھتا ہے تو ایک مخصوص فرشتہ آواز دیتا ہے۔ کہ اے پڑھنے والے خدا پاک تیری طرف رحمت کی نظر سے دیکھ رہا ہے۔ اب جو دل چاہے مانگ لے۔

یہ اسم اعظم بہت سے بزرگوں سے منقول ہے نہایت زود اثر ہے اسکی ترکیب یہ ہے۔ کہ رات کے آخری حصے میں ننگے سر آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر باوضو صدق دل سے ایک سو ایک مرتبہ یہ اسم اعظم پڑھو۔ اول آخر تین مرتبہ درود شریف

FREE AMILIYAAT BOOKS GROUP

صرف سات دن عمل کو کرو۔ بحکم خدا کتنی ہی سخت مصیبت ہو گی ٹل جائے گی۔

عمل برائے قضائے حاجات

حدیث شریف میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ جنگ بدر میں کفارِ مکہ سے میں مقابلہ کر رہا تھا۔ مجھے خیال آیا کہ حضور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حالت معلوم کروں۔ کہ آپ کس حال میں ہیں۔ اور کہاں تشریف فرما ہیں میں نے آپ کو تلاش کیا۔ تو میں نے دیکھا۔ کہ آپ سجدے میں ہیں۔ اور یہ دعا پڑھ رہے ہیں وہاں سے میں خاموش چلا آیا۔ اور کافروں سے لڑنے لگا پھر مجھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا خیال آیا۔ میں پھر گیا۔ تو دیکھا کہ آپ بدستور سجدے کی حالت میں وہی دعا پڑھ رہے ہیں۔ تھوڑی دیر میں ہی خدائے تعالیٰ عزوجل نے فتح مبین عطا کر دی۔

غزوۂ بدر میں مسلمانوں کی تعداد صرف تین سو تیرہ (۳۱۳) تھی کفارِ مکہ کی تعداد ایک ہزار سے کچھ زیادہ تھی۔ علاوہ ازیں کفارِ مکہ سامانِ جنگ کثیر تعداد میں لے کر آئے تھے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لشکر میں کوئی سامان نہیں تھا۔ یعنی لشکرِ اسلام لشکرِ کفار کے مقابلہ میں کسی حیثیت سے اس قابل نہ تھا کہ اسلام کو فتح ہوتی۔

بدر میں فتح یابی اسلام کا ایک شاندار معجزہ تھا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس دعا کی برکت تھی۔ اب بھی اگر کوئی شخص خطرہ میں مبتلا ہو۔ تو بموجب حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سجدے میں سر رکھ کر اس دعا کو پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

اس خطرے اور مصیبت سے نجات حاصل کر سکتا ہے۔

حدیث شریف میں کوئی تعداد یا مدت کی تصریح نہیں ہے۔ مگر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ارشاد کے مطابق آپ نے دو مرتبہ حضور اکرم کو سجدے میں سر رکھے ہوئے پڑھتے ہوئے اس دعا کو پایا جس سے قیاس کیا جاتا ہے۔ کہ کافی دیر تک حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سجدے میں سر رکھے پڑھتے دیکھا۔ اس لئے کوئی تعداد مقرر کرنا اور وقت کا تعین کرنا مشکل ہے۔ مگر قوانین عملیات پر عمل کرتے ہوئے کہتا ہوں کہ کم از کم سو مرتبہ یہ دعا سجدے میں سر رکھ کر روزانہ پڑھنا چاہیئے۔ کوئی خاص وقت مقرر نہیں ہے۔ مگر بعد نماز عشا یا قبل یہ دعا پڑھنی چاہیئے۔ کوئی پرہیز اس میں نہیں ہے اگر کوئی صاحب کسی مصیبت میں گرفتار ہیں مثلاً مقدمہ ہے قرضدار ہیں تنگی معاش ہے تو کوئی وقت مقرر کر کے باوضو سجدے میں سر رکھ کر سو مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔ اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف کے۔

بعد ختم سجدہ سے سر اٹھا کر اپنے مقصد میں کامیابی کے لئے دعا کریں بحکم خدا کامیابی ہو گی۔ کم از کم سات دن یہ عمل ضرور کریں دعائے معظم یہ ہے۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ شَانِيْ كُلَّهٗ
وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ ۝

ترقی روزگار کے لئے مجرب عمل

قرآن پاک میں نواں پارہ اس آیت پر ختم ہوا ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

إِنَّ اللّٰهَ مَوْلٰكُمْ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْر

اس پاک آیت کو قرآن مجید کے نویں پارہ کے ختم پر دیکھ کر خوب یاد کر لیجئے پھر اس آیت پاک کے بعد یہ عبارت زیادہ کریں۔

بَلْ اَنْتَ مَوْلَائِیْ وَ اَنَا الْفَقِیْرُ

اب اس آیت پاک کو مع اس عبارت کے یاد کر لو یہ عمل مبارک پورا ہوا اب ترکیب اس کی یہ ہے کہ دن رات میں جو فرصت کا وقت ہو مقرر کریں۔ مگر جو وقت مقرر کریں روزانہ اسی وقت پڑھا کریں۔ دس پانچ منٹ کی دیر یا جلدی سے کوئی نقصان نہیں ہے۔ اس عمل میں کوئی پرہیز کرنا ضروری نہیں۔ عمل کے آخر و اول میں تین تین مرتبہ درود شریف پڑھا کریں درود شریف کے ختم پر یہ دعا کریں کہ الٰہی اپنے کلام پاک کے صدقہ میں میرے روزگار میں غیب سے ترقی فرما صرف اکیس دن کا عمل ہے۔ اگر فائدہ دیکھیں اور زیادہ ترقی چاہیں۔ تو چالیس دن پورے یہ عمل کریں۔ بحکم خدا اس عمل سے روزی روزگار میں ترقی ہوگی۔ یہ عمل ترقی روزگار کیلئے تو خاص ہے مگر دوسرے مقاصد کے واسطے عمل کے آخر میں دعا کریں۔ اور شروع دن سے آخر دن تک اس کی ہی نیت ہو۔ مثلاً ملازمت کے واسطے ادائیگی قرض کے واسطے مقدمہ میں کامیابی کے واسطے بشرطیکہ مقدمہ میں آپ کی طرف حق ہو۔ بیاہ شادی کیلئے بھی یہ عمل کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ جائز صورت ہو۔

FREE ADHYAAT BOOKS GROUP

کشائش رزق کیلئے نادر عمل

حدیث نبوی میں اس نادر عمل کے متعلق بہت بڑی تفصیل مرقوم ہے۔ میں طویل کلام کے واسطے اس کی تفصیل نظر انداز کرتا ہوں۔ مختصر اًگذارش ہے کہ جب کوئی تنگ دستی کی مصیبت میں گرفتار ہو۔ تو اس وقت صدق دل سے اس متبرک عمل کو شروع کرے اور نظر رحمت کا خدائے تعالےٰ سے امیدوار رہے۔ اگر اعتقاد کامل ہے تو انشاء اللہ تعالےٰ علد افجار مفلسی سے نجات پاکر صاحب مال ہوگا۔

اس عمل کو عروج ماہ میں کسی متبرک دن کوئی ایک وقت مقرر کر کے لیکن دن کا وقت ہو ایک سو مرتبہ خضوع وخشوع کے ساتھ پڑھنا چاہیئے۔ اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود شریف جو یاد ہو ضرور ضرور پڑھا جائے۔

بعد الفراغ بنہایت عاجزی سے درگاہ رب العزت میں اپنی تنگدستی دور کرنے کی التجا پیش کرے۔ امید ہے کہ خدائے تعالےٰ بہت جلد اپنا کرم فرمائے گا۔

یہ عمل مبارک کم ازکم چالیس دن پڑھا جائے اور اگر ہمیشہ اس کا ورد رکھا جائے تو نہایت بہتر ہے۔ عمل مبارک یہ ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ
وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ
وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ يُحْيِیْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَیٌّ لَّا يَمُوْتُ
بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ط

عمل خاص الخاص برائے قضائے حاجات

اگر کوئی شخص غم دالم میں مبتلا ہو۔ روزی تنگ ہے یا قرضداری سے پریشان ہے یا کسی ناحق مقدمہ میں ماخوذ ہے۔ یا کوئی اور مصیبت ہے تو خدا پر سچا بھروسہ کرتے ہوئے خلوص قلب سے باوضو ایک گوشہ میں سر برہنہ ہو کر بیٹھے اور تین سو مرتبہ یہ اسم اعظم پڑھے اول و آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اور خدا کی طرف ایسی توجہ کریں۔ کہ قلب میں جوش پیدا ہو جائے اور آنکھوں میں آنسو آجائیں۔ رات کے کسی حصے میں پڑھنا شروع کریں۔ سر ننگا کریں تاکہ فریادی کی صورت بن جائے
انشاء اللہ تعالےٰ تیسرے دن سے اس عمل کے آثار ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ لیکن اس کی تعداد اکیس دن کی ہے اکیس دن کے اندر اندر کیسی ہی سخت مشکل ہو۔ خدا تعالےٰ آسان فرما دیتا ہے۔
اسم اعظم یہ ہے۔

FREE AHLIYAAT BOOKS GROUP

قضائے حاجت کیلئے ایک اور عمل

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ حضور سرور کائنات علیہ السلام کے محبوب صحابی تھے حضور کو ان سے بیحد محبت تھی۔ اور حضرت معاذ بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اپنا سب کچھ تصدق کرتے تھے۔ ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بکمال محبت ارشاد فرمایا۔ کہ معاذ میں تم کو ایک عمل بتاتا ہوں۔ تم ہر نماز کے بعد اس کو پڑھا کرو۔ پھر وہ عمل ارشاد فرمایا یہ عمل آخر میں درج ہے

یہ عمل متبرکہ اکثر بزرگانِ کرام نے اپنی کتابوں میں لکھا ہے۔ کہ یہ زود تاثیر ہے چونکہ یہ عمل مبارک حضور رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بطور خاص اپنے صحابی حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو تلقین فرمایا تھا۔ اس لئے اس کی تاثیرات و قبولیت میں کوئی شبہ کی گنجائش نہیں۔ اہل عقیدت بوقت ضرورت جبکہ وہ تنگ دست ومفلس ہوں بے روزگار ہوں۔ یا کسی اور مصیبت میں گرفتار ہوں۔ اس عمل شریف کا ورد کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ عمل شریف بطفیل حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر حاجت مند کو مقاصد دلی میں کامیاب و بامراد ہوگا

اس عمل شریف کی ترکیب یہ ہے کہ بعد نماز پنجگانہ یہ عمل شریف ایک سو ایک مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔ اوّل و آخر پانچ پانچ مرتبہ درود شریف

FREE AULIYAAT BOOKS GROUP

جو یاد ہو ضرور پڑھا کریں۔ مجبوری اگر کسی وقت کی نماز کے بعد نہ پڑھا جائے تو دوسری نماز کے بعد دو سو دو مرتبہ پڑھ لیں۔

کم از کم اکیس دن تک یہ عمل شریف پڑھنا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالےٰ اسی مدت میں کامیابی ہوگی۔ عمل شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ وَشُکْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ۔

فلاحِ دارین کے لئے ایک مجرّب عمل

حدیث صحیح میں آیا ہے کہ ایک شخص حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مجھے ایسا عمل ارشاد فرمائیے جس سے میں دین و دنیا سے بے نیاز ہو جاؤں یعنی دنیا کی حاجت رہے اور نہ عاقبت کا خطرہ رہے۔ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اسے سورۂ اذا زلزلت الارض زلزالھا آخر تک پڑھائی (یہ سورۃ مقدسہ تیسویں پارے میں ہے) فرمایا کہ یہ سورہ پڑھا کرو خدا دین اور دنیا کی تمام حاجتیں پوری کریگا اس شخص نے عرض کیا کہ مجھے قسم اس ذاتِ مقدس کی ہے جس نے آپ کو حق پر مبعوث فرمایا۔ میں نہ اس پر زیادتی کروں گا نہ کمی کروں گا نہ اس عمل کو ترک کرونگا اور نہ دوسرے عمل کی تمنا کروں گا پھر وہ شخص چلا گیا اور جب نگاہوں سے اوجھل ہو گیا۔ تو آپ نے فرمایا۔

FREE AULIYAAT BOOK'S GROUP

افتح هٰذا الماء جل یعنی اس شخص نے دین و دنیا دونوں کو پالیا۔ یہ جملہ حضور نے دو مرتبہ ارشاد فرمایا۔

اس عمل پاک میں دوسری حدیث بھی کہتی ہے۔ اور اس کی ترکیب اس طرح مرقوم ہے۔ فرمایا حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ بعد نماز مغرب دو رکعت نماز نفل پڑھا کرو۔ اور ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے پندرہ پندرہ مرتبہ یہ سورہ شریف پڑھا کرو۔ اللہ تعالےٰ دین و دنیا کی حاجتیں پوری فرمائے گا۔ بموجب ارشاد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر حاجت مند کو اسی ترکیب سے اس عمل مبارک کو پڑھنا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالےٰ کونین کی سرفرازیاں اور دارین کی ارجمندیاں حاصل ہوں گی۔

اس عمل پاک کو اگر ہمیشہ پڑھا جائے تو بہت ہی بہتر ہے۔ اگر یہ مجبوری ایسا نہ ہو تو کم سے کم چالیس روز ضرور پڑھنا چاہیئے۔

مجرّب عمل برائے دستِ غیب

یہ عمل شریف جس مقام پر دریا ہوں وہاں ہو سکتا ہے۔ اگر دریا نہ ہو تو نہر کا ہونا ضروری ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ چھ گز کپڑا خرید و تین گز کا تہمد بناؤ۔ اور تین گز کی پگڑی بناؤ۔ اور کوئی کپڑا نہ ہو۔

چاند دیکھنے پر جو پہلی جمعرات آئے تو روزہ رکھو۔ اور نماز صبح کے بعد تہمد

FREE ANLIYAAT BOOKS GROUP

اور پگڑی باندھ کر یہ آیت پڑھتے ہوئے دریا پر جاؤ۔ پاؤں ننگے ہوں۔ دریا پر غسل کرو غسل کے وقت بھی عمل جاری رکھو۔ کوئی تعداد پڑھنے کی مقرر نہیں گھر سے نکلتے ہی عمل شروع کر دو۔ راستے میں اور غسل کرتے ہوئے عمل برابر جاری رکھو۔ غسل کے بعد جو تہبند ہے اسے پگڑی بنا لو اور جو پگڑی تھا اسے تہبند بنا لو۔ اور گھر کو لوٹ کر آؤ۔ عمل پڑھتے رہو۔ گھر آ کر دونوں کپڑے حفاظت سے صندوق میں رکھ دو اور اپنے کپڑے حسب عادت پہن لو۔ اب دوسرے مہینے میں پہلی جمعرات کو اسی طرح عمل کرو۔ اسی طرح گیارہ جمعرات تک برابر عمل کرو۔ روزہ ہر جمعرات کو رکھنا ہوگا۔ یہ عمل گیارہ مہینے کا ہے۔

جمعرات کے دن عمل کرو۔ تو اس دن تمام قسم کے گوشت، مچھلی، انڈے اور پیاز لہسن سے پرہیز کرو۔ بدھ کا دن ختم کر کے جو رات آئے صبح کو روزہ ہوگا اس رات سے پرہیز کرو اور جمعرات کے دن صبح سے پرہیز کی ضرورت نہیں ہے۔ گیارھویں رات کو ایک بزرگ سے ملاقات ہوگی۔ اور وہ ایک انگوٹھی عطا کریں گے۔ اس انگوٹھی کو پہن لو۔ کام ختم ہوا اب جو کچھ خداوند کریم خزانہ غیب سے عطا فرمائے وہ روزانہ ملا کرے گا۔ یہ رقم حرام پر خرچ نہ کرو۔ ورنہ روزینہ بند ہو جائیگا۔ نماز کی پابندی کرو بے نمازی کا عمل قبول نہ ہوگا یہ عمل مجرب ہے۔

یکیں ون کیدنا دُ اکیئی گیئا ط بن اسی تندر پڑھا جائیگا

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

افلاس دُور ہونے کے لیئے

فی زمانہ ہر شخص افلاس و تنگدستی میں مبتلا ہے۔ اور دنیاوی جدوجہد میں صبح سے شام تک اپنا وقت ضائع کرتے ہیں مگر مقصد برآری نہیں ہوتی جو لوگ مصیبت میں مبتلا ہیں میں ان سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ دنیاوی سعی و کوشش کے ساتھ ساتھ روحانیت کی طرف بھی متوجہ ہوں۔ اور دیکھیں کہ دربار الٰہی میں حاضری ان کے جمیع مقاصد کو کتنی جلدی پورا کرتی ہے۔

حدیث صحیح میں وارد ہوا ہے کہ فرمایا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص نماز چاشت کی بارہ رکعتیں پڑھتا ہے تو اللہ تعالےٰ اس کا افلاس و تنگدستی دور فرما کر اس کو ہر طرح خوش و خرم بنا دیتا ہے۔

اس حدیث معتبر کی رو سے ہر حاجت مند کو اپنی تنگدستی دور کرنے کیلئے نماز چاشت ادا کرنی چاہیئے۔ نماز چاشت کی چار رکعتیں بھی ہوتی ہیں۔ مگر بارہ رکعتیں بطریق عمل ہیں۔ دو دو رکعتیں پڑھ کر (چھ سلام) سے بارہ رکعات پوری کریں۔ یا چار چار رکعتوں سے پڑھیں۔ کوئی خاص صورت پڑھنے کی نہیں ہے بعد نماز درگاہ باری تعالیٰ میں مؤدبانہ اپنی التجا پیش کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ چند دن میں اس کا اثر ہوگا۔ اور غیب سے امداد ہوگی۔

چاشت کے معنی دوپہر کے ہیں۔ ضحوۂ کبریٰ سے قبل صحیح معنی میں دن

FREE AL IYAS I BOOKS GROUP

کے گیارہ بجے نماز چاشت شروع کر دیا کریں۔

حرکات قبیحہ کی اصلاح کیلئے

اگر کوئی شخص شیطانی افعال میں مبتلا ہے مثلاً شراب وافیون پینے لگا ہے۔ یا چوری جھوٹ بولنے کی عادت پڑ گئی ہے۔ جوا کھیلتا ہے غرضیکہ کسی شیطانی فعل میں مبتلا ہے مگر مجبور ہے شیطان نے اسے اپنے قبضہ میں لے لیا ہے۔ وہ ان افعال قبیحہ کو چھوڑنا چاہتا ہے۔ مگر طبیعت سے مجبور ہے یا اس کی قوت ارادی فیل ہو چکی ہے۔ تو ایسے شخص کو یہ عمل خضر راہ کا کام دے گا عمل یہ ہے۔

یَا طَاهِرُ ذِالْحَقِّ وَالْفَضَادِ

یہ عمل روزانہ آٹھ سو مرتبہ توجہ قلب اور خلوص سے پڑھے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھا کریں۔ کوئی پرہیز اس عمل میں نہیں ہے۔ نہ کوئی خاص وقت مقرر ہے۔ صبح سے رات تک جس وقت بھی اطمینان قلب ہو۔ یہ عمل پڑھا کریں۔ اس کی میعاد چھبیس ۲۶ دن ہے خدا چاہے تو تمام بُری عادتیں چھوٹ جائیں گے اور اس کا دل ان سے نفرت کرنے لگے گا خدا تعالٰے اس کو ہدایت کریگا اور وہ نیک انسان بن جائے گا۔

اگر کوئی دوسرا شخص دوسرے کے واسطے کرنا چاہے مثلاً کسی عزیز یا اولاد

FREE ... BOOKS GROUP

کسی برے فعل میں مبتلا ہے تو اس کی ترکیب یہ ہے ۔ کہ اس عمل کو آٹھ سو مرتبہ پڑھ کر اسے پانی پر دم کرکے اس پانی کے چند قطرے اس کے سینہ پر مل دے اور باقی پانی اسے پلا دے بحکم خدا اس کی بُری عادت جاتی رہے گی۔

اگر ایسا موقع ہے ۔ کہ نہ اس کے سینے پر مل سکتے ہیں نہ پلا سکتے ہیں تو اس کی ترکیب یہ ہے کہ ایک کاغذ پر اُس شخص کا نام لکھ کر اور آٹھ سو مرتبہ یہ عمل پڑھ کر اور اس نام پر پھونک کرے وہ کاغذ جس پر نام لکھا ہے ۔ اور پڑھ کر پھونکا ہے کسی بھاری شے سے باندھ کر تالاب یا کسی کنوئیں میں ڈال دے تاکہ وہ پانی میں جائے تہہ میں اس کا بھی اثر کامل طور پر ہوگا ۔ اور چھبیس ۲۶ دن کے اندر یا چند روز کے اندر ہی وہ شخص تمام بُری حرکات ترک کردے گا۔

قضائے حاجات کیلئے مجرب عمل

یَا بَدِیعَ العَجَائِبُ بِالخَیرِ ۔ اس اسم پاک کی تلاوت کیلئے اور ادعوہ میں لکھا ہے کہ نیت شرائط اسم مبارک بارہ ہزار مرتبہ پڑھے اور تمام ہونے شرائط کے برائے تسخیر یا جو حاجت ہو بارہ بجے رات تک بارہ ہزار مرتبہ ہر رات کو پڑھے اگر یہ نہ ہو سکے تو ایک ہزار دو سو مرتبہ پڑھے

بعض مشائخ فرماتے ہیں کہ وسعت رزق یا کسی اور حاجت کے لئے ۲۶ ہزار مرتبہ جب تک ہو سکے پڑھے لیکن غرہ ماہ میں ساعت مشتری

FREE ... GROUP

بارہ بار یہ پڑھے لیکن لطف و مہربانی محبوب کے لئے عروج ماہ میں مشتری
زہرہ میں پڑھے اور عداوت کے لئے بربادی برائے دشمن آخر چاند ساعت
زحل یا مریخ میں اس طور سے پڑھے ۔ یَا بَدِیعُ الْعَجَائِبُ یَا لَشْہ ۔(۳۶ بار)
بندگی حضرت شاہ شیخ ابوسعید ابوالخیر قدس سرہ سے منقول ہے ۔ کہ اگر کسی
کو کوئی مہم درپیش آئے تو ایک ہزار دو سو بار اس اسم کو پڑھے اللہ تعالےٰ
کے فضل و کرم سے کامیاب ہو گا ۔

ایک دوسرے بزرگ سے منقول ہے ۔ کہ جس کسی کو کوئی مہم پیش آنے
توجمعہ کی رات کو دو رکعت نماز ادا کرے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اذا
زلزلت دس بار اور قل یا ایہا الکافرون چار بار قل ھو اللہ احد
گیارہ بار پڑھے ۔ اور سلام کے بعد اسم مذکور ایک ہزار دو سو بار پڑھے اگر مراد
اس کی پوری نہ ہو ۔ تو قیامت کو اس کا ہاتھ میرا دامن ہو گا ۔ عامل کو چاہیئے کہ
تلاوت عمل کے وقت اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھا کرے
ایک اور بزرگ فرماتے ہیں ۔ کہ شفائے مریض کے لئے دو رکعت نماز پڑھے
ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام
کے بعد اپنی جگہ بیٹھا رہے کسی سے بات چیت نہ کرے اور ہزار بار یَا
بَدِیعَ الْعَجَائِبُ بِالْخَیْرِ ارْحَمْنِیْ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ پڑھے اللہ
تعالےٰ مایوس مریض کو دوبارہ زندگی عطا فرمائے گا ۔

FREE AM[illegible]

اوراد غوثیہ میں لکھا ہے کہ سات روز تک ہر روز بہ نیت شفائے مریض ایک دوگانہ ادا کرے۔ اور سلام کے بعد کسی سے بات نہ کرے اور اسی جگہ بیٹھ کر یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ اَرْحَمْنِیْ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْن پڑھے اور اس کے بعد یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ ساٹھ بار اور یَا مُبْدِئَ الْبَدَاءِ یَا مُعِیْدَ مَا بَعْدَ فَنَاءٍ ثُمَّ بِالْقُدْرَتِہٖ یَا مُبْدِئُ پڑھے۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے نئی زندگی مرحمت فرمائے گا۔ برائے تسخیر خلق اگر کوئی شخص روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو تمام آدمی اس کے دوست اور مطیع ہو جائیں گے۔ ہرگز اس کی اطاعت سے انحراف نہ کریں گے۔ سیر العارفین میں لکھا ہے کہ اگر کوئی مہم پیش آئے تو شب جمعہ کو وضو کر کے بعد ادائے تحیۃ الوضو دو رکعت نماز بہ نیت استخارہ ادا کرے اور ایک ہزار دو سو مرتبہ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ وَکَاشِفَ الْغَرَائِبِ پڑھے مہم اس کی سرانجام پائے گی۔ اس اسم پاک کیلئے بہت سے بزرگانِ کرام اور صوفیائے عظام نے اسناد یں لکھی ہیں میں نے طول کلام کے باعث نہایت اختصار سے لکھا ہے۔

قضائے حاجت کیلئے ایک اسراری عمل

اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَاءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ

العزیز برائے محبت محبوب وطلب جاہ وعزت ومنصب بزرگی ومحبت سلطان وسعت رزق وعقد اللسان سلاطین امراؤ وزراء ہر روز بلا ناغہ ایک مرتبہ پڑھے اور ادائے قرض اور رجوع اپنے عہدہ سے معزول ہو تو الا ہو خلب حرمت وحکومت وبربادی دشمن قوی وحکومت ظالم اور لشکر کو محاصرے سے رد کرنے کیلئے ہر روز تین ہزار تین سو بار چھ رات دن تک پڑھے لیکن محاصرے کے دفع کرنے اور محبوس یعنی قیدی کی خلاصی کیلئے چند آدمی مل کر پڑھیں لیکن ہر ایک بعد مذکور ورد کو پڑھے اگر ہر روز ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو جو حاجت ہو گی بر آئے گی جو مہم ہو گی بر آئے گی۔

بعض بزرگوں نے لکھا ہے کہ اگر ایک مرتبہ بھی ہر روز پڑھ لیا کرے تو سارے کام اس کے بحکم خدائے قدوس بنتے ہی چلے جائیں گے۔

ہر مراد کیلئے ایک اکسیری عمل

اِنَّہٗ وَلِیُّ الْاِجَابَۃ۔ حاملان کامگار فرماتے ہیں کہ اس اسم پاک کے خواص دعائے سیفی کے برابر ہیں لیکن اس میں یہ بڑی آسانی ہے کہ ترک حیوانات جلالی کی شرط نہیں ہے جیسی کہ دعائے سیفی میں ہے

مشکل کے لئے یہ عمل شریف اکسیر صفت ہے چاہئے کہ جب کوئی دشواری پیش آئے تو بہ نیت خاص اس اسم شریف کو روزانہ ایک ہزار بار پڑھا کریں

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

جلد از جلد خدائے تعالےٰ اس مشکل کو آسان فرمائے گا۔

ہر مقصد کیلئے مجرّب عمل

جب کوئی عمل کامیاب ثابت نہ ہو اور کوئی سخت ترین مشکل آپڑے تو سورۃ الحمد شریف کی تلاوت بہ ترکیب ذیل کریں انشاء اللہ تعالےٰ اس مہم میں کامیابی ہوگی۔

ترکیب۔ نماز فجر کی سنتیں ادا کرے اسی مقام پہ جہاں سنتیں پڑھی ہیں بیٹھ کر سورہ فاتحہ (الحمد شریف) چہار مرتبہ تلاوت کریں اور اپنے مقصد کو سامنے رکھیں جب تک اپنے مقصد میں خاطر خواہ کامیابی نہ ہوجائے۔ تلاوت عمل شریف کو جاری رکھیں استقلال کی دلیل کامیابی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ لفظ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ کو مکرر کہے اور جو مقصد دلی ہو اس کا تصور کرکے باقی الحمد کو تمام کرے جب آمین پر پہنچے تین بار کہے اس کے بعد اپنے مقصد کے لئے بارگاہ ایزدی میں دعا کرے۔

مندرجہ بالا عمل کم از کم سات روز بلا ناغہ پڑھا جائے اگر خدانخواستہ اس مدت میں کامیابی نہ ہو۔ تو چالیس دن تک پڑھنا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالےٰ

FREE ML YART BOOKS GROUP

اس مدت میں گوہر مراد ضرور پورا ہوگا۔

سورہ فاتحہ کا ایک اور عمل برائے حاجت دینی و دنیوی

مندرجہ ذیل عمل شریف دینی و دنیاوی ہر حاجت کیلئے بہ ترکیب ذیل پڑھیں اگر کوئی حاجت دینی ہی تو قبلہ رو کھڑے ہو کر پڑھیں۔ تلاوت کا ایک وقت مقرر کرلیں صرف سات دن کا عمل ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ساتویں دن ضرور مقصد پورا ہوگا

ترکیب تلاوت

اتوار کے دن۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط پانچ سو دو مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔

پیر کے دن۔ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط پانچ سو چھپن مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔

منگل کے دن۔ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ط دو سو گیارہ مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔

بدھ کے دن۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ آٹھ سو چھتیس مرتبہ اور آمین سو مرتبہ

جمعرات کے دن۔ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ایک ہزار چالیس مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔

جمعہ کے دن۔ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ۔ گیارہ سو مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔

ہفتہ کے دن غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ۔ چار ہزار ستر مرتبہ اور آمین سو مرتبہ۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

ہدایت

مندرجہ بالا تعداد کے مطابق ہر روز تلاوت کرنا چاہیئے۔ اگر خدانخواستہ تعداد میں کوئی کمی بیشی ہو جائے تو تلاوت عمل از سرنو دوبارہ کرنا چاہیئے اور سابقہ سلوک کو ترک کر دینا چاہیئے۔

دعائے مشکل کشا

بے حد قوی اور مشکل و اہم حاجت کے لئے اس دعائے معظم کو پڑھنا مقاصد دارین کے لئے نہایت مفید اور زود اثر ثابت ہوتا ہے حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص اس آیت کو ایک ہزار ایک بار باطہارت قبلہ رو تلاوت کرے گا۔ اور دوران تلاوت کسی سے بات چیت نہیں کرے گا۔ تو حق سبحانہ تعالیٰ اس کی حاجتیں دینی اور دنیاوی ادا فرمائے گا۔ وہ اپنی مراد کو پہنچے گا دعائے معظم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ط

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

دُعا قضائے حاجت

حضرت رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ جو کوئی صبح کو فجر کی نماز کے بعد سو مرتبہ نہایت ذوق وشوق سے اس دعا کو پڑھے گا۔ ایک ہفتہ میں اس کی مراد پوری ہوگی۔ نہ ہو تو اپنی خطا تصور کرے یعنی کوئی قصور کوئی گناہ اس سے سرزد ہوا۔ یا تلاوت وطہارت میں فرق ہوا۔ اعتقاد درست رکھنا شرط ہے۔ دُعا یہ ہے۔

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَاقَدِیْمُ یَا دَائِمُ یَاقَائِمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَافَرْدُ یَاوِتْرُ یَااَحَدُ یَاصَمَدُ یَامَنْ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ یَامَنْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۔

عمل برائے قضائے حاجات

صاحب برآری کیلئے جمعہ کی شب کو پانچ ہزار مرتبہ یہ دعا پڑھے مگر پڑھتے وقت کسی سے بات چیت نہ کرنا۔ اور ایک جلسے میں تمام کرے انشاء اللہ کامیابی ہوگی دعائے معظم یہ ہے۔

یَامُسَهِّلُ مُسَهِّلْ لِکُلِّ صَعْبٍ اُجْعَلْ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ دَائِمْتُ

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP

فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ ط۔ بزرگانِ کرام نے اس دعائے معظم کی بے حد استناد تحریر کی ہیں۔

نماز حاجت

حدیث شریف سے منقول ہے کہ اگر کسی مسلمان پر کوئی مشکل آپڑے یا کسی ظالم کے پھندے میں گرفتار ہو جائے۔ تو چاہیئے۔ کہ یہ نماز پڑھے مجھ کو قسم ہے۔ کہ خدائے قدوس کی جس نے مجھ کو تبلیغ احکام کے لئے بھیجا ہے اگر صدق نیت سے مردہ پر پڑھی جائے تو وہ زندہ ہو جائے گا۔

وہ نماز مبارک یہ ہے چار رکعت دو سلام سے پڑھیں رکعت اول میں سورہ فاتحہ کے بعد قُلِ اللّٰھُمَّ تا بِغَیْرِ حِسَاب ط دوسری رکعت میں اِنَّا اَعْطَیْنَا تیسری رکعت میں قُلْ یَا اَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ چوتھی رکعت میں قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ہر ایک پندرہ مرتبہ پڑھے سلام کے بعد دعائے مرقومہ ذیل پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مصلے سے اٹھنے نہ پائے گا۔ کہ حق تعالیٰ اس کی حاجت کو پورا فرمادے گا۔ اعتقاد شرط ہے۔ دعائے مکرم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ یَامَنْ ذِکْرُہٗ شَرَفٌ لِلذَّاکِرِیْنَ وَیَامَنْ عَنْہُ نَجَاۃٌ لِلْمُطِیْعِیْنَ وَیَامَنْ رَّافَتُہٗ مَلْجَاءٌ لِلْعَالَمِیْنَ لَامَنْ لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ اَنْبَاءُ الْمُحْتَاجِیْنَ ط۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

ادائیگی قرض کیلئے عمل

اگر کوئی مقروض ہو جائے اور بار قرض سے سخت پریشان ہو۔ ادائیگی قرض کا کوئی کوئی ذریعہ نہ ہو تو ذیل کا عمل اس کے لئے سبکدوشی قرض کیلئے کارآمد ہوگا اس عمل شریف کو بہت سے اصحاب نے بارہا تلاوت کیا ہے۔ اور ہمیشہ اس کے ذریعہ خدا تعالٰے نے کامیابی عطا فرمائی ہے کتنا ہی قرضہ ہو خدا تعالٰے غیب سے سامان کر کے ادا کرا دیتا ہے۔ عمل شریف یہ ہے۔

عشاء کی نماز پڑھ کر ایسی جگہ بستی سے باہر جاؤ۔ جہاں کسی کے گزرنے کا امکان و خطرہ نہ ہو۔ اگر دریا یا تالاب یا کنویں کے پاس کریں تو زیادہ بہتر ہے۔ ورنہ سنسان جگہ ہو اس جگہ کھڑے ہو کر ایک سو ایک اذان کہو۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھو ختم اذان خاموش گھر میں آ کر سو جاؤ نہ کسی سے بات کرو۔ اور نہ دنیا کا کوئی کام کرو۔

اسی جگہ چالیس دن تک یہ عمل شریف کیا جائے۔ کیسا ہی قرضہ ہو۔ خدا غیب سے ادا کر دے گا۔ اذان آہستہ آہستہ کہو زور سے اذان دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس عمل شریف میں کسی قسم کا اور کوئی پرہیز نہیں ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

گمشدگی اشیاء کیلئے مجرّب عمل

ایک موٹا دھاگہ یا رسّی یا کمر بند پاک لے کر اس پر تین مرتبہ سورۂ یٰسین شریف پہلی مبین تک پڑھکر اس پر پھونک کر جس قدر ممکن ہو خوب کس کر گرہ لگادیں اس طرح تین گرہ دیں تو نو مرتبہ پڑھنا ہوگا یعنی ہر گرہ پر تین مرتبہ اس دھاگے رسّی یا کمر بند کو جس پر گرہ لگائی گئیں بکس میں رکھ دو۔ اگر کوئی شئے آپ رکھ کر بھول گئے ہوں تو بحکم خدا یاد ہوکر ملجائیگی۔ اگر کوئی شے چوری ہوگئی ہے وہ بھی اس عمل سے مل جاتی ہے۔ بشرطیکہ اس عمل سے پہلے گھر سے باہر نہ چلی گئی ہو۔ یہ عمل شریف اکثر بار کا مجرّب اور آزمودہ ہے کبھی خطا نہیں کرتا ہے۔

حل مشکلات دینی و دنیاوی کیلئے

ہر حاجت دینی و دنیاوی کے لئے بعد نماز عشاء اطمینان قلب و خشوع دل کے ساتھ اہتمام ار یہ عمل شریف اکتالیس دن تک پڑھیں اوّل و آخر درود شریف قادریہ گیارہ گیارہ مرتبہ ضرور پڑھا کریں بیحد موثر ہے۔

درود غوثیہ:۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

عمل شریف یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْکَافِیْ وَتَعَدَّدَتْ الْکَافِیْ وَوَجَدْتُ

FREE ALIYAAT BOOKS GROUP

الکافی وبکل کافی وکفانی الکافی ونعم الکافی وھو الکافی وللہ الحمد ط۔

مجرب عمل برائے قضائے حاجات

خدا تعالٰے اپنے کلام پاک میں ارشاد فرماتا ہے۔ کہ جب تم پر کوئی مصیبت آئے تو یہ عمل پڑھو۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن ہ

لیکن اس آیت مقدسہ کے پڑھنے کیلئے آداب وطریقے صوفیائے کرام اور اولیائے عظام نے مقرر فرمائے ہیں جس سے لاکھوں انسان فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ اور قیامت تک فائدہ اٹھائیں گے اس لئے اگر آپ بھی کسی مصیبت میں مبتلا ہیں۔ تو ترکیب ذیل کو اللہ کے بھروسے اور خلوص دل ونیت سے اس عمل کو شروع کردیں۔ اللہ تعالٰے اپنے فضل وکرم سے آپ کی مدد فرمائے گا۔ آپ کے مقاصد دلی میں کامیابی عطا فرمائے گا۔ کہ وہ کارساز حقیقی ہے۔ وہی بگڑے کام بناتا ہے۔

ترکیب یہ ہے کہ عروج ماہ میں جمعرات کے روز روزہ رکھیں چاند کی ۱۴ تاریخ تک عروج ماہ ہے اس درمیان کسی جمعرات کو روزہ رکھیں شام کو صرف کھجور یا کسی شیریں چیز سے روزہ افطار کریں۔ اس کے علاوہ کوئی شے نہ کھائیں۔ اگر ضرورت ہو تو پانی پی سکتے ہیں پان، بیڑی سگریٹ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

کچھ استعمال نہ کریں نماز مغرب کے بعد ایک سو ایک مرتبہ یہ آیت پاک پڑھیں

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔

اوّل وآخر درود شریف (جو یاد ہو) اور اگر یاد نہ ہو۔ تو یاد کر لے اگر ہر مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھیں۔ تو زیادہ اچھا ہے۔ ورنہ شروع میں ایک مرتبہ ضرور پڑھ لیں ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

اس کے بعد نہایت خضوع و خشوع عجز و الحاح سے بارگاہ ایزدی میں دعا کریں۔ کہ الٰہی مجھے اس مصیبت سے نجات دے جس مصیبت کے واسطے عمل شروع کیا ہے۔ اس کا نام لے کر بصد ادب دعا کریں۔ دوسرے روز کسی وقت دن رات میں ایک سو ایک مرتبہ آیت پاک پڑھ لیا کریں روزہ کی دوبارہ ضرورت نہیں ہے۔ خدا کی رحمت کے امیدوار ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اگر پہاڑ کے برابر بھی مصیبت ہے۔ تو غیب سے اس کی مشکل کشائی ہوگی۔ اپنی طرف سے اس کی اسناد بڑھانا نہیں ہیں۔ بلکہ اولیائے کرام نے اسی طرح مرقوم کیا ہے بے شک خدا تعالیٰ کا کلام سچا ہے۔ ہمیں کامل اعتقاد کے ساتھ عمل پڑھنا چاہیئے۔ اور کامل یقین رکھنا چاہیئے کہ ہماری ہر جائز طلب کو پورا کرنا اسی پروردگار کا کام ہے۔

ترقی رزق اور حصول دولت کیلئے

اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ رِزْقُنَا فِي السَّمَاءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ كَانَ بَعِيْدًا

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP

نَقِيْرُ بِهٖ وَاِنْ كَانَ قَلِيْلاً فَاَكْثِرْهُ وَاِنْ كَانَ قَوِيًّا فَيَسِّرْهُ
وَاِنْ كَانَ مَعْدُوْمًا فَاَوْجِدْهُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط

بعد ہر نماز فرض کے سات بار اس دعا کو تین تیس یا پانچ پانچ مرتبہ اس درود شریف کے ساتھ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِكَ ط پڑھیں اور اگر ہر فرض نماز کے بعد پڑھنا دشوار ہو تو اور تہجد کا التزام سہل ہو تو بعد ادائے تہجد اکتالیس بار اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف (جو اوپر لکھا ہے) کے ساتھ پڑھا کریں۔

اس عمل مبارک کی تلاوت سے خدا تعالیٰ عامل کو ترقی رزق اور فراوانی دولت سے مالا مال فرمائے گا یہ عمل مبارک بیحد مجرب ہے اور زود اثر ہے اکثر اولیائے کرام کا مصدقہ اور مجرب ہے۔

عمل ناد علی برائے رفع مشکلات

حضرت مولائی و مرشدی امیر دو جہان میاں امیر شاہ صاحب قدس سرہٗ اپنی کتاب مستطاب تعلیم الخواص میں تحریر فرماتے ہیں۔ کہ اسناد ناد علی بے شمار اور بے قیاس ہیں۔ کہ ان کا تحریر کرنا ناممکن ہے۔ مختصر یہ ہے کہ جب کوئی مشکل اہم اور سخت ترین حاجت پیش آئے۔ اس وقت اس مبارک عمل کو بہ عقیدت تمام تلاوت کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس مقصد میں خاطر خواہ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

کامیابی ہوگی۔ یہ عمل مبارک کبھی خطا نہیں کرتا۔ عمل مبارک یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَکَ فِی النَّوَائِبِ وَکُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِکَ یَا اللّٰہُ بِنُبُوَّتِکَ یَا مُحَمَّدُ بِوِلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ لَا فَتٰی اِلَّا عَلِیٌّ لَا سَیْفَ اِلَّا ذُوالْفِقَارِ ۝ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ ۝ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝

ترکیب تلاوت :۔ باطہارت صاف لباس پہن کر یہ عمل مبارک بعد نماز تہجد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ستر بار ہر روز پڑھا کریں۔ عمل مبارک ختم کر کے اپنے مقصد کے لئے بارگاہ خداوندی میں بکمال گریہ زاری دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ سات دن پورے ہونے پائیں گے۔ کہ مقصد میں خاطر خواہ کامیابی ہوگی۔

آسانی مشکلات کیلئے مجرب عمل

ترقی رزق زیادتی دولت افزونی مراتب و مناصب اور دفع کرنے غموم و تفکرات اور جملہ مہمات و مشکلات کو دور کرنے کیلئے مندرجہ ذیل عمل اکثر بار بے خطا ثابت ہوا ہے۔ عمل مبارک یہ ہے۔

یَا غَنِیُّ (۱۰۰۱) یَا مُغْنِیُّ (۱۱۰۱)

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

ترکیب:۔ اسمائے مبارک کو ایک خاص وقت مقرر کر کے پڑھا جائے ہر ایک اسم پاک اس کی تعداد کے مطابق ہو۔ جو ہر ایک اسم کے ساتھ درج ہے۔ پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر ایک اسم تلاوت کریں۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد بارگاہ خداوندی میں گریہ و زاری کے ساتھ اپنے مقصد کیلئے دعا کریں۔

یہ عمل مبارک سات دن اکیس دن یا چالیس دن تک پڑھیں انشاء اللہ تعالےٰ اس مدت میں ضرور کامیابی ہوگی

انقضائے حاجات کیلئے مجرّب عمل

جب کوئی مشکل دینی یا دنیاوی پیش ہو تو بعد از نماز عشاء مندرجہ ذیل عمل مبارک تلاوت کریں اس کی برکت سے انشاءاللہ تعالےٰ جلد دلی مقاصد میں کامیابی ہوگی۔ عمل مبارک یہ ہے۔

یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

ترکیب۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان میں ایک سو گیارہ بار عمل شریف کی تلاوت کریں بعد الفراغ توسل روح پاک حضرت پیران پیر دستگیر رحمتہ اللہ علیہ بارگاہ خدا میں اپنے مقصد کے لئے دعا کریں انشاءاللہ تعالےٰ یہ دعا ضرور بالضرور قبول ہوگی مجرّب ہے

FREE [illegible] BOOKS GROUP

اسمائے اعظم خمسہ برائے انقضائے حاجات

حضور سیدنا غوث پاکؒ کے وظائف شریف میں سے یہ اسمائے اعظم دستیاب ہوئے ہیں جو وظیفوں میں مدت تک حضور کی تلاوت میں رہا ہے اس کی نسبت میں کسی کو کلام ہو سکتا ہے۔

اس عمل شریف کے ہزاروں فوائد ہیں۔ نیز اکثر بزرگان دین نے اس کو اپنے تجربہ میں لا کر اس کی اسناد نہایت طولانی تحریر فرمائی ہیں۔

اس مختصر کتاب میں اتنی گنجائش نہیں۔ کہ ان کو تحریر کیا جائے مختصر یہ کہ ہر حاجت مند اس عمل شریف کو اپنے ورد میں رکھے اور خود ہی اس کی عظیم الشان برکات کا مشاہدہ کرے اگر اعتقادات درست ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر مراد اس کے ذریعہ پوری ہوگی۔

اکثر بزرگان دین کا بالاتفاق فیصلہ ہے کہ اس عمل مبارک کی تلاوت کرنے والا کسی حاجت میں ناکام نہیں رہتا ہے۔ رزق کی کمی نہیں ہوتی کوئی سخت سے سخت مشکل آپڑے تو خدا تعالیٰ غیب سے اس میں آسانی فرما دیتا ہے۔ لیکن جب عمل شروع کیا جائے تو ناغہ نہ ہونے پائے۔

عمل مبارک یہ ہے۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

ترکیب: ہر نماز پنجگانہ کے بعد ایک سو مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف تلاوت کیا کریں بحکم خدا اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

عمل خاص برائے رفع مشکلات

سخت مشکل کو رفع کرنے کے لئے مندرجہ ذیل اسمائے مبارک تلاوت کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ جلد وہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

اسمائے مبارک اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

الٰہی بحرمت سید محی الدین رضؓ — الٰہی بحرمت شیخ محی الدین رضؓ

الٰہی بحرمت شیخ محی الدین رضؓ — الٰہی بحرمت قطب محی الدین رضؓ

الٰہی بحرمت غوث محی الدین رضؓ — الٰہی بحرمت مخدوم محی الدین رضؓ

الٰہی بحرمت خواجہ محی الدین رضؓ — الٰہی بحرمت درویش محی الدین رضؓ

الٰہی بحرمت غریب محی الدین رضؓ — الٰہی بحرمت ولی محی الدین رضؓ

الٰہی بحرمت مسکین محی الدین رضؓ

ترکیب: نماز مغرب کے فرض ادا کرنے کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے بعد مندرجہ بالا اسماء گیارہ مرتبہ تلاوت کریں۔

یہ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کریں جب تک اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو۔ ترک نہ کریں۔ بعد انفراغ تلاوت مغرب کی سنتیں ادا کریں۔

FREE FULL ART BOOKS GROUP

صلوٰۃ خضر برائے رفع مشکلات

جب کوئی مشکل آپڑے حل نہ ہوتی ہو تو اس نماز کو پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں وہ مشکل رفع ہو جائے گی۔ اکثر بزرگوں کی آزمودہ ہے۔

ترکیب:۔ رات کو تنہائی میں دو رکعت نفل بہ نیت قضائے حاجت پڑھیں پہلی رکعت میں بعد الحمد شریف کے قل یا ایہا الکافرون دس بار پڑھیں۔ (پوری سورۃ) دوسری رکعت میں بعد الحمد شریف قل ہو اللہ احد دس بار پڑھیں بعد سلام گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں جو نماز میں پڑھیں بعد ازاں سجدے میں سر رکھ کر دس مرتبہ پڑھیں سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر پھر دس مرتبہ درود شریف پڑھ کر خدا سے اپنی مشکل حل ہونے کی دعا مانگیں پھر دس مرتبہ پڑھیں۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی ہفتہ میں مقصد پورا ہوگا اگر خدانخواستہ ایسا نہ ہو۔ تو اس نماز کو پڑھتے رہیں جلد حاجت پوری ہوگی۔

دست غیب کیلئے عجیب و غریب عمل

اگر کوئی شخص مفلس ولاچار ہو۔ ذریعہ معاش کوئی نہ ہو۔ اس وقت یہ عمل

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP

شریف پڑھے انشاء اللہ تعالےٰ خزانۂ غیب سے اس کا روزینہ مقرر ہوگا۔
عمل شریف یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ ؕ یَا اللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا فَتَّاحُ یَا وَھَّابُ یَا بَاسِطُ یَا رَزَّاقُ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ یَا مُعْطِیُ یَا مُنْعِمُ ؕ

ترکیب:۔ بعد نماز عشاء ایک سو گیارہ بار پڑھیں۔ اس کے حضرت رب العزت سے بعجز عرض و معروض کریں کہ اے خالق عالم میں بندۂ محتاج ہوں۔ تو میرا پروردگار ہے۔ اس قدر خرچ میرا ہے۔ جس قدر ہو، یہ مجھ کو اپنے خزانۂ غیب سے عطا فرما۔ انشاء اللہ تعالےٰ حسب الطلب خرچ غیب سے ملا کرے گا بے حد موثر ہے۔

ہر مقصد میں کامیابی کیلئے موثر عمل

حدیث صحیح میں ہے کہ ایک مرتبہ کفار مکہ جمع ہو کر مدینہ منورہ پر چڑھ آئے ایک شخص نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو خبر دی کہ کفار بڑی جمعیت لیکر لڑنے کو آرہے ہیں، آپ نے اس کے جواب میں ارشاد فرمایا۔
حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ؕ

یہ بھی صحیح حدیث میں آیا ہے۔ کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کفار نے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

آگ میں ڈال دیا تو آپ یہی اسم اعظم پڑھ رہے تھے اس اسم اعظم کے اثر سے آگ نے آپ کے جسم پر اثر نہیں کیا۔

صوفیائے کرام نے اپنی بیاضوں میں تحریر فرمایا ہے۔ کہ جمیع مقاصد دارین کیلئے یہ عمل شریف بیحد موثر پایا ہے۔ اگر کسی کو کوئی حاجت ہو غم دالم میں مبتلا ہو۔ روزی تنگ ہو یا قرضداری کثیر ہو یا کسی ناحق مقدمہ میں ماخوذ ہو گیا ہو یا اس کے علاوہ کوئی اور مصیبت آپڑی ہو تو خدا پر سچا بھروسہ کرتے ہوئے خلوص دل سے باوضو ایک گوشے میں سر برہنہ ہو کر بیٹھے اور تین سو مرتبہ یہ اسم اعظم پڑھے اور اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور خدا کی طرف ایسی توجہ کرے کہ قلب میں جوش پیدا ہو جائے آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں۔ رات کے کسی حصے میں پڑھنا شروع کرے سر ننگا کرے تاکہ فریادی کی صورت بن جائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ تیسرے دن سے اس عمل کا اثر ظاہر ہونا شروع ہوں گے اصل عمل کی تعداد اکیس دن ہے۔ مگر مشکل کام بھی تین۔ سات یا پندرہ دن میں حل ہو جاتے ہیں عمل شریف یہ ہے۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط۔

انقضائے حاجات کیلئے تیر بہدف عمل

صوفیائے کرام نے اس عمل پاک کے لئے بڑی بڑی اسناد لکھی ہیں میرا بھی

FREE AHL-E-HAQ BOOKS GROUP

چند بار کا آزمودہ ہے اگر کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو۔ اور وہ کسی طرح پوری نہ ہوتی ہو تو اس عمل کو شروع کریں انشاء اللہ تعالےٰ جلد کامیابی ہوگی یہ عمل بھی نہایت مجرب ہے۔ عمل شریف یہ ہے۔

یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَ بَقَائِهٖ یَا حَیُّ

ترکیب:۔ بروز جمعرات طلوع آفتاب کے بعد طاعت مشتری میں اس کو ترتیب کریں ہر روز اکتالیس بار اس عمل اور پڑھے۔ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ ضرور پڑھیں شفا یابی مرض کے لئے جبینی کی تشتری پر اسم مذکورہ لکھ کر سات دن پلائیں انشاء اللہ تعالےٰ شفائے کاملہ حاصل ہوگی۔

وظیفہ برائے رفع مشکلات

قبل نماز وتر کے رو بہ قبلہ سر برہنہ بیٹھ کر ایک سو بار پڑھیں۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ اور سات سو اٹھاسی بار۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پھر سو بار یہی درود پڑھ کر کھڑا ہو۔ اور ایک ہزار چار سو بار یَا وَهَّابُ پڑھے پھر بیٹھ کر ایک ہزار بار یَا رَبُّ پڑھے

یہ عمل مبارک مندرجہ بالا ترکیب سے چالیس روز بلا ناغہ پڑھنا چاہیئے۔ ہر مشکل کی آسانی کیلئے تیر بہدف عمل ہے اکثر مرتبہ کا آزمودہ مجرب ہے ہمیشہ کامیابی ہوگی

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

دفع مشکلات کیلئے ایک اور وظیفہ

بعد نماز مغرب دس بار آیت قطب کی تلاوت کریں اول و آخر درود شریف جو یاد ہو۔ پڑھنا بیحد ضروری ہے۔

سات روز متواتر ایسا ہی کریں۔ اگر درمیان میں ناغہ ہوجائے تو از سر نو پھر شروع کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتے میں مراد دلی پوری ہوگی۔

رفع مشکلات کیلئے ایک نادر عمل

مندرجہ ذیل دعائے مبارکہ کو سات روز تک سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر آب رواں میں ڈال دیا کریں اگر ایسا مقام میسر آجائے کہ پانی قبلہ کی طرف جاری ہو۔ تو بہت خوب ہے ورنہ جو میسر آئے وہی درست ہے۔

دعائے مبارکہ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ رَبِّ الْجَلِيْلِ رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝۔

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP

قضاء حاجات کیلئے تعویذات

نقش سلیمانی

مشہور نقش ہے کہ معتبر کتابوں میں اس کے متعلق تشریح پائی گئی ہے۔ کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگشتری پر یہ اسم اعظم کندہ تھا۔ اس اسم کی قوت سے آپ جن وانس وحوش وطیور، بحروبر پر حکومت کرتے تھے۔ مگر یہ بات میں اب تک نہ سمجھ سکا کہ ملکہ بلقیس کو بلانے کا جب آپ نے قصد فرمایا تو اہل دربار سے آپ نے اس معاملہ میں کیوں مدد طلب کی۔

قرآن پاک میں یہ قصہ بصراحت موجود ہے بہرحال وہ اسم اعظم جو قدرت کا خاص عطیہ تھا۔ اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا لیکن وہ اسم اعظم کیا تھا۔ اس کے متعلق عاملین میں اختلاف رہا۔ معتبر کتابوں کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ کثیر عاملین کا فیصلہ ہے۔ کہ وہ اسم اعظم یا لطیفُ ہے۔ اس سے مجھے بھی اتفاق ہے کہ عاملین متقدمین کے اقوال کے مطابق میں اس نقش اعظم کی زکوٰۃ دینے اور اس سے کام لینے کی تشریح افادۂ عام کی غرض سے پیش کرتا ہوں۔

طریقہ زکوٰۃ

ذوجدین کے چار مہینے یعنی اساڑھ، اسوج، پوس، چیت میں سے کسی

FREE A LIYAAT BOOKS GROUP

۔ مہینہ میں پہلی تاریخ سے زعفران کی سیاہی اور لکڑی کے قلم سے روزانہ ۲۱۲۵ مرتبہ ایک بڑے کاغذ پر یہ اسم شریف یَا لَطِیْفُ وضو کی حالت میں لکھیں۔ وقت کی کوئی قید نہیں۔ روزانہ یہ تعداد کرنا ہوگی چاہے کئی بار میں تھوڑا تھوڑا کر کے پورا کریں۔

ہر اسم اعظم ذرا فاصلہ دے کر لکھیں تاکہ ہر اسم جدا کر سکیں۔

تعداد پوری ہونے پر ہر اسم جدا کریں۔ بلکن قینچی، چاقو، یا چھری سے نہ کاٹیں۔ بلکہ کاغذ کو شکن دے کر ہاتھ سے جدا کریں۔ اور ہر اسم کی گولیاں بنا کر آٹے میں لپیٹ کر لے پانی میں ڈالا کریں۔ جس میں مچھلیاں ہوں۔

روزانہ کے لکھے ہوئے نقوش روزانہ ڈالنے کی ضرورت نہیں ڈال سکیں تو بہتر ہے ورنہ چند روز کے جمع کر کے بھی ڈال سکتے ہیں۔ لیکن یہ احتیاط ضروری ہے۔ کہ کوئی نقش ضائع نہ ہونے پائے۔ چالیس دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری ہو جائے گی۔ اب آپ اس اسم کے عامل ہیں۔

پرہیز:۔ چالیس دن تک ہر قسم کا گوشت، پیاز، لہسن، شراب، دہی، دودھ، افیون، انڈا، مچھلی، گھی ترک کرنا ہوگا۔ تیل، ترکاری کھانا ہوں گے ہر قسم کی دال بھی کھا سکتے ہیں۔

یہ نقش بعد زکوٰۃ محبت، شادی بیاہ اور اسی قسم کے ہر جائز امور کے لئے تیر بہدف ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

اس نقش معظم کو کام میں لانے کی ترکیب یہ ہے۔ جب آپ کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتے ہوں۔ تو اپنے نام اور اپنی والدہ کے نام کے اور مطلوب مع اس کی والدہ کے نام کے اور اسم اعظم یَا لَطِیۡفُ کے اعداد بحساب ابجد نکال لیں۔ اور ان سب کو جمع کر کے مثلث آتشی چال میں پُر کریں۔ اور عطر میں معطر کر کے اپنے بازو پر باندھ لیجئے۔ یا گلے میں ڈال لیں۔

پھر اس شخص (مطلوب) کے سامنے جائیں۔ دو چار مرتبہ ہی سامنے جانے سے مطلوب سامنے آکر آپ سے بیحد محبت سے پیش آئیگا اور آپکا فرمانبردار ہو جائے گا۔

نوٹ چالیس دن کے بعد روزانہ تین نقش لکھ لیا کریں۔ اس سے عمل ہمیشہ قابو میں رہے گا۔

اگر کسی وجہ سے کوئی دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن نقش لکھ لیا کریں مگر زکوٰۃ کے زمانہ میں کوئی دن ناغہ نہ کریں۔ یہ بعد کے تین نقش روزانہ لکھے ہوئے بھی حسب دستور پانی ہی میں ڈال دیا کریں۔ یہ عجیب و غریب عمل ہے اگر خدا توفیق دے۔ تو اس سے ضرور فائدہ حاصل کرنا چاہیئے۔

دستِ غیب کیلئے ایک آسان عمل

عروج ماہ میں ساعت مشتری یا قمر میں (ساعت سعد رواں کی جنتری

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

ہیں دیکھئے۔ یہ نقش روزانہ اٹھارہ مرتبہ زعفران سے دس دن تک لکھو روزانہ کے لکھے ہوئے نقش ویران جگہ دفن کر دیا کرو۔ دس دن کے بعد ایک بزرگ آکر ایک روپیہ چار آنے آپ کو دیں گے چار آنے خیرات کرو۔ اور ایک روپیہ اپنے کام میں خرچ کرو اس رقم کو جمع کرنے کا حکم نہیں روزانہ کی رقم روزانہ خرچ کرنا چاہیئے نقش مبارک یہ ہے۔

۲۶۲	۲۶۵	۲۶۸	۲۵۵
۲۶۷	۲۵۶	۲۶۱	۲۶۶
۲۵۷	۲۷۰	۲۶۳	۲۶۰
۲۶۴	۲۵۹	۲۵۸	۲۶۹

فراخی روزگار کیلئے ایک کار آمد نقش

چاند دیکھنے پر جو پہلا اتوار آئے اس اتوار سے روزانہ اکیس نقش زعفران سے لکھ کر اور آٹے میں لپیٹ کر گولیاں بنا کر بہتے ہوئے پانی میں ڈال دیا کریں۔ اس کی برکت سے روزی روزگار میں فراخی ہوگی۔ کہ اس کو کوئی ضرورت نہ رہے گی۔ فراخی روزگار اور کشائش رزق کے لئے اس سے بہتر کوئی نقش نہیں ہے نہایت موثر ہے کبھی خطا نہیں کرتا۔

نقش معظم اگلے صفحہ پر ہے۔

۱۸	۴	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	یا احمد یا محمد یا مصطفٰے یا مجتبٰے	۳۰

دُعا برائے اولادِ نرینہ

اگر کسی کے ہاں فرزند نرینہ نہ پیدا ہوتا ہو۔ تو یہ دعا کاغذ پر لکھ کر پانی میں ڈال دیا کریں۔

یہ عمل جمعہ کے دن کریں۔ اور یہ پانی سات دن تک عورت مرد دونوں پیا کریں۔ سات دن تک دوسرا پانی نہ پئیں سوائے اس پانی کے جس پر یہ دعا پڑھی ہے۔ اگر پانی کم ہو جائے۔ تو اور ڈال دیا کریں۔ ساتویں دن یعنی جمعرات کے دن زن و شوہر قربت کریں۔ بحکم خدا اس دعا کی برکت سے اولادِ نرینہ پیدا ہوگی۔ بیحد مجرب ہے۔ دعا اس طرح لکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

FREE AHLEYAT BOOKS GROUP

اِنِّیْ اَشْهَدُكَ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۔ بِحَقِّ النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ وَّ عَلِیٍّ وَّ فَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ اَنْ تَرْزُقَنَا وَلَدًا ذَكَرًا صَالِحًا طَوِیْلَ الْعُمْرِ وَصَلَّی اللّٰهُ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔

حصولِ ملازمت کیلئے مجرب تعویذ

یہ عمل آپ کا جو ستارہ ہو۔ اسی ستارے کے دن سے شروع کریں۔ چاند دیکھنے پر اپنے ستارے کا پہلا دن جب ہو اسی دن یہ عمل شروع کریں۔

ستارے کے دن حسب ذیل ہوتے ہیں۔

زحل	سنیچر کا دن	شمس	اتوار کا دن
قمر	پیر کا دن	مریخ	منگل کا دن
زہرہ	بدھ کا دن	مشتری	جمعرات کا دن
عطارد	جمعہ کا دن		

نقش لکھنے کے واسطے لوہے کا قلم ہو کسی لکڑی کا قلم بنا لیں۔ زعفران یا ہلدی پیس کر اس کی روشنائی بنالیں۔ ایک مرتبہ کا قلم اور

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

دوات آخر تک کام دے گا۔ پہلے دن نقش طلوع آفتاب سے قبل لکھ کر کنوئیں میں ڈالنا ہوگا۔ دوسرے دن سے کسی وقت کی قید نہیں۔ صبح سے شام تک کسی وقت لکھ لیا کریں۔ مگر نقش لکھنے کے بعد فوراً نقش کنوئیں میں ڈال دیا کریں۔ دوسرا کام بعد کو کریں۔ نقش روز کنوئیں میں ڈالنا ہوگا جب نقش کنوئیں میں ڈالا کریں۔ اور واپس ہوں تو دروازے میں کھڑے ہو کر تین مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰہ شریف مع بسم اللہ شریف پڑھ کر گھر میں داخل ہوں۔ یہ عمل روز کرنا ہوگا۔ روز نقش کنوئیں میں ڈال کر آہستہ آہستہ کنوئیں پر کھڑے ہو کر اذان دو۔ اور پھر گھر کو واپس جاؤ۔ اگر کنواں بستی سے باہر ہے تو بہتر ہے ورنہ بستی کے کنوئیں میں ڈال دو۔

اگر کسی کے گھر میں کنواں ہے تو اس میں نہ ڈالے بلکہ گھر کے باہر جو کنواں ہو اس میں ڈالیں۔ پھٹکڑی جس پر پانی نہ لگا ہو اس پر نقش لکھنا ہوگا۔

یہ نقش پہلے دن ایک دوسرے دن دو تیسرے دن تین۔ اسی طرح ہر روز ایک نقش بڑھا کر لکھنا ہوگا۔ اکیس دن تک اکیسویں دن اکیس نقش لکھنا ہوں گے۔ بائیسویں روز سے پھر روزانہ ایک نقش لکھو۔ اس طرح سے چالیس دن تک نقش پورے کرو۔ خدا چاہے تو اس درمیان میں کوئی شخص آئے گا۔ اور آپ کو نوکری پیش کرے گا۔

نقش اگلے صفحہ پر دیا گیا ہے۔

FREE AULIYAAT BOOKS GROUP

۱	۹	۱۰
۱۴	میں نوکر ہو جاؤں۔	۶
۵	۱۱	۴

برائے فتح مندی

سورۂ اذا جاء کا نقش مبارک بزرگوں کا مجرب ہے اور بیحد سریع الاثر ہے مغلوب دشمن کیلئے نیز ہر قسم کی کامیابی کیلئے بیحد مفید ثابت ہوتا ہے۔

ترکیب۔ اس نقش مبارک کی یہ ہے کہ چاند دیکھنے پر پہلا جمعہ آئے تو طلوع آفتاب کے بعد ایک گھنٹے تک اس نقش معظم کو طہارت و ادب کے ساتھ زعفران سے لکھیں پھر عطر میں معطر کر کے یا چاندی کے تعویذ میں بند کر کے گلے میں ڈال لیں۔ یا بازو پر باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

اذا جاء	نصر اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ
نصر اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا
والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح
ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد
الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک
یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفر
فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفر	انہ کان
اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفر	انہ کان	توابا

FREE AHL E TAAT BOOKS GROUP

نقش برائے ہر حاجت

مندرجہ ذیل دو نقش ہیں۔ ایک باریک کاغذ پر ایک طرف ایک نقش لکھو دوسری طرف اسی کاغذ کی پشت پر اس طرح لکھو کہ صحیح طریقہ پر نیچے آئیں یعنی خط پر خط نقش پر نقش خانہ پر خانہ اور حروف پر حروف ہوں۔

کاغذ باریک لیں تاکہ دوسری طرف کا صاف نظر آئے، زعفران کی روشنائی بنائیں، اور قلم بالکل نیا ہو۔ ترکیب نقش کی یہ ہے۔ کہ چاند دیکھنے پر جو پہلی جمعرات ہو یعنی نوچندی جمعرات کو باوضو پاک وصاف ہو کر نقش پر کیا کریں۔

نقش پُر کرتے وقت عمدہ لباس ہو ورنہ بہتر یہ ہے کہ ایک چادر بڑی سے کر احرام کی طرح آدھی باندھ لیں۔ اور آدھی اوڑھ لیں اور عطر وغیرہ بھی لگا لیں۔ تو بہتر ہے۔ اور نہایت ادب وخلوص سے یہ نقش پُر کرنا شروع کر دیا کریں نقش لکھتے وقت آپ بالکل تنہا ہوں۔ اور کوئلے دہکا کر اس پر برادۂ صندل دلوبان ڈالتے رہا کریں۔ کھانا ختم کیجئے شرط یہ ہے کہ کھانا بچے نہیں۔ اگر ضرورت ہو تو دوبارہ لے سکتے ہیں۔ مگر بچے نہیں یہی شرط پانی کے لئے ہے کہ پانی اتنا ہی لیں جو بچے نہیں۔ جس روز سے نقش شروع کریں۔ چار رکعت سنت نماز عصر سے پہلے ضرور پڑھیں۔

اختتام عمل تک نقش پُر کرنے سے قبل تین مرتبہ درود شریف پڑھا کریں بعد ختم تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اب روزانہ انیس نقش آپکو تحریر کرنا

FREE SULTAAT BOOKS GROUP

ہوں گے۔ انیس روز یہی اس کی زکوٰۃ ہے۔ روزانہ کے نقش یوں ہی تہ پر تہ نیچے اوپر رکھتے رہیں لیکن یہ خیال رکھیں کہ کوئی نقش کم نہ ہو۔

جب نقش پُر کر چکیں تو تین مرتبہ روز درود شریف پڑھکر سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھا کریں۔ روزانہ حسب استطاعت شیرینی پر فاتحہ دے کر بچوں کو تقسیم کر دیا کریں بحکم خدا انیس دن میں آپ کی ہر مراد پوری ہوگی۔ بعد کامیابی نقش گولیاں بنا کر آٹے میں لپیٹ کر دریا میں ڈال دیں۔ اگر انیس روز میں کامیابی نہ ہو۔ تو نقش بدستور حفاظت سے رکھیں۔ بعد کامیابی گولیاں بنا کر پانی میں ڈالیں۔ یہ احتیاط ضرور کریں۔ کہ یہ نقش معظم کسی ناجائز کام کے لئے ہرگز استعمال نہ کریں۔ ورنہ بجائے نفع کے نقصان کا اندیشہ ہے۔

نقوش یہ ہیں۔

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ

۱۸۹	۲۰۳	۱۹۹	۱۹۴
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۰
۱۹۳	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۱
۲۰۲	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

کشائش رزق کیلئے آزمودہ نقش

مندرجہ ذیل نقش اکثر مرتبہ کا میرا ذاتی مجرب ہے یہ نقش مبارک نہایت سَریع الاثر ہے کبھی بھی خطا نہیں کرتا۔ کسی نماز کے بعد ایک وقت مقرر کر کے نقش دس بار لکھیں اور اسی وقت کسی دریا میں ڈال دیں۔ دریا قریب نہ ہو تو مجبوراً کنوئیں میں ڈال دیں۔ نقوش چھوٹے کاغذ پر تحریر کریں۔ اور اس کی گولی بنا کر اس پر آٹا لپیٹ دیں۔ اس کے بعد دریا یا کنوئیں میں ڈالیں اس مبارک نقش کی برکت سے خداوند تعالےٰ اس کے عامل کو فراخی رزق سے مالا مال فرمائیگا کامل اعتقاد رکھنا چاہیئے۔ نقش یہ ہے۔

١٩	۴٨	٦
١٢	۴۴	٣٦
۴٢	یاباسط	٣٠

رفع حاجات کیلئے ایک موثر نقش

یہ نقش سورۂ یٰسین کا ہر مقصد کیلئے موثر ہے۔ چاہیئے۔ کہ بروقت حاجت و مہمات اس کو کسی مبارک ساعت میں زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں بپختہ اعتقاد رکھیں۔ اور خدا تعالیٰ ہر مقصد دلی، کاروباری روزگاری اور دیگر تمام مقاصد میں کامیابی مرحمت فرمائے گا۔ انشاء اللہ تعالےٰ سات دن کی میعاد

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

گزرنے پائے گی، کہ وہ مشکل رفع ہوجائے گی۔ نقش یہ ہے۔

۵۳۹۱۳	۵۳۹۱۶	۵۳۹۰۹	۵۳۹۰۵
۵۳۹۱۸	۵۳۹۰۴	۵۳۹۱۲	۵۳۹۱۷
۵۳۹۰۷	۵۳۹۲۱	۵۳۹۱۴	۵۳۹۱۱
۵۳۹۱۵	۵۳۹۱۰	۵۳۹۰۸	۵۳۹۲۰

رفع حاجات کیلئے ایک اور نقش

جو شخص کسی مشکل میں مبتلا ہوجائے۔ جس کا حل اس کے لئے ناممکن ہو تو اس وقت چاہیئے۔ کہ اس نقش سے کام لے یہ نقش سورۂ اخلاص کا ہے۔ جو ہر ضرورت و مشکل کیلئے مفید ہے بساعت مشتری اس کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تعالےٰ ہر مقصد میں پورا ہوگا۔

۳۳۵	۳۳۰	۳۳۷
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۲
۳۳۱	۳۳۸	۳۳۳

نقش یہ ہے۔

نقش انگشتری برائے جمیع حاجات

جو شخص اس نقش مبارک کو اپنے پاس رکھے گا جلد حاجتیں خدا تعالےٰ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

برلائے گا رزق میں ترقی ہوگی۔ دشمن دوست ہوجائیں گے اور اس کا مال واسباب تلف نہ ہوگا۔ ہر ایک عمل کامیاب ہوگا۔ اگر قیدی ہوگا۔ رہائی ملے گی جہاں جائے گا عزت ہوگی اور عزیز خلائق ہوگا۔

ترکیب:۔ سوا چار ماشہ چاندی کی انگوٹھی تیار کرا کے ماہ رجب کی نوچندی جمعرات کو اس نقش مبارک کو کندہ کرا کے پہنے۔ پھر انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی ہوگی نقش یہ ہے۔

١٧٣١٩	١٧٣٢٣	١٧٣٢٦	١٧٣١٢
١٧٣٢٥	١٧٣١٣	١٧٣١٨	١٧٣٢٤
١٧٣١٤	١٧٣٢٨	١٧٣٢١	١٧٣١٧
١٠٣٢٢	١٧٣١٦	١٧٣١٥	١٧٣٢٧

دوکان کی ترقی کے لیئے

مندرجہ ذیل نقش بیحد سریع التاثیر ہے۔ اکثر مرتبہ کا آزمودہ ہے اس نقش مبارک کو بروقت ضرورت ساعت مشتری میں سفید کاغذ پر لکھ کر دوکان کے کسی بلند مقام پر لٹکا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے دوکان میں کثیر بکری ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

١٢٧	١٣٠	١٣٤	١٢٠
١٣٣	١٢١	١٢٦	١٣١
١٢٢	١٣٦	١٢٨	١٢٥
١٢٩	١٢٤	١٢٣	١٣٥

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

بازوبند فتوح

اس نقش مبارک کو رفع افلاس و تنگدستی کیلئے اکثر بار آزمایا ہے بروقت ضرورت ایک سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر بازو پر باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ کبھی مفلس و تنگدست نہ ہوں گے۔ یہ نقش بھی اپنی خاصیت میں اکثیر کی صفت رکھتا ہے نقش یہ ہے هُوَ الرَّزَّاقُ عَنِ الْاِطْلَاقِ ۹۱۱۱ لطلال اهوولعم

نقش ملائکہ

صوفیائے کرام نے لکھا ہے کہ جس بندۂ خدا کے پاس یہ نقش مکرم ہوگا اس کے ہمراہ ۶۲۲ فرشتے رہیں گے۔ اس پر روزی کے دروازے کھل جائیں گے ایمان کامل رہے گا شیطان سے محفوظ رہے گا۔ اگر مریض ہوگا شفائے کاملہ ہوگی اگر میدانِ جنگ میں ہوگا۔ تو فتح پائیگا قید میں ہوگا خلاصی پائے گا۔

جو شخص اس نقش کو چالیس دن ہر روز چالیس نقش لکھ کر آٹے اور شکر میں اس کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے گا۔ بے شک اس کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت خواب میں ہوگی۔ اور اسی دن اس نقش مکرم کا اعلا ہوگا بہرحال اور جس مقصد کے لئے یہ نقش چالیس مرتبہ لکھ کر شکر اور آٹے میں گولیاں بنا کر صرف ایک دن دریا میں ڈالے گا۔ وہ مطلب بحکم خدا پورا ہوگا اگر کوئی شخص اس کا دشمن ہو گیا ہو تو تین عدد نقش لکھ کر پانی میں گھول کر

FREE AULIYAA BOOKS GROUP

پلانے سے بے شک وہ فرمانبردار ہوگا اگر میاں بیوی میں محبت نہ ہو باہمی اختلاف ہو ہر وقت جنگ رہتی ہو تو دو نقش لکھے۔ ایک نقش عورت اپنے گلے میں ڈال لے۔ دوسرا پانی میں گھول کر شربت بنا کر میاں کو پلا دے انشاءاللہ تعالٰے اسی وقت باہمی جنگ ختم ہو جائے گی

بیوی اور میاں کی والدہ کے ناموں کو پشت تعویذ پر ضرور لکھیں۔ آپس میں محبت پیدا ہوگی۔ میاں مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ اس نقش مکرم کو جس مقصد کے لئے استعمال کیا جائے گا وہ مقصد آناً فاناً پورا ہوگا۔

ذیل میں دو نقش لکھے جاتے ہیں ایک نقش عددی ہے دوسرا لفظی ان میں سے کوئی ایک استعمال کیا جائے۔ دونوں یکساں طور پر بیں کئی مرتبہ کا مجرب ہے۔

ترکیب:۔ سفید کاغذ پر زعفران سے اچھی ساعت میں لکھیں۔

۱۵۴	۱۵۷	۱۶۱	۱۴۷
۱۶۰	۱۴۸	۱۵۳	۱۵۵
۱۴۹	۱۶۳	۱۵۰	۱۵۲
۱۵۶	۱۵۱	۱۵۰	۱۴۲

اللہ	اِلاَّ	اِلٰہَ	لَا
مُحَمَّدٌ	اللہ	اِلاَّ	اِلٰہَ
رسول	مُحَمَّدٌ	اللہ	اِلاَّ
اللہ	رسول	مُحَمَّدٌ	اللہ

حصول عزّت کیلئے مجرب نقش

اس نقش مبارک کو زعفران سے لکھ کر لوبان کی دھونی دے کر زیر عمامہ

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP

اندرون ٹوپی رکھا کریں۔ حاکم کے سامنے عزت ہوگی اور عزیز خلائق ہوں گے
ہر پنجشنبہ کو لوبان کی دھونی دے دیا کریں۔ اور جب توفیق حضور سیدنا
غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فاتحہ دلایا کریں یہ نقش مکرم بھی اپنے اندر
اکسیری صفت رکھتا ہے بجز و رتمند فائدہ اٹھائیں

یا اللہ	المحمود	فی کل	فعالہ
فعالہ	فی کل	المحمود	یا اللہ
المحمود	یا اللہ	فعالہ	فی کل
فی کلے	فعالہ	یا اللہ	المحمود

برائے فلاں ابن فلاں

برائے واپسی مفرور مجرب نقش

اگر کوئی شخص اپنے گھر سے فرار ہوگیا ہو اور اس کا کوئی پتہ نہ ہو تو اس
نقش کو لکھ کر کسی سبز درخت میں لٹکا دیں انشاء اللہ تعالےٰ پریشان و حیران
تین دن کے اندر واپس آجائے گا۔ مجرب نقش ہے۔

بحق آدم حوا	بحق موسٰے و عیسٰے و ہارون
علیہما السلام	صلوٰۃ اللہ علیہم اجمعین

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

سورہ مزمّل شریف کا اکسیری نقش برائے دفع بلیّات

اگر کسی نقش پر بلیات ارضی وسماوی کا کچھ اثر ہو تو ہر وقت اس پریشانی میں مبتلا رکھتی ہوں۔ نحوست وادبار میں گھر ہو کبھی بحریان میں بے ہودہ بکتا ہو ایسی صورت میں اس نقش مبارک کو مشک و زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تعالے سب اثرات جاتے رہیں گے۔ نجد مبارک اور بیحد تاثیر ہے فوراً اثر کرتا ہے۔ بارہا اس کا تجربہ کیا ہے مفید پایا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴۹۹۰	۱۴۸۰۰	۱۴۸۷۳	۱۴۸۹۰
۱۴۸۷۳	۱۴۹۹۱	۱۴۸۹۹	۱۴۹۰۱
۱۴۸۹۲	۱۴۸۷۵	۱۴۸۹۸	۱۴۸۹۵
۱۴۸۹۹	۱۴۸۹۴	۱۴۸۹۳	۱۴۹۷۲

نقش اعجاز برائے حفاظت نظر بد

یہ نقش مکرم ومعظم حفاظت نظر بد کے لئے اکسیر ہے۔ علاوہ ازیں افزونی عزت وترقی مراتب کے اعجاز رکھتا ہے۔

چاہیئے کہ سفید کاغذ پر ساعت سعید میں مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالے نظر بد کے خطروں سے محفوظ رہیں گے اور مخلوق

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

خدا ان کی عزت کرے گی۔ جلد ان کے کام بہ آسانی ہوں گے کوئی مشکل کوئی آفت ان پر اثر انداز نہ ہوگی۔ اعتقاد شرط ہے۔ یہ نقش کرم کئی بار کا آزمودہ ہے کبھی خطا نہیں کرتا۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ سَخَّرَ لَکُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِیَ الْفُلْکُ بِاَمْرِہٖ وَلِتَبْتَغُوْا

۲۰۸۰ / ۲۱۱۲	۲۰۸۹ / ۲۱۱۶	۲۰۸۳ / ۲۱۱۹	۲۰۷۴ / ۲۱۰۶
۲۰۸۶ / ۲۱۱۸	۲۰۷۴ / ۲۱۰۷	۲۰۰۹ / ۲۱۱۲	۲۰۸۰ / ۲۱۱۷
۲۰۷۵ / ۲۱۰۸	۲۰۷۹ / ۲۱۲۱	۲۰۸۲ / ۲۱۱۲	۲۰۷۸ / ۲۱۱۱
۲۰۸۲ / ۲۱۱۵	۲۰۷۷ / ۲۱۱۰	۲۰۷۶ / ۲۱۰۹	۲۰۸۸ / ۲۱۲۰

مِنْ فَضْلِہٖ وَلَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ

اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ

[illegible]

واپسی مفرور کیلئے ایک نقش

اگر کوئی شخص اپنے گھر سے چلا گیا ہو اور بالکل لاپتہ ہو تو چاہیئے کہ اس نقش مبارک کو سفید کاغذ پر اور اگر ممکن ہو تو اس کے متعلقہ کپڑے پر لکھ کر تیلی اور چرخہ میں باندھ کر سات مرتبہ الٹا گھمائیں۔ انشاءاللہ تعالےٰ مفرور انسان جہاں ہوگا واپس آجائے گا۔

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP

کامیابی مقدمات کیلئے ایک نقش

اگر کوئی مقدمہ کسی بندۂ خدا کا عدالت میں پیش ہو اور حاکم کسی وجہ سے اس کے جائز بیان پر توجہ نہ کرتا ہو اور وہ بے قصور ہو۔ یا اس میں اس کا کافی نقصان ہو رہا ہو۔ تو جائز صورت میں اس نقش کو باوضو قبلہ رو ہو کر مشک و زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اس کے بازو پر باندھ دیجئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اس مقصد میں اس کو خاطر خواہ کامیابی حاصل ہو گی حاکم مجاز اس کی جائز فریاد کی سماعت کرے گا۔ اور عدل و انصاف کیساتھ اس کا فیصلہ کرے گا۔ عجیب چیز ہے۔

ہدایت:۔ نقش معظم باندھنے سے پہلے لوبان کی دھونی دینا چاہیئے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

یا جبرائیل — یا میکائیل

یا حنان	۲۶۹۶	۲۶۹۱	۲۶۹۸
یا منان	۲۶۹۷	۲۶۹۵	۲۶۹۳
یا دیان	۲۶۹۲	۲۶۹۹	۲۶۹۴
یا برہان	عُلیقاً	طلیقاً	علیتاً

یا عزرائیل — یا اسرافیل

یا بدوح یا بدوح یا بدوح

واپسی مفرور کیلئے ایک لاجواب نقش

اگر کوئی شخص اپنے گھر سے ناراض ہو کر چلا گیا ہو۔ اور اس کا کوئی پتہ نہ ہو تو مندرجہ ذیل اسراری نقش کو کسی صاف لاجوردی تختی وزنی دس مثقال پر کندا کرا کے نیچے مفرور کا نام اور اس کی والدہ کا نام کندہ کرا دیجئے اور زیر دیگدان (چولہا) دبا دیجئے یہ تختی ۲۴ گھنٹے آگ کی گرمی سے گرم رہے بحکم خدا مفرور پندرہ یوم میں اپنے گھر واپس آجائے گا۔

اگر خدانخواستہ وہ فوت ہو گیا ہے۔ تو دیگدان سے رونے کی آواز آئے گی۔ ورنہ قہقہے کی۔ یہ احتیاط رہے۔ اس نقش کو کسی پرہیزگار آدمی سے باوضو لکھوایئے۔ نقش یہ ہے۔

۳۶۲	۳۷۵	۳۶۶	۳۸۱
۳۶۸	۳۷۸	۳۶۴	۳۶۰
۳۷۴	۳۵۷	۳۸۰	۳۶۱
۳۸۲	۳۶۳	۳۷۱	۳۵۹

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

عملیات برائے محبت

عمل خاص الخاص برائے محبت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ بادی الرحمٰن کام کرے سبحان الرحیم عالم کو کر مسخر اور مستقیم ۔ موہنی چپ موہنی روپ ۔ موہنی موئی دین اسلام عمر بن خطاب علی نبی کا شمشیر بردار ۔ پیر دستگیر میرا کام کر کے لاؤ بحق لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ۔

عمل مذکورہ کو ایک سو ایک بار صبح کی نماز کے بعد شروع چاند کی جمعرات کے دن پڑھا جائے ۔ اوّل و آخر تین تین بار درود شریف دو لونگ لیکر اس پر دم کریں ۔ اور روزانہ انہی دونوں لونگوں پر اکیس دن تک عمل مذکورہ کو پڑھکر پھونکتے رہیں ۔

اکیسویں دن نادرین کی روئی میں دونوں لونگوں کو لپیٹ کر بتی بنا کر روغن صندل میں کاجل تیار کریں ۔ کاجل تیار ہونے تک یہ تعداد عمل پڑھنا ہوگا ۔

جب کاجل بن جائے تو تھوڑا سا صندل کا تیل ملا کر ڈبیہ میں رکھ لیں وقت ضرورت خود تھوڑا سا لگالیں ماتھے پر اور مطلوب کے کپڑوں میں اگر لگا سکتے ہوں تو لگالیں ۔ اوّل و آخر روز فاتحہ صاحب عمل کی یعنی حضرت پیران پیر دستگیر صحا

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

کام جن کے اسمائے گرامی ہیں کھیر یکا کر دیں۔
اگر رات کو کھیر پکا کر صبح فاتحہ دیں تو مناسب ہے۔ بعد میں کا عمل پر دم کریں
پرہیز:۔ گوشت، انڈہ، مچھلی، پیاز، لہسن نہ کھائیں۔ دوران عمل میں بیوی کے پاس جانا بھی مناسب نہیں ہے۔
نوٹ:۔ نادرین کی روئی سے مراد وہ روئی ہے۔ جو درخت میں لگی ہو۔ جب روئی ٹیٹ میں پک کر کام میں آنے کے قابل ہو جائے اور گیلی نہ رہے اس وقت کپاس درخت سے روئی کو توڑ کر لانا چاہیئے۔

عمل برائے محبت

اگر آپ سے کوئی افسر ناراض ہو۔ اور آپ اس کو اپنا گرویدہ بنانا چاہتے ہیں تو شروع چاند جمعہ کے دن بعد نماز صبح تھوڑی سی شکر سامنے رکھ کر سورۂ یٰسین پڑھو لیکن جب مبین پر پہنچو تو صرف جملہ مبین کی ایک سو دو مرتبہ تکرار کرو۔ ایک مرتبہ تو قرآن شریف میں ہے اس کے علاوہ ایک سو دو مرتبہ پڑھو سورۂ یٰسین میں سات جگہ مبین ہے تو کل مبین علاوہ قرآن مجید کے سات سو چودہ مرتبہ ہوگی۔ ہر مرتبہ مبین پڑھ کر اس شکر پر پھونک دیا کرو بعد ختم اس شکر کو احتیاط سے رکھو جب موقع ملے اس شخص کو کھلا دو۔ ایسی شے میں ملا کر کھلاؤ جس سے کوئی شبہ نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس شکر کے پیٹ میں جاتے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

کے بعد اس کے دل میں آپ کی محبت پیدا ہوگی۔

شکر اس قدر ہو۔ کہ جس سے ایک چائے کی پیالی یا کوئی مختصر شے میٹھی ہو سکے۔ باقی شکر کی کمی بیشی آپ کے اختیار میں ہے جس شخص کو مسخر کرنے کے واسطے عمل کرو اس شخص کے واسطے یہ شکر کارآمد ہے شکر پر دم کرتے وقت اس شخص کا نام لیکر دعا کرو۔ الٰہی فلاں بن فلاں کے دل میں میری طرف سے محبت کی شیرینی بھر دے۔ یہ عمل محبت کے لئے مجرب ہے مگر ہمیشہ جائز جگہ کام میں لیا جائے۔

عمل عجیب برائے مہربانی

اگر ماں باپ بیوی اولاد یا کوئی عزیز ناراض ہے اور آپ اس سے رضامندی چاہتے ہیں۔ تو مندرجہ ذیل شعر بعد نماز عشا روزانہ تین سو اکیس ۳۲۱ مرتبہ پڑھیں آسمان کے سائے میں برہنہ سر کھڑے ہو کر پڑھیں۔

بعد الفراغ تصور کر کے اس ناراض شخص کی طرف پھونک دیا کریں انشاء اللہ تعالےٰ ایک ہفتہ میں رضامندی ہوگی۔

لُطفُ الَّذِی یَرْفَقُ بِالْاَوْلَادِی
وَیَطْرَحُ الْمَحَبَّۃِ فِی الْاَبْیَادِی

FREE ALLIYAAT BOOKS GROUP

تسخیر محبوب کیلئے بیحد مجرب عمل

چاند دیکھنے کے بعد پہلے اتوار کی رات یہ عمل شروع کریں صرف سات دن کا عمل ہے احتیاط کیساتھ اگر جائز محبت کیلئے یہ کیا جائے۔ تو ہرگز خطا نہ ہوگا کئی بار کا آزمودہ ہے۔

عمل :- یہ نقش کاغذ پہ لکھ کر کوری روئی میں لپیٹے اور ایک کورا چراغ لیکر اس میں یہ فیتلہ رکھ دیں اور تل کے تیل سے روشن کریں چراغ کا منہ محبوب کے مکان کی طرف ہو خود چراغ کیسامنے بیٹھے اور مندرجہ ذیل افسوں اہم بار پڑھتا رہے جب پڑھ چکے چراغ جلتا رہنے دے جب فیتلہ بالکل جل کر راکھ ہو جائے تو اسکو زمین کے نیچے دفن کر دے دوسرے روز پھر نیا چراغ حسب سابق بنا دے اسی طرح سات دن عمل کرتا رہے۔

افسوں :- کالا کلوا کالی رات کالا بھجوں آدھی رات جب وہ آوے آدھی رات تن مجھ لاگے ساری رات کلوا بیر خلائی کوں بیٹھی کوں اٹھا لاؤ سوتی کوں جگا لاؤ کھڑی کوں دوڑا لاؤ حال لاؤ فی الحال لاؤ جو نہ لائے تو سگی بہن بھاجی کے سیج پہ رنگ دھرے

نقش جس کا ہر روز فیتلہ بنے گا۔ یہ ہے۔

کالا کلو ۹	۲۲ جوڑ لادے	کھڑی کو دوڑا لاؤ	۱۶ خلال کوں
۲۰ حال لاؤ	۵ کلوابیر	کالی رات	۲۱ فی الحال لاؤ
تن مجھ لاگے ساری رات	بیٹھی کوں اٹھا لاؤ	سیج پہ رنگ دھرے	کالا بھجوں
توسگی بہن بھاجی کے	آدھی رات	جب وہ آوے آدھی رات	سوتی کوں جگا لاؤ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

عمل محبت

چالیس دن چنے کے لیکر ایک ایک دانے پر سورۂ زلزال پڑھ کر دم کرے اور ہر ایک دانے کو آگ میں ڈالے یا سو بار ایک ہی مرتبہ پڑھ کر سب پر پھونکے اور آگ میں ڈالے اس وقت منہ میں شیرینی رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کم سے کم تین روز میں اپنا اثر دکھادے گا۔ خدانخواستہ اگر تین روز میں کامیابی نہ ہو تو ایک ہفتہ تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۔ زلزلہ زلزلہ الاشدید ادھیج جوارح فلاں بن فلاں علٰے حب فلاں بن فلاں يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۔ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۔ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۔

نوٹ:۔ فلاں بن فلاں کی جگہ اپنا اور اپنی ماں اور مطلوب اور اس کی ماں کا نام لکھیئے۔

عمل حب بالکل عجیب و غریب

محبت کیلئے یہ عمل نہایت سریع الاثر اور بیحد مجرب ہے خطا نہیں کرتا بارہا مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ اس عمل شریف کی دو ترکیبیں ہیں۔ عامل جس طرح سہولت سمجھے عمل کر سکتا ہے۔

پہلی ترکیب:۔ مندرجہ ذیل آیاتِ قرآنی کے اعداد بحساب ابجد نکالے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

جو حسب ذیل ہیں۔

لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ

٦٦٨ ١١٦٣ ٦٤٦ ٢٢٥

وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَلَّفَ بَیْنَھُمْ اِنَّہٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّجْعَلَ

٣٩٠ ٢٢٨ ٣٩٠

بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْھُمْ مَّوَدَّۃً وَاللّٰہُ قَدِیْرٌ

٨٥٦ ١١١٥

وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ الرَّحِیْمٌ سَخِّرْ لَہٗ بِحَقِّ ط میزان کل اعداد (٨٨٢٢)

١٠٠٥

مجموعہ صذا میں طالب و مطلوب کے اعداد مع لفظ ابن دبنت و عرف شامل کرے بعد ازاں مربع نقش تیار کر لیا جائے۔ اور اس نقش کا فتیلہ بنا کر فتیلے میں نئی روئی نیا چراغ اور نیا تیل روزانہ چنبیلی کا ہونا چاہیئے۔

فتیلے کے روبرو بیٹھ کر موافق تعداد اسم مطلوب مذکورہ بالا آیات تلاوت کریں۔

اگر پہلی دوسری اور تیسری شب میں گوہر مقصود ہاتھ نہ آئے تو تا حصول مراد سہ ہفتہ دو ہفتہ تین ہفتے متواتر پڑھتے رہیں۔ کوئی دن ناغہ نہ ہو۔

دوسری ترکیب۔ آیت مذکورہ کے مجموعہ میں طالب مطلوب کے عقیق

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

کا نام مع عرف کے اگر ہر دو عرف ہوں مع لفظ ابن و بنت کے حسبِ مذکور جمع کریں۔ اور مربع نقش تیار کریں اور نقش کو اس طرح تہہ کریں۔ کہ دائیں ہاتھ کے زیریں گوشے سے بائیں ہاتھ کے گوشہ بالا کی طرف تہہ ہو گویا کر خانۂ ایک پر نوک بنے دیں۔ روشنائی سے نشان بنائیں پھر کوری روئی اس پہ لپیٹ کر سب کاغذ اس پر چھپ جائے۔ وہی نشان والا گوشہ یاد رکھیں روئی لپیٹ کر اس پر پھر نشان بنا دیں۔ اور کورے چراغ میں چنبیلی یا بیلے کا عمدہ تیل بھر یں اور اس فتیلہ کو باوضو لگا کر اس پر رکھیں۔ اور پاک تنکے سے روشن کریں۔ چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی جانب رکھیں اور خود اس کے پیچھے بیٹھ کر اس کی روشنی میں باوضو مذکورہ دونوں آیات پڑھیں۔ حروف پڑھنے میں ٹھیک ادا ہوں۔ جلدی نہ کریں۔ اور دیسی کاغذ پر لکھیں۔ حروف چشمہ دار ہوں۔ مثلاً ق۔ و۔ ف م۔ ھ لکھے جائیں۔ فتیلہ کا رخ خانۂ مطلوب کی جانب رہے۔ قرأت آیات میں قلب کو اللہ عزوجل کی طرف متوجہ رکھیں۔ قرأت اور فتیلہ ساتھ ساتھ ختم ہو۔ اگر قرأت جلد ختم ہونے والی ہو۔ تو فتیلہ کی لو بڑھائیں بچے ہوئے تیل کو اپنے بالوں یا جسم میں لگائیں۔ سات اکیس یا اکتالیس دن پڑھیں گھبرائیں نہیں۔ نہ شک لائیں۔ چڑھتے چاند جو یکم سے تیرھویں شب تک رہتا ہے۔

ماہ ثابت یا ذوجسدین سے شروع کریں۔ اور وقت مقررہ پر بعد نماز عشاء پڑھا کریں۔ شب کا ایک وقت مقرر کر لیں۔ آخر تک وہ وقت ناغہ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

نہ ہو۔ تلاوت میں صرف آیات رہیں۔ نام یا سحر لازکچھ نہ ہوگا۔

عمل حُب تسخیر خلائق کے لئے

محبت و تسخیر کیلئے یہ عمل مبارک بعد نماز عشاء قبلہ رو ہو کر اکتالیس دن تک ہر روز اکتالیس مرتبہ پڑھیں تسخیر خلائق کیلئے بے حد پر اثر عمل ہے۔

عمل } حیب یا جرائیل یا دردائیل یار فتمائیل یا تنکفیل احفز و لمحب والمسخرات خلق اللہ بحق یا اللہ یا ودود یا بدوح یا اقطاب

سند۔ یہ عمل کشائش رزق کے لئے بھی پڑھا جاتا ہے۔ لیکن تعداد میں اضافہ کرنا ہوگا۔ یعنی بعد از نماز ایک ہزار گیارہ مرتبہ روزانہ بلا ناغہ پڑھنا ہو انشاء اللہ تعالےٰ رزق کی فراوانی ہوگی۔

محبت اور اپنی محبوبہ کی تسخیر کیلئے

محبوبہ کیلئے اس سے بہتر عمل تجربہ میں کوئی اور نہ آیا فوراً ہی اثر کرتا ہے بشرطیکہ طلب صادق ہو۔ نیت جائز ہو۔ عمل یہ ہے۔

یَاجَامِعُ الْمُتَفَرِّقِیْنَ بِحَقِّ یَابَدُّوْحُ!۔

ترکیب:۔ ہر روز بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ پڑھا کریں پڑھتے وقت محبوب کا تصور رکھیں کہ وہ ہاتھ باندھے سامنے کھڑا ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

برائے محبت وبیقراری محبوب

اس عمل مبارک کو شروع چاند میں کسی مبارک تاریخ سے شروع کریں پہلے دن جو وقت مقرر کریں اسی وقت روز پڑھا کریں۔ ہر روز سات بار یہ عمل پڑھیں اور چالیس دن تک جاری رکھیں انشاء اللہ اس درمیان گوہر مقصود سے دامن بھر جائیگا

عمل مبارک یہ ہے:- الحمد للہ رب العالمین بستم جان فلاں بن فلاں را با جانِ خویش با فلاں الرحمٰن الرحیم بستم چشمانِ فلاں بن فلاں را تا چشمانِ خویش با فلاں مالک یوم الدین بستم دہانِ فلاں بن فلاں با دہان خویش فلاں وایاک نعبد بستم گوشانِ فلاں بن فلاں را با گوشان خویش با فلاں وایاک نستعین بستم سر فلاں بن فلاں را با سر خویش با فلاں اھدنا الصراط المستقیم بستم دستان فلاں بن فلاں را با دستانِ خویش با فلاں صراط الذین بستم پائے فلاں بن فلاں را با پائے خویش با فلاں انعمت علیھم بستم کنود فلاں بن فلاں را با کنو خویش با فلاں غیر المغضوب علیھم بستم علمائے فلاں بن فلاں با علمائے خویش با فلاں ولا الضالین بستم سی صد و شصت و شش رگ و چہار صد و چہل و چہار استخوان فلاں بن فلاں را با آمین بستم ہفت اندام فلاں بنت فلاں علی حب فلاں بن فلاں بہ ہفت آیت الحمد للہ رب العالمین بستم۔

نوٹ:- اگر مندرجہ بالا نقش عمل اپنے لئے پڑھیں تو صرف خویش کہیں اگر دوسرے کیلئے پڑھیں تو فلاں کی جگہ اس کا نام لیں اسی طرح ہر فلاں بن فلاں

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

کی جگہ مطلوب اور اس کی ماں کا نام لیا کریں یہ شرط ضروری ہے۔

محبّت کیلئے اکسیری عمل

یہ عمل حب کیلئے اکسیری صفت رکھتا ہے اکثر بزرگان کرام کا مجرب ہے کبھی خطا نہیں جاتا میرا بھی چند مرتبہ کا آزمودہ ہے بالکل موثر اور مجرب ہے

عمل:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؕ

ترکیب: مندرجہ بالا آیت شریف کو شروع چاند میں اتوار کے دن (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کریں اور مطلوب کو کھلائیں اس آیت کی برکت سے محبوب بیقرار ہوگا۔ آزمودہ ہے۔

محبوب کو مطیع کرنے کے لئے جادو اثر عمل

اگر کسی سنگدل محبوب کو اپنا مطیع اور فرمانبردار بنانا ہو تو اس عمل کو بااعتقاد صادق پڑھے انشاء اللہ تعالٰے جلد از جلد کامیابی ہوگی عمل شریف یہ ہے

مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

ترکیب: مندرجہ بالا آیت شریف کو شروع چاند میں جمعرات یا پیر کے دن

FREE AULIYAAT BOOKS GROUP

اعتقاد صادق اور بہ نیت جائز صرف سات مرتبہ پڑھ کر پھولوں پر دم کرے یا شیرینی پر اور پھول یا شیرینی محبوب کو دے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً کامیابی ہوگی دیگر۔ اگر کسی سے دوستی یا محبت پیدا کرنا مطلوب ہو تو مندرجہ ذیل نہایت آسان عمل کرے انشاء اللہ فوراً کامیابی ہوگی یہ عمل میرا بار ہا کا آزمودہ ہے ہر مرتبہ بہت جلد کامیابی ہوتی ہے کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔ رفاہ عام کی غرض سے درج ہے۔

الحکیم

ترکیب: مندرجہ بالا اسم کو شروع چاند میں نوچندی جمعرات سے شروع کرے اور صبح شام بعد نماز پڑھیں اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر ایک سو ایک اس اسم اعظم کو پڑھا کریں۔ وقت تلاوت آنکھیں بند کر کے تصور کریں۔ کہ مطلوب سامنے حاضر ہے جب عمل ختم ہو جائے تو تصور میں محبوب کے اوپر دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں کامیابی ہوگی۔ اگر اتفاق سے تاخیر ہو جائے تو تین ہفتہ تک عمل جاری رکھیں۔ مدد دل ہرگز نہ ہوں۔ اعتقاد شرط ہے اگر اس عمل کو سوا لاکھ مرتبہ چالیس دن کے اندر زکوٰۃ پڑھ لیں تو اس عمل کے حامل ہوں گے۔ اس کے بعد صرف تین روز ہر ایک مقصد کے لئے پڑھنا کافی ہوگا۔ نیت جائز شرط ہے۔ یہ عمل مبارک نہایت موثر و مجرب ہے۔

عطرِ محبّت

محبوب کیلئے مندرجہ ذیل عمل بھی نادر الوجود ہے۔ فوراً ہی اپنا اثر کرتا ہے۔
عمل۔ سورۂ مزمل کو مع گیارہ مرتبہ درود شریف کی گیارہ مرتبہ تلاوت کر کے
عطر پر دم کرے۔ اور محبوب کو سنگھائیں فوراً فریفتہ ہو گا۔

تسخیرِ محبوب کیلئے

اگر کوئی محبوب سنگدل خواہ عورت ہو یا مرد آپکی طرف متوجہ نہ ہوتا ہو تو یہ
عمل کیجئے۔ انشاءاللہ تعالیٰ تین روز میں فرمانبردار ہو جائے گا

عمل یَا وَدُوْدُ

ترکیب:۔ چاہیئے کہ پوری پاکیزگی کے ساتھ ایک پیالہ شربت کا تیار کریں
اس میں گلاب اور کیوڑہ ڈالیں لازم ہے کہ پنجشنبہ کا دن ہو، عصر کے وقت قبلہ
رو بیٹھ کر آنکھیں بند کر کے محبوب کا تصور کریں۔ اور ایک ہزار چار سو مرتبہ اسم
اعظم مندرجہ بالا کو گیارہ گیارہ مرتبہ اول و آخر درود شریف کے پڑھیں اس کے
بعد اس شربت پر دم کریں۔ اور خود پی لیں۔ انشاءاللہ اسی دن مطلوب حاضر
ہو گا یا تین یا سات دن تک یہ عمل کریں۔ ضرور کامیابی ہو گی۔

اتفاق و اتحاد گروہ کیلئے عمل

اگر کسی گروہ میں لڑائی جھگڑا یا سخت جنگ ہونے کا امکان ہو تو صلح

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

دامن کیلئے مندرجہ ذیل آیت شریف کو ایک صاف کاغذ پر زعفران سے لکھ کر پانی میں دھو کر اس پانی میں کنویں میں ڈال دیں جس سے وہ لوگ پانی پیتے ہوں خدا کے فضل و کرم سے باہمی اتحاد پیدا ہوگا۔ آیت مقدسہ یہ ہے
وَجَآءَ مِنْ اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْــَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۔

دعائے محبت

اسمائے موکلات کی یہ دعا محبت کیلئے عجیب و مجرب ہے چاہیئے کہ چالیس بار شیرینی پر دم کر کے کھلائیں مطلوب اس کے کھاتے ہی فریفتہ و بیقرار ہو جائے گا۔

دعا: عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الْاَرْوَاحِ وَصَاحِبُ السِّرِّ وَالْاِسْوَاسِ الْخَنَّاسِ جُنُوْدِ اِبْلِيْسَ خَاتَمِ سُلَيْمَانَ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ بِحَقِّ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ هُوَ الَّذِيْ لِلْعَالَمِيْنَ ۔

فلاں بن فلاں علے حب فلاں بن فلاں دائماً ابداً یہ عمل شروع چاند میں نوچندی جمعرات کو کیا جائے۔

نوٹ: اس آیت کی زکوٰۃ اس طرح ادا کریں۔ کہ اتوار کے دن سے شروع کریں۔ اور روزانہ گیارہ بار لکھ کر گولیاں بنا کر دریا میں ڈالا کریں

FREE MILITANT BOOKS GROUP

اس طرح سات دن تک کریں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

تسخیر محبوب کیلئے ایک اور مؤثر عمل

اگر آپ چاہتے ہیں کہ کسی کو اپنا مطیع اور فرمانبردار بنائیں تو چاہیے کہ چودہ دن اس تسبیح کو ایک سو مرتبہ دقت مقررہ کر کے پڑھیں بعد سریع الاثر ہے۔ تسبیح یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سبحان الذی دلش خواہاں من کن وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ زبانش گویائے من کن لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ چشم تیدہ من کن وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کوشش باشولئے من وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ ہمہ تن و ہمہ جان فلاں بنت فلاں کو مطیع و فرمانبردار من کن بحق ہذا الکلام آمین ہدایت ہر عروج چاند نیک ساعت میں یہ تسبیح مبارک شروع کریں انشاء اللہ کامیابی ہوگی

تسخیر محبوب کیلئے ایک لاجواب عمل

بعد نماز عشاء اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر آیت کریمہ ایک سو مرتبہ پڑھیں۔ بیحد پر تاثیر ہے۔ لیکن مرد کیلئے ہرگز نہ پڑھیں عورت کیلئے پڑھیں خصوصاً بیوی کیلئے اکسیر ہے۔ اعظم ہے۔

عمل شروع کرنے سے قبل حضرت پیر دستگیر محبوب سبحانی رضی اللہ تعالیٰ

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP

عنہ کی فاتحہ کچھ شیرینی سامنے رکھ کر دیں یہ عمل ۱۲ دن کریں آیت شریف یہ ہے
بِهٖ تَسْلِيْمًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مَحْبُوْبَ فِيْ قَلْبِيْ تَحْيٰ يَا بَدُوْحُ
يَا بَدُّوْحُ - اس عمل شریف کے لئے بزرگان دین نے متفقہ فیصلہ کیا ہے
کہ تسخیر محبوب کے لئے اس سے بہتر تیر بہدف اور اکسیر صفت کوئی دوسرا عمل
نہیں ہے

دُعائے عَقدُ المحبَّت

یہ دعائے مبارک ایکسو چودہ سورۂ مبارکہ قرآن شریف میں سے اخذ
کرکے مرتب کی گئی ہے مقصد محبت کے لئے اس سے زیادہ مجرب شاید ہی
کوئی چیز ہو۔

اکثر صوفیائے کرام نے اس دعائے مبارکہ کی اپنی بیاضوں میں جو اسناد
لکھی ہیں۔ وہ بہت کچھ ہیں اور اس دعا کو پڑھنے کی مختلف ترکیبیں درج کی ہیں
ان میں سے بعض بہت ہی دشوار ہیں اور بعض سہل ہیں ان ترکیب میں سے ذیل کی
ایک ترکیب نہایت سہل ہے ہر عام شخص فائدہ اٹھا سکے اس کے لئے درج کرتا ہوں
جائز محبت پیدا کرنے کیلئے اس دعائے مبارکہ کو چالیس دن تک ہر روز ایک
بار بعد نماز عشاء پڑھے اگر محبوب کو مصری یا کوئی شیرینی کھلا سکتا ہو تو اس پر دم
کرکے رکھ لے اور محبوب کو کھلائے اگر ایسا نہ کر سکتا ہو تو صرف پڑھ لے اور اپنے
اوپر دم کرے کافی ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

دعائے مبارکہ میں ابنائے آدم و بنات حوا کے فقرے بہت ہی جگہ آئے ہیں۔ ان مقامات پر یہ خیال رکھنا چاہیئے۔ کہ دعائے مبارکہ اگر کسی فرد کیلئے پڑھی جا رہی ہے۔ تو صرف ان کا نام لینا چاہیئے۔ اور ابنائے آدم و بنات حوا کا فقرہ ترک کر دینا چاہیئے۔ اور اگر خلائق تسخیر یعنی بہت سے افراد کے لئے دعائے مبارکہ کی تلاوت کی جا رہی ہے۔ تو فقرہ مندرجہ ہی تلاوت کرنا چاہیئے۔ یہ دعائے مبارکہ تسخیر خلائق کیلئے بھی عجیب و غریب چیز ہے اس مقصد کیلئے بھی بعد نماز عشاء صرف ایک بار تلاوت کرنا چاہیئے۔

بعض صوفیائے کرام نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ زندگی میں صرف ایک بار اس کی تلاوت تسخیر خلائق کے لئے کافی ہے۔ لیکن بیشتر عاملین کاملین اس پر متفق ہیں۔ کہ اس کی تلاوت متواتر رکھنا سودمند ہے مجھے بھی اس سے ہی اتفاق ہے۔ دعائے مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ
وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللّٰهُ
يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ
ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ
وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُ
هُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

FREE AHLE-BAIT BOOKS GROUP

خَالِدِیْنَ فِیْهَا وَنِعْمَ اَجْرُ عَامِلِیْنَ ؕ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ لِیْ فلاں ابن فلاں یا ابنائے آدم یا بنات
حوّا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا حَیُّ یَا
قَیُّوْمُ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ لِیْ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سَخِّرْ لِیْ
بمہر ودوستی من یا فلاں بن فلاں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ
جْعَلْهُ عَلٰی رَدِّ فَارِحِیْنَا مُحِبًّا بِحَقِّ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ یَا رَبّ
بحرمت آں نام کہ در انجیل نوشتہ یا ربّ بحرمت جمیع اسمائے عظام والاسماءُ
الحسنٰی وآیات الکبرٰی وبحرمت سیدنا علی مرتضٰی وبحرمت سیدۃ النساءُ فاطمۃ
الزہرا وبحرمت سیدنا علی مرتضٰی وامام حسن المجتبٰی وبحرمت سیدنا حسین شہید
کربلا وبحرمت حضور سیدنا غوث الاعظم قطب الاقطاب البری یا مقلب
القلوب والابصار لین وعلٰی قلوب ابنائے آدم وبنات حوّا بالرحمۃ
والرافۃ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ لِیْ ابنائے آدم وبنات حوّا یا رَءُوْفُ بِرَحْمَتِکَ
یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ؕ ۱۵۔

عمل سورۂ اخلاص برائے تسخیر محبوب

تسخیر محبوب کیلئے ذیل کا عمل مجرب ہے۔ عروج ماہ میں پڑھیں یقیناً کامیابی ہوگی۔ عمل یہ ہے۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔
قُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ یَا جِبْرَئِیْلُ یَا اِسْرَافِیْلُ اَللهُ الصَّمَدُ یَا مِیْکَائِیْلُ لَمْ یَلِدْ یَا اِمِیْکَائِیْلُ وَلَمْ یُوْلَدْ یَا عِزْرَائِیْلُ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ دَرْدَعْیَائِیْلُ کُفُوًا اَحَدٌ یَا بُدُّوْحُ اَهْیَا اَشْرَا هِیًّا یَا عَطُوْفُ یَا شَمْعَائِیْلُ یَا هَمُوَاکِیْلُ۔ فلاں بن فلاں علے حب فلاں بن فلاں بے قرار و بے آرام شدہ بیاید یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للّٰہ

ترکیب:۔ ۴۱ دانے کالی مرچوں کے لے کر ہر دانے پر پہلے دن تین تین بار یہ عمل پڑھے۔ دوسرے دن ۵ ۵ بار، تیسرے دن، سات بار ہر دانے پر پڑھے ہر روز کوئلے کی آگ میں وہ دم شدہ کالی مرچیں جلا دیا کریں یہ عمل سات یا اکیس دن میں اپنا اثر دکھائیگا انشاءاللہ تعالےٰ اس امر میں کامیابی ہوگی

تسخیر خلائق کیلئے مجرّب عمل

تسخیر خلائق کیلئے عروج ماہ میں باعتقاد صادق اس عمل کو پڑھیں انشاءاللہ حیرتناک کامیابی ہوگی۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

عمل:۔ اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ یَا رَرْدَائِیْلُ یَا رَانْتَمَائِیْلُ یَا تَنْکَفِیْلُ اُحْضُرُ وَالْحُبُّ وَالْمُسَخَّرَاتُ تُخَلِّقَ اللّٰہِ لِیْ بِحَقِّ یَا اللّٰہُ یَا ھُوَ یَا وَدُوْدُ یَا بُدُّوْحُ یَا اَقْطَابْ ھند۔

ترکیب:۔ ۲۱،۱۱ مرتبہ بعد نماز عشاء ہر روز اس کی تلاوت کیا کریں

عمل تلاوت آیتہ الکرسی برائے محبّت

نماز فرض کے بعد آیت الکرسی شریف کی اس طرح تلاوت کرنے کہ آیت الکرسی شریف کے دس کلموں پر دسوں انگلیوں کو بند کرے شروع دائیں چھنگلی سے کرکے بائیں انگوٹھے پر ختم کرے اور یَشْفَعُ عِنْدَہٗ کے دو عینوں کے درمیان حاجات یعنی مثل حب یا ترقی مراتب ومناصب وغیرہ دل میں لائے اور یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ کے دو میموں کے درمیان حاجات قہر یعنی بربادی اعداء ظلم ظالمان وغیرہ کا خیال کرے۔

جب انگلیاں بند کر چکے تو سورہ الم نشرح، قل ہو اللہ اور درود شریف تین تین بار پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکے پھر ایک بار الحمد مع بسم اللہ شریف و آمین پڑھ کر ایک ایک انگلی کھولتا جائے جب دس بار پڑھ کر دسوں انگلیاں کھول چکے تو ہاتھ پر پھونک مار کر تمام اعضاء پر مل لے۔

یہ عمل نہایت سریع الاثر اور مجرب ہے بحکم خدا مقصد فوراً پورا ہوتا ہے

FREE PAK ISTANI BOOKS GROUP

اکثر بار کا آزمودہ ہے کبھی خطا نہیں کرتا ہے۔

تسخیر کیلئے

یَا رَحِیمُ کُلِّ صَرِیخٍ وَمَکْرُوبٍ وَغِیَاثُہٗ وَمَعَاذُہٗ یہ اسم پاک جمالی ہے اگر کوئی شخص تسخیر ارواح وقلوب خلائق کے وجمیع خلائق کے لئے جو آسمان وزمین پر ہیں۔ اسم پاک کی تلاوت کریں انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہونگے۔ اکثر مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

ترکیب:۔ چالیس دن تک متواتر سات ہزار بار پڑھے تمام روحانیات عالم علوی وساکنان سفلی اس کی طرف متوجہ ہوں۔ اور اس کے مددگار ہوں اس دعوت کا تام دعوت رحیمی ہے۔

اس کی ایک دوسری ترکیب بھی ہے یعنی اگر کوئی آدمی ہر روز تین سو ساٹھ بار اس اسم پاک کو پڑھے گا۔ اور اول وآخر ہر سینکڑہ تین بار درود شریف پڑھے گا۔ اگر قید ہوگا رہائی ملے گی۔ قرضدار ہوگا سبکدوشی ہوگی مریض شفا پائے فقیر تونگر ہوگا۔ گمراہ ہدایت پائے گا۔ اگر دریا یا جنگل میں ہوگا تو غرق ہونے یا ہلاک ہونے سے محفوظ رہیگا۔ مسافر اپنے وطن سے دور پڑا ہوگا اپنے گھر واپس آئیگا۔ اگر کسی کا باطن خراب ہوگا۔ جمعیت خاطر الغیب ہوگی اور لذات حضور سے مسرور ہوگا۔ غرض ہر حاجت پوری ہوگی ہر مقصد میں کامیابی ہوگی اس عمل شریف کیلئے بعد نماز عشاء تنہائی میں بیٹھ کر پڑھنا ضروری ہے۔

FREE AHLE HAQ BOOKS GROUP

بے نظیر عمل محبت

یُحِبُّوْنَهُمْ وَیُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ اَعِزَّةٍ عَلَی الْکٰفِرِیْنَ ۔ اگر صرف ایک ہی مرتبہ عمل کرنا ہو۔ تو گیارہ سو مرتبہ پڑھے اور ریوڑھیوں پہ پڑھ کر اپنے مطلوب کو کھلا دے مطیع و فرمانبردار ہو جائیگا ورنہ سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر زکوٰۃ ادا کرے پھر کسی کیلئے پڑھنا ہو مع نام طالب و مطلوب کے اور اپنی نیت کے اکتالیس بار پڑھ کر ریوڑھیوں پہ دم کرے اور محبوب کو کھلائے ریوڑھیوں کی جفت رکھیں طاق ہرگز نہ ہوں تعداد میں خواہ کتنی ہوں وقت کی کوئی قید نہیں ہے بیحد مجرب عمل ہے۔

محبّت کیلئے تعویذات

ملاپ کا تعویذ

ہولی کی رات میں جب لکڑیوں میں آگ لگے تو آگ کے پاس بیٹھ کر یہ آیت پڑھنا شروع کرو۔ اور ایک بڑے کاغذ پر لکھتے جاؤ۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ (بس اسی قدر پڑھیں) ہر آیت اس قدر فرق یعنی فاصلہ دے کر لکھو کر ہر آیت کاٹ کر الگ کر سکو۔ ہر آیت کے نیچے بھی جگہ چھوڑتے جاؤ۔ پڑھنے لکھنے کی کوئی تعداد نہیں ہے۔ جب نیند آنے لگے۔ تو پڑھنا اور لکھنا بند کرو۔

جب دو شخصوں کے درمیان رنجش دور کر کے میل ملاپ کرانا ہو تو ایک

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

آیت کو کاٹ کراس کے نیچے دونوں کے نام مع والدہ کے لکھ کر موم جامہ
کرکے طالب قمیض میں اندر کی جانب جہاں بٹن ہوتے ہیں سلوا لے قمیض
بدلنا ہو تو اسی طرح دوسرے قمیض میں سلوا لینا چاہیئے۔ تعویذ میں نام
طالب والدہ پہلے اور نام مطلوب مع والدہ بعد میں لکھا جائے۔

طالب اس تعویذ کو اپنے پاس رکھ کر مطلوب کے سامنے بار بار جاتا
رہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ دلی مطلب ضرور بر آئیگا۔

محبت کیلئے اکسیری تعویذ

ذیل میں دو نقش ہیں۔ ان میں سے نمبر ایک کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں
جہاں مناسب ہو۔ دوسرا نقش مطلوب کو پانی میں چاٹے یا شربت میں
گھول کر پلائیں۔ یعنی نقش صاف ہو جائے۔ تو کاغذ کو پھینک دیں جو
عبارت نقش کے نیچے تحریر ہے۔ وہ بھی لکھیں۔ نقش اوّل کے نیچے اپنا
اپنا نام لکھے۔ جائز جگہ پر کام میں لیں۔ اگر جگہ ایسی ہے کہ آپ کوئی بلا
نہیں سکتے تو اس عمل کو نہ کریں۔ نقش جمعرات یا جمعہ کے دن سورج نکلنے
سے ایک گھنٹہ تک لکھنا ہوگا۔ تاریخ کی کوئی قید نہیں
نقش دوسرے صفحہ پر دیئے گئے ہیں۔

FREE AL-LIYAAT BOOKS GROUP

۷۸۶

۱۵	۲۱	۲۰	۱
۲۵	۳	۱۳	۲۳
۲۵	۲۱	۱۷	۱۱
۱۹	۹	۷	۲۴

نام طالب یحبونہم کحب اللہ

۷۸۶

۱۴	۲۲	۲۸	۲
۲۶	۲	۱۲	۲۴
۶	۲۲	۱۸	۱۲
۲۰	۱۱	۸	۳۰

نام مطلوب اللہم سخر کما سخرت الحدید لداؤد علیہ السلام

تعویذ محبّت یا تسخیر اعظم کا نایاب عمل

تسخیر اسم اعظم ہے اور جس طرح اکسیر کیمیا نادرالوجود ہے اسی طرح تسخیر بھی عنقا ہے تسخیر کا عمل کرنا ہر ایک کا کام نہیں ہاں اگر میاں بیوی میں کدورت ہوگئی ہو یا کوئی عزیز دوست ناراض ہوگیا ہو تو یا کوئی کام کسی سے لینا ہے بشرطیکہ یہ کام خلاف شرع نہ ہو تو تسخیر کا عمل کرنا چاہیئے۔ اس بارے میں ذیل کا عمل بہت مجرب ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ جس دن نیا چاند دیکھے اسی دن دس منٹ کے وقت میں یہ عمل کرنا چاہیئے پہلی تاریخ کا چاند تھوڑی دیر رہتا ہے اگر چاند غروب ہوگیا تو پھر عمل کا وقت جاتا رہے گا دوسرے مہینہ کرنا ہوگا پہلی رات کا چاند غروب نہ ہو اسوقت تک عمل کرنا چاہیئے۔

ترکیب:۔ زعفران یا ہلدی کا پیس کر اسکی روشنائی بنا کر یہ نقش سفید کاغذ پر ۱۲ عدد تحریر کریں اور اپنے پاس رکھیں۔ دوسرے دن سے روزانہ ایک نقش

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

پراس شخص کا نام لکھ کر دریا۔ نہر یا کنوئیں میں آٹے کی گولی بنا کر ڈالیں۔ خدا چاہے تو اس درمیان وہ شخص مہربان ہو جائیگا۔ کل ۲۲ نقش لکھنا ہیں۔ اگر ۷۔ ۸۔ ۹ نقش لکھ لئے ہیں۔ اور چاند غروب ہو گیا تو کوئی نقصان نہیں۔ لیکن دو۔ تین یا چار۔ پانچ لکھے ہیں۔ اور چاند غروب ہو گیا تو پھر یہ نقش کام نہ دے گا۔ دن میں تیرہ نقوش کی لکیریں کھینچ کر اور ان پر بسم اللہ شریف کے عدد لکھ کر رکھیں وقت پر حروف نقش بھر لیں۔ تا کہ جلد از جلد لکھ لیں۔ مطلوب کا نام پانی میں ڈالتے وقت لکھا کریں۔

نقش یہ ہے۔

۱۲۲ه	ن	یا ودود
ب	ف	ح
ط	ش	ذ

بیوی کو مطیع کرنے کیلئے

اگر میاں بیوی کیلئے کوئی اکسیر الخواص عمل ہو سکتا ہے۔ تو صرف یہی عمل ہے۔ چاہیئے کہ اگر شوہر بیوی کے درمیان خاطر خواہ محبت نہ ہو۔ بیوی ہر وقت اپنے شوہر سے بدظن اور کشیدہ رہتی ہو تو مندرجہ ذیل نقش آناً فاناً حالات میں انقلاب پیدا کر دیتا ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

ترکیب:۔ اس نقش مکرم کو ساعت سعید میں لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں بیوی مطیع و فرمانبردار ہو جائیگی۔ باہمی کشیدگی جاتی رہیگی نقش مکرم اگلے صفحہ پر ہے

FREE ALL URDU BOOKS GROUP

۳۱۴۹۷۸	۳۱۴۹۸۱	۳۱۴۹۸۴	۳۱۴۹۷۶
۳۱۴۹۸۳	۳۱۴۹۷۱	۳۱۴۹۷۷	۳۱۴۹۸۲
۳۱۴۹۷۲	۳۱۴۹۴۹	۳۱۴۹۷۹	۳۱۴۹۷۹
۳۱۴۹۸۰	۳۱۴۹۷۵	۳۱۴۹۷۳	۳۱۴۹۸۵

سریع الاثر کثیر المنفعت نقش محبّت

مندرجہ ذیل نقش محبت ایک بافیض بزرگ کا عطیہ خاص ہے انہوں نے اپنی بیاض خاص میں طویل اسناد کے ساتھ درج کر کے مخفی رکھا تھا راقم الحروف کو اپنی عنایت خاص سے مرحمت فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا اس عظیم الاثر نقش کو نہایت احتیاط سے رکھنا اور انتہائی مجبوری میں اہل حاجت کے لئے اس کو کام میں لانا اس نقش کی تاثیر معجز نما ہے اکثر تجربہ کا آزمودہ ہے محبوب کتنا ہی سنگدل ہو نفرت کرنے والا ہو۔ اس کی برکت سے فی الفور اس کا دل موم ہو کر پگھلنے لگے گا۔ اور بے چین و بیقرار ہو کر طالب کے قدموں پر جھک جائیگا۔ راہ میں اگر پہاڑ ہوں کانٹے یا دریا ہوں کوئی شے اسکو روک نہیں سکتی۔ مگر طالب کی نیت بخیر ہو مطلب جائز ہو۔ اسکا ضرور خیال رکھنا چاہئے مندرجہ بالا ارشاد کیساتھ افادۂ عام کی غرض سے اس نقش متبرک کو درج کر رہا ہوں۔ محبت کیلئے اس نقش کو لکھ کر فتیلہ بنا کر کوری سکورے میں روغن کنجد ڈال کر پاک جگہ میں دفن کرے اور منہ چراغ کا مطلوب کے خانہ کیطرف ہو جب چراغ گل ہو جائے تو فاتحہ شیرینی پر حضرت محبوب سبحانی اور شاہ عبدالواحد و شاہ

عبدالصمد کی دے کر چھوٹے بچوں کو تقسیم کر دے یہ عمل سات دن کرے یہ نقش مبارک بیحد مجرب نہایت سریع الاثر ہے اکثر مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

فلاں ابن فلاں علےٰ حب فلاں بن فلاں

عملیات بغض عداوت کیلئے

بربادی دشمن کیلئے اکسیر عمل

چاند کی ۲۷ تاریخ کو دن کے بارہ بجے قبرستان میں جاؤ پہلے تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر پھونکو پھر کسی قبر پر کھڑے ہو کر ایک مرتبہ سورۂ فیل پڑھ کر اپنے داہنے پاؤں کے نیچے سے دو انگلیوں سے ایک چٹکی خاک اٹھا کر کسی کاغذ میں احتیاط سے رکھو پھر دوسری قبر پر کھڑے ہو کر ایک مرتبہ سورۂ فیل پڑھ کر دو انگلیوں سے مٹی اٹھا لو اس کو بھی پہلی میں ملا دو اسطرح بارہ قبروں پر عمل کرو یہ مٹی جس گھر میں ڈال دو گے اس میں فتنہ و فساد ہوگا مگر احتیاط کرو یہ عمل اس جگہ جہاں قانون اور شریعت اجازت دے یعنی جس گھر کے لوگوں سے آپکو نقصان پہنچ رہا ہے آپ صرف اپنے فائدہ کی خاطر

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

یا معمولی بات پر اس اکسیری عمل کو ہرگز ہرگز کام میں نہ لائیں۔ مسلمانوں میں بغیر وجہ شرعیہ باہمی اختلاف پیدا کرانے کی اجازت ہرگز نہیں ہے۔ البتہ ایسی کسی مجبوری میں کہ جہاں نقصان دین وایمان ہو رہا ہو۔ وہاں اس قسم کے عمل سے کام لینا جائز ہے۔ اسی لئے اس کتاب میں اس قسم کے عمل کم سے کم درج ہیں۔

دفع ہمسایۂ بد کیلئے ایک عمل

اگر کوئی ہمسایہ آپکی اذیت کے درپے ہو۔ آپکو دکھ دیتا ہو۔ اس کے وہاں رہنے سے فتنہ وفساد کا اندیشہ ہو یا امور دینی اور شریعت اسلامی میں حارج و مخل ہوتا ہو۔ تو ان حالات میں مندرجہ ذیل عمل سود مند ہوگا۔

عمل: کسی پرانے قبرستان سے سات قبروں کی تھوڑی تھوڑی خاک لے آئیں یہ سب الگ الگ رکھیں پھر ہر ایک خاک پر سات بار سورہ کوثر پڑھ کر دم کریں ان دم شدہ خاک کو ایک جگہ کر لیں۔ اور کسی پرانے کپڑے میں کر کے ہمسایہ کے مکان میں ایسی جگہ رکھوا دیں جہاں جھاڑو نہ دی جاتی ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ ورنہ اکیس دن میں وہ مکان چھوڑ کر چلا جائے گا۔

یہ عمل نہایت کامیاب اور بیحد سریع الاثر ہے لیکن اس کو ناجائز ہرگز استعمال نہ کیا جائے کیونکہ شریعت اسلامیہ میں مخلوقِ خدا کو آزار پہنچانا جائز نہیں ہے۔ اسلئے انتہائی مجبوری میں اس عمل کو استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOK GROUP

عداوت کیلئے تعویذات

باہمی دشمنی کا تعویذ

جن دو شخصوں میں خلاف شرع میل ملاپ ہو یا ایسے ملاپ سے آپکو نقصان پہنچ رہا ہو۔ تو ایسی صورت میں یہ تعویذ بیحد زود اثر ثابت ہوگا۔

قمری مہینے کے آخری سنیچر کے دن طلوع آفتاب کے ایک گھنٹہ تک یہ تعویذ سیاہ روشنائی سے لوہے کے قلم سے پُر کریں اور اس مثلث سے نیچے دونوں کے نام لکھ کر پرانی قبر میں یہ نقش دفن کر دیں۔

نقش کو تہہ کر کے اوپر سے نیلا دھاگہ باندھ دیں اگر نیلا دھاگہ نہ ملے تو سیاہ رنگ کا دھاگہ باندھ دیں ایک مہینے میں اس تعویذ کا مکمل طور پر اثر ہوگا۔ گھبرائیں نہیں۔

۱۷۰۲	۱۷۰۳	۱۶۹۰
۱۶۹۶	۱۷۰۱	۱۷۰۵
۱۷۰۴	۱۶۹۸	۱۷۰۰

زبان بندی دشمن کیلئے مجرب نقش

اگر کوئی دشمن اپنی بدزبانی و بدکلامی سے آپ کو ایذا پہنچاتا ہو یا اس کی زبان بندی سے عوام کو دینی و دنیاوی سکھ پہنچتا ہو۔ تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل نقش بیحد مفید ثابت ہوگا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

ترکیب:۔ اس نقش مبارک کو سفید کاغذ پر کالی روشنائی سے لکھ کر موم جامہ کریں۔ اور ایک بھاری پتھر کے نیچے دبادیں۔ نقش کی پشت پر یہ عبارت بھی لکھیں

بند کردم زبان فلاں ابن فلاں از بدی خود با فلاں ابن فلاں

نوٹ:۔ یہ نقش انتہائی ضرورت پر لکھا جائے نیت ایذا رسانی کی نہ ہو شریعت اسلامیہ کا کوئی نقصان ہو رہا ہو یا عالمگیر ضرورت کا امکان ہو اس وقت جائز ہے اسکے خلاف ہرگز نہ کیا جائے اگر بلا جائز ضرورت اس کا استعمال کیا تو بجائے کامیابی ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔ نقش یہ ہے۔

۸	۱۱	۸۸۳	۱
۲۸۲	۲	۷	۱۲
۳	۸۸۵	۹	۶
۱۰	۵	۴	۲۸۴

روحانی علاج

قدرت نے انسان کے جسم میں ہزاروں بیماریوں کو پیدا کیا ہے جن کی ٹھیک تعداد کوئی نہیں جانتا ان تمام بیماریوں میں بہت سی ایسی بیماریاں ہیں جو ہر وقت نظروں کے سامنے آتی ہیں۔ اور بہت سی ایسی ہیں جن کا ظہور کبھی کبھی ہوتا ہے۔ جو بیماریاں ہر وقت ظہور پذیر ہوتی رہتی ہیں۔ ان کا علاج دو طریقوں پر کیا جاتا ہے۔ ایک دوا کے ذریعہ دوسرا دعا کے ذریعہ۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

بعض لوگ ہر بیماری کا علاج صرف دوا کے ذریعہ ہی جانتے ہیں۔ وہ ہر بیماری کا علاج دوا سے ہی کرتے ہیں۔ قدرت نے اگرچہ بیماری کے واسطے دوا پیدا کر کے اس میں تاثیرات پوشیدہ رکھی ہیں جو کبھی خطا نہیں کرتیں۔

لیکن جو لوگ صرف دواؤں کو ہی ذریعہ شفا سمجھتے ہیں ان کو جاننا چاہیئے کہ قدرت نے دوا کے علاوہ انسانی امراض کے لئے قرآن پاک میں آیتیں اتاری ہیں جن کو متقدمین نے جہاں مین کر اخذ کیا ہے۔ چونکہ آیات قرآنیہ کے ذریعہ امراض کا علاج بلا خرچ ہو سکتا ہے۔ اگر اعتقاد درست ہو تو دوا سے زیادہ جلد صحت حاصل ہو سکتی ہے اس لئے وہ لوگ اعتقاد کیساتھ اس علاج کو رواج دیں تو بہتر ہے۔ اس وقت افلاس و ناداری کی وجہ سے بہت سے لوگ علاج کرنے کی ہمت نہیں رکھتے۔ اور اکثر و بیشتر ایسے لوگوں کے لئے معمولی امراض بھی جان لیوا بن جاتے ہیں۔ اسلئے یہ ضروری ہے کہ ایسے لوگ بزرگان کرام کے بتائے ہوئے اعمال سے فائدہ اٹھائیں۔

عمل برائے تکلیف ناف

اکثر لوگوں کی ناف ٹل جاتی ہے۔ ان کو بیحد تکلیف ہوتی ہے کھانے پینے چلنے پھرنے میں دشواری پیدا ہو جاتی ہے۔ اس لئے ذیل میں بیحد مجرب عمل درج ہے پہلے اس عمل کی زکوٰۃ دینی چاہیئے زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے

FREE AULIYAAT BOOKS GROUP

کہ سورج گرہن یا چاند گرہن کے وقت ایک سو انیس مرتبہ یہ عمل پڑھ لیں بس آپ اس کے عامل ہیں۔ اب جس شخص کی ناف گئی ہے تو اکیس مرتبہ یہ عمل پڑھ کر عامل اپنے پیٹ پر ہاتھ پھیرے جس شخص کی ناف گئی ہوگی فوراً آرام ہوگا اپنے پیٹ پر ہاتھ پھیرتے ہوئے مریض کا نام لو کہ فلاں کی ناف درست ہو جائے مریض کا سامنے ہونا ضروری نہیں صرف نام کی ضرورت ہے اگر ایک مرتبہ میں ناف جگہ پر نہ آئے تو تھوڑی دیر کیلئے خاموش ہو جاؤ۔ اس کے بعد دوبارہ اکیس مرتبہ پڑھو اور مریض کا نام لے کر اپنے پیٹ پر ہاتھ پھیرو انشاء اللہ تعالےٰ اسی وقت مریض کو آرام ہوگا۔ عمل شریف یہ ہے۔

لا آلہ کا کوٹ الا اللہ کی کھائی فلانے کا ناف گو لا ٹھکانے لا حضرت علی کی چوکی محمد مصطفےٰ کی دوہائی۔

فلانے کی جگہ مریض کا نام لو اس عمل کو ہندو مسلم سب کر سکتے ہیں۔ اور شب برات میں بھی اس عمل کی زکوٰۃ دی جا سکتی ہے۔

عمل برائے مرض بواسیر

جس کسی کو بواسیر کی شکایت ہو وہ اس عمل کو کریں انشاء اللہ حکمیہ کامیابی ہوگی۔ یہ عمل پاخانے جاتے وقت تین مرتبہ پڑھا جاتا ہے یہ احتیاط رہے کہ پاخانہ کے باہر ہی اس کو پڑھ لیا جائے۔ پاخانے کے اندر جا کر نہ پڑھیں۔

FREE MILLAT BOOK GROUP

عمل:- کرکرنی بیرونی بیروں شو۔ خدا زرگ است تو بیروں شو
لا الٰہ الا اللہ محمد الرسول اللہ۔

دُعا برائے دفع ہر بیماری

خدا نہ کرے آپ خود بیمار ہیں یا کوئی دوسرا بیمار ہے۔ بیماری سخت ہے یا خطرہ ہے تو صبح و شام یہ آیت شریف مع بسم اللہ ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر پھونک کر تھوڑا سا پانی پی لیں۔

اگر کسی دوسرے کے لئے کرتے ہیں تو اس کو پلا دیں۔ اور تھوڑا پانی منہ پر مل دیا کریں۔ صبح و شام دونوں وقت ایسا ہی کریں۔ خدا چاہے تو ایک ہفتے میں صحت ہوگی۔ اگر نہ ہو تو کلی صحت حاصل ہونے تک عمل جاری رکھیں انشاء اللہ تعالٰی جلد از جلد صحت حاصل ہوگی۔ آیت پاک یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ ط

اگر کوئی صاحب پڑھ نہ سکیں تو کاغذ پر آیت شریف زعفران یا ہلدی پیس کر اس سے لکھ کر پانی میں دھو کر پلا دیا کریں۔ بحکم خدا صحت ہوگی۔

علاج الامراض کیلئے ایک مفید عمل۔

الحمد شریف نہایت جلیل القدر سورۂ مقدسہ ہے حضور اکرم صلی اللہ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ سورۃ الحمد شریف وہ سورۃ جلیلہ ہے۔ کہ اس کی نظیر قرآن پاک میں کوئی سورۃ ہے نہ توریت وانجیل میں اور نہ زبور میں۔

احادیث مبارکہ میں کئی واقعات ایسے ملتے ہیں کہ اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم سانپ بچھو کے کاٹے ہوئے اور مرگی والوں دیوانوں پر سورہ الحمد شریف پڑھ کر دم فرمایا کرتے تھے۔ اور خدائے پاک اس سورۂ جلیلہ کے صدقہ میں فوراً صحت فرمادیا کرتا تھا جس کے درد ہوتا تھا اسی سورۂ پاک کو پڑھ کر درد کی جگہ پر لعاب دہن لگا دیا کرتے تھے۔ درد فوراً آرام ہو جاتا تھا۔ ہزار دن عمل ایک طرف اور سورہ الحمد شریف کا عمل ایک طرف ہے۔

آپ پہلے اس کی زکوٰۃ ادا کریں زکوٰۃ یہ ہے کہ روزانہ بعد نماز عشاء چالیس مرتبہ بنیت زکوٰۃ اس کو پڑھیں اکیس دن تک یہ عمل کیجئے۔ بعدازاں حسب ذیل مقاصد کیلئے آپ اس کو مجرب اور زود اثر پائیں گے۔

۱۔ مرگی والے کی بیماری کیلئے تین مرتبہ مع بسم اللہ شریف پڑھ کر دونوں کانوں میں پھونکیں یہ عمل جب کیا جائے گا۔ جب مرگی والا دورے میں بیہوش پڑا ہو خدا چاہے تو چند مرتبہ میں اس موذی مرض سے شفائے کلی ہوگی۔

۲۔ اگر کسی کے کہیں درد ہو تو تین مرتبہ الحمد شریف مع بسم اللہ پڑھ کر اپنا لعاب دہن درد والی جگہ لگائیں۔ بحکم خدا درد موقوف ہوگا۔

۳۔ سانپ کے کاٹے ہوئے پر سات مرتبہ پڑھ کر زخم پر لعاب دہن ملئے اور پی

FREE ... BOOKS GROUP

دس منٹ کے بعد یہ عمل کرتے رہیئے۔ انشاء اللہ سانپ کا زہر دور ہو جائیگا

۴۔ بچھو کے کاٹے ہوئے کیلئے تین مرتبہ پڑھ کر مقام نیش زدہ پر لعاب دہن لگائیے۔ انشاء اللہ فوراً آرام ہوگا۔

غرضیکہ سورہ الحمد شریف سراپا شفا ہے سامنے ہی فائدہ اٹھانے کی کوشش کیجئے۔ اس عظیم الشان سورۃ مبارکہ کے خواص بیحد وبے شمار ہیں۔

صحتیابی کیلئے ایک مجرّب عمل

سات تار نیلے سوت کے لیکر ایک کو بٹ لیں پھر نماز صبح میں سورہ الم نشرح پڑھیں اور جس جگہ قاف آئے ایک گرہ لگا دیں۔ اس سورۃ میں آٹھ جگہ کاف آیا ہے۔ اس طرح آٹھ گرہ ہونگی جس کسی کو بخار آتا ہو یا لرزہ آتا ہو تو مریض کی الٹی کلائی میں اس گنڈہ کو باندھ دیں بخار یا لرزہ ختم ہوگا۔ اگر سر، کمر یا کسی اور جگہ درد ہو تو یہ گنڈہ درد والی جگہ پر باندھیں۔ درد جاتا رہے گا اس عمل شریف کو مایوس العلاج مریضوں کیلئے اکثر تجربہ کیا گیا ہے۔ بیحد کامیاب اور سریع تاثیر پایا کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔

کمی سماعت کیلئے مجرب عمل

اگر کسی کو اونچا سنائی دیتا ہو۔ تو روغن بادام لیکر اس پر بادمنو ۵۰۰ مرتبہ بسم

FREE ADDRESS BOOK GROUP

اعظم "یَا سَمِیْعُ" پڑھ کر دم کریں۔ بسم اللہ شریف پہلی مرتبہ پڑھ کر شروع کریں یہ تیل سوتے وقت ایک ایک قطرہ کانوں میں ڈالا کریں۔ بحکم خدا ثقل سماعت کی شکایت دور ہو جائے گی۔

صحت یابی مریض کیلئے ایک اور عمل

یہ تعویذ ہر چھوٹے بڑے مریض کیلئے مجرب ہے۔ عروج ماہ میں جمعرات کے دن زعفران سے یہ نقش لکھ کر اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں اور مریض کی آنکھ سے آنکھ ملا کر "یَا حَیُّ یَا حَیُّ" بے تعداد مرتبہ پڑھتے رہئے یہاں تک کہ مریض آنکھیں بند کر لے جب مریض آنکھیں بند کر لے تو مریض کے سینے پر پھونک دیجئے۔ بحکم خدا جلد شفا ہو گی۔ نقش ایک ہی کافی ہے۔

۴۰	۴۵	۴۸	۴۳
۴۷	۳۴	۳۹	۴۶
۲۵	۵۰	۴۳	۳۸
۴۴	۳۷	۳۶	۴۹

مگر اسم یَا حَیُّ روزانہ پڑھا کریں ایسی تاثیرات میں یہ عمل بھی نہایت سریع الاثر ہے نقش معظم یہ ہے۔

جاڑے کیلئے عمل

اگر جاڑا آتا ہو تو خواہ کسی کا ہو اس کے لئے ذیل کا عمل مجرب ہے چاہئے تین ٹھیکریاں کوری لیں۔ ان پر پانی نہ لگا ہو۔ اس پر یہ اسماء لکھے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

پہلی پر محیط دوسری پر محیطط ۔ تیسری پر محیططط

پہلی ٹھکری پاک کپڑے میں باندھ کر مریض کے داہنے ہاتھ کی کلائی میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالٰی پہلے روز کے باندھنے سے تپ دلرزہ جاتا رہے گا۔ اگر نہ جائے تو دوسرے دن دوسری اور تیسرے دن ٹھیکری باندھ دی جائے انشاء اللہ تیسرے دن ضرور شفا حاصل ہوگی۔

سوکھا (اُم الصبیان) کیلئے مجرب عمل

اکثر بچوں کو سوکھے کا مرض لاحق ہوجاتا ہے جسے اُم الصبیان بھی کہتے ہیں اس میں بچہ سوکھتا جاتا ہے یہاں تک کہ بعض بچے اس مرض میں مرجاتے ہیں۔ اس مرض کا دوسرا علاج بھی کریں اور روحانی علاج حسب ذیل کریں انشاء اللہ تعالٰی چند یوم کے عمل کرنے سے صحت حاصل ہوگی عمل یہ ہے

سورہ الطارق قرآن پاک کے تیسویں پارے میں ہے اسے اکیس مرتبہ پڑھیں، اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

ختم کرنے کے بعد بچے کے دونوں کانوں میں، آنکھوں میں ناک کے نتھنوں میں اور منہ پر پھونکیں۔ اور پھر اپنے دونوں ہاتھوں پر پھونک کر بچے کے تمام جسم پر ہاتھ ملیں تین دن کے عمل ہی سے بچہ بحکم خدا تندرست ہوجائے گا۔ اس عمل کے لئے وقت کوئی مقرر نہیں ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

نماز برائے شفا مریض

دوگانہ پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین بار سورہ اخلاص پڑھے سلام کے بعد مصلے پر بیٹھا رہے کسی سے بات چیت نہ کرے اور ایک ہزار مرتبہ یہ تسبیح پڑھے۔

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ اِرْحَمْنِیْ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ہ

اس عمل شریف کی برکت سے حق سبحانہ وتعالےٰ اسکو اکسیر تو زندگی عطا فرمائے گا۔

نماز برائے دفع بواسیر

دوگانہ پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین بار سورۂ اخلاص پڑھے سلام کے بعد وہیں مصلے پر بیٹھا رہے کسی سے بات چیت نہ کرے اور ایک ہزار بار یہ تسبیح پڑھے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّسُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ رَبِّیْ

چند روز یہی عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر جاتی رہے گی۔

دردِ شکم کیلئے ایک مجرب عمل

اجوائن یا سونف دو چار تولہ لیکر اس پر اکیس مرتبہ سورۂ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ مع بسم اللہ شریف کے پڑھ کر پھونک کر احتیاط سے رکھو۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

جس کسی کے پیٹ میں درد ہو اس کو پانچ دانے کھلا کر اوپر سے چائے یا نیم گرم پانی کے چند گھونٹ پلا دو ان شاء اللہ تعالٰی درد ختم ہو جائیگا۔ بچوں کو صرف تین دانے کھلانا کافی ہیں۔

عمل برائے حفاظت طفلاں

نیلے رنگ کے سوت (دھاگہ) کے ساتھ بٹ کر اس پر سورۂ رحمٰن پڑھو اور جس جگہ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰن آئے اس جگہ ایک گرہ خوب سخت لگاتے جاؤ۔ یہ دھاگہ جس بچے کے گلے میں ہوگا وہ بچہ نظر بد سے سوکھے سے چیچک سے بحکم خدا محفوظ رہے گا اور بچے کے دانت بہ آسانی نکلیں گے۔

عمل برائے بینائی چشم

بعد نماز ہر ایک کے اسم اعظم یَا بَصِیْرُ تین مرتبہ پڑھ کر سیدھے ہاتھ کی انگلی شہادت پر پھونک کر وہ انگلی دونوں آنکھوں پر پھیر لیا کریں۔ اس عمل مبارک سے آنکھوں کی بینائی تیز ہو جاتی ہے۔ بارہا تجربہ کیا گیا ہے۔

آیاتِ شفا

چھ آیتیں جن کو آیاتِ شفا کہتے ہیں۔ ایک چینی کی رکابی پر زعفران سے

FREE FULL MAAT BOOKS GROUP

لکھ کر اور پانی سے دھو کر مریض کو تین دن یا سات دن تک پلائیں اللہ تعالیٰ شفائے کامل عطا فرمائے گا۔

عمل:۔ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ ط۔ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ يَخْرُجُ مِنْ بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ ط۔

برائے حفاظت مرض چیچک

سات چاول بالکل سالم ہوں ٹوٹے ہوئے نہ ہوں پھر ان پر سورۂ کوثر سات مرتبہ دم کرے۔

اوّل و آخر درود شریف تین تین بار پڑھے یہ دم شدہ چاول بچے کو کھلا دے انشاء اللہ وبائے چیچک سے بچہ محفوظ رہے گا۔

درد آدھا سیسی کیلئے اکسیر نقش

پہلے تھوڑی شیرینی پر فاتحہ دے کر چھوٹے بچوں کو تقسیم کرے اس کے بعد آیت مندرجہ ذیل کو سفید کاغذ پر لکھ کر مقام درد پر باندھے انشاء اللہ

FREE ANLIYAAT BOOKS GROUP

تعالیٰ شفا حاصل ہوگی آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلَا یُشْعِرَنَّ بِکُمْ اَحَدًا
اَللّٰھُمَّ اَسْکِنَ ھٰذَا الرَّجَعَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ

کھسرہ و چیچک سے محفوظ رہنے کیلئے

قبل طلوع آفتاب کے لکھ کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ ہرگز نہیں نکلے گی بغرض محال اگر نکلے بھی تو اس سے جلد از جلد صحت ہو جائیگی۔ نقش یہ ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ	غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ	اَلصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ	وَاِیَّاکَ
صِرَاطَ الَّذِیْنَ	اِیَّاکَ نَعْبُدُ	رَبِّ الْعَالَمِیْنَ	اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ
یَوْمِ الدِّیْنِ	نَسْتَعِیْنُ	وَلَا الضَّالِّیْنَ	اَلرَّحْمٰنِ
عَلَیْھِمْ	اَلرَّحِیْمُ	مَالِکِ	اِھْدِنَا

برائے گریہ اطفال

اکثر بچے روتے بہت ہیں۔ اس کو اکثر لوگ چلی کہتے ہیں اسلئے ایک سفید کاغذ پر مندرجہ ذیل نقش لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تعالیٰ کا رونا فوراً موقوف ہو جائے گا نقش یہ ہے۔ ھیٌ ھیٌ ھیٌ ھیٌ
ھیٌ ھیٌ ھیٌ

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

صحت یابی مریض کیلئے کامیاب عمل

خدانخواستہ اگر آپ خود بیمار ہیں یا کوئی دوسرا بیمار ہے تو مندرجہ ذیل عمل صحتیابی کے لیے کریں انشاء اللہ تعالےٰ جلد صحت ہوگی۔

عمل ۱:- صبح وشام تھوڑے پانی میں اس آیت شریف کو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو مریض کو پلا دیں اور تھوڑا سا پانی مریض کے چہرے پہ بھی مل دیں۔ آیت شریف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

دوسری ترکیب۔ مندرجہ بالا آیت شریف کو زعفران سے کسی کاغذ پر لکھ کر دھولیں، اور ہر روز مریض کو صبح وشام دو مرتبہ پلایا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفائے کامل عطا ہوگا۔

برائے دریافت حالات مریض

اگر کوئی شخص بیمار ہے صحت نہیں ہوتی اور نہ مرض سمجھ میں آتا ہے یہ معلوم کرنا ہے کہ کوئی آسیب یا سحر تو نہیں ہے یا جادو یا جسمانی بیماری ہے تو یہ نقش زعفران سے لکھ کر یا ہلدی کے پانی سے چینی کی طشتری پر لکھ کر اور پانی سے دھو کر اس کو پلا دو پانی پی کر اگر وہ رونے لگے یا رونی صورت

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

بتائے تو آسیب ہے اگر ہنسے یا خوشی کا اظہار کرے تو سحر یا جادو ہے اگر خاموش رہے کوئی حالت نہ بتائے تو مرض ہے بالکل درست حالت کا علم آجائے کا نقش معظم یہ ہے۔



بواسیر خونی و بادی کا عمل

اگر کوئی شخص بواسیر خونی یا بادی کے مرض میں مبتلا ہو۔ اور کوئی دوا کارگر نہ ہو تو اس شخص کیلئے اس نقش مکرم کو چادرات کو لکھے اور ناف پر باندھے انشاء اللہ تعالٰے اس کی برکت سے خدائے تعالٰے صحت کامل عطا فرمائے گا اکثر تجربہ کا

مجرب ہے نہایت سریع الاثر ہے اعتقاد کامل شرط ہے۔ نقش یہ ہے۔

۱۲	۳۵	۳۸	۵
۳۷	۶	۱۱	۳۶
۷	۴۰	۳۳	۱۰
۳۴	۵	۸	۳۹

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

امساک پیدا کرنے کیلئے مجرب نقش

اگر وظیفہ زوجیت کی ادائیگی میں آپ کو تھوڑا بہت وقت لگتا ہو اور اس قلیل مدت کو آپ طویل مدت میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں اور آپ چاہتے ہیں کہ کیف و سرور کی یہ گھڑیاں طویل ہو جائیں۔ اور جب تک آپ کا دل نہ چاہے اس وقت تک آپ اس پراسرار حالات میں کھڑے رہا کریں۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش آزمودہ اور بارہا کا مجرب استعمال میں لائیں یہ نقش آپ کی دلی خواہشات کو بخوبی پورا کرے گا۔ چاہیئے کہ اس نقش کو مشک و زعفران سے ہرن کی کھال پر جمعرات کی صبح کو ساعت مشتری میں لکھ کر رکھ لیں اور بروقت مجامعت نقش مذکور کو کمر میں باندھ لیں نقش کو پشت پر رکھیں جب تک یہ نقش کمر پر رہیگا ہرگز انزال نہ ہوگا جب منزل ہونا چاہیں نقش کو الگ کر دیں فوراً انزال ہوگا۔ نہایت مجرب ہے۔

نقش یہ ہے۔

۱۲	۳۵	۳۸	۵۰
۳۷	۹	۱۱	۳۶
۷	۴۰	۳۳	۱۰
۳۴	۵۰	۸	۳۹

برائے فلاں ابن فلاں

شفائے مرض کنور کے لئے

اکثر بچوں کے کان کے نیچے کچھ غدود پھول جاتے ہیں عام طور پر ان کو

کنور کہتے ہیں اس مرض کیلئے مندرجہ ذیل نقش بے حد موثر ہے۔
ترکیب۔ درخت پیپل کے پتے پر روشنائی سے لکھ کر چپکا دیں بحکم خدا شفا ہوگی۔ اگر جانب راست ہو تو سیدھی طرف کا نقش لکھیں اور جانب چپ ہو تو الٹی طرف کا لکھیں۔ دونوں نقوش یہ ہیں۔

برائے جانب راست:۔ یاجوع یاجوع یاجوع
برائے جانب چپ:۔ یا اَجّ یا اَجّ یا اَجّ

مندرجہ بالا نقوش مرض کنور کے لئے بے حد فائدہ مند ہیں اسلئے اس کے استعمال سے دو تین دن کے اندر مرض کنور کا خاتمہ ہو جائے گا۔

طاقت کے لیئے نقش

اگر کسی شخص کی قوت مردمی میں کمی ہو گئی ہے اور اس کی خواہش ہے کہ وہ زیادہ ہو جائے تو مندرجہ ذیل نقش استعمال کر کے قدرت خداوندی کا مشاہدہ کر اس نقش مبارک کی برکت سے قوت مردمی میں حیرتناک زیادتی ہوگی۔
ترکیب۔ مندرجہ ذیل نقش کو ساعت زہرہ یا قمری یا قمر میں مشک و زعفران سے لکھ کر کمر میں باندھیں نقش مبارک یہ ہے

۷	۴۷۴	۴۷۷	۱
۴۷۶	۶	۷	۴۷۵
۳	۶	۴۷۹	۴۷۲
۴۷۳	۵	۴	۴۷۸

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

صحت یابی مریض کیلئے ایک اور نقش

مندرجہ ذیل نقش ہر مرض کے لئے اکسیر ہے۔ اگر کوئی صاحب زندگی سے مایوس ہوکر طبیب اور ڈاکٹر جواب دے چکے ہوں حالت مرض سمجھ میں نہ آتی ہو۔ یا کسی ایسے مقام پر ہے جہاں طبی مدد نہ پہنچے۔ اس وقت یہ نقش مبارک مشک و زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالےٰ صحت کاملہ ہوگی۔ نقش مبارک یہ ہے۔

۲۱۵۳	۲۱۵۶	۲۱۵۹	۲۱۴۶
۲۱۵۸	۲۱۴۷	۲۱۵۲	۲۱۵۷
۲۱۴۸	۲۱۶۱	۲۱۵۴	۲۱۵۱
۲۱۵۵	۲۱۵۰	۲۱۴۹	۲۱۶۰

حول دل وخطرات کیلئے ایک مجرب عمل

اگر کسی کے دل میں کسی وجہ سے ڈر اور خوف پیدا ہوگیا ہو یا اس کو کسی قسم کے خطرات جانی ومالی ہوں جس سے وہ دن بدن گھلتا جاتا ہو یا کوئی نظر بد کا اثر ہے تو مندرجہ ذیل نقش مشک زعفران سے جمعرات کے دن ساعت سعید میں لکھ کر گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالےٰ تسکین خاطر بخوبی حاصل ہوگی نقش مبارک آئندہ صفحہ پر ملاحظہ کیجئے۔

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP

۹۹۴	۹۹۷	۱۰۰۰	۹۸۶
۹۹۹	۹۸۷	۹۹۳	۹۹۸
۹۸۸	۱۰۰۲	۹۹۵	۹۹۲
۹۹۶	۹۹۱	۹۸۹	۱۰۰۱

نقش سیفی شریف برائے صحت

نقش مبارک صحت کی خاطر خواہ حاصل کرنے کیلئے نہایت ہی مجرب ہے اگر کوئی مریض جاں بلب اور ناقابل علاج ہو جائے تو بھی اس نقش مبارک کی برکت سے خاطر خواہ صحت حاصل ہوتی ہے اکثر بزرگوں کا تجربہ ہے۔

ضرورت پیش آنے پر اس نقش مبارک کو مشک و زعفران سے سفید کاغذ پر بساعت مشتری لکھے اور نقش کی پشت پر مندرجہ ذیل عبارت بھی لکھے۔

برائے خیریت وجمعیت خاطر وصحت خاطر خواہ برائے فلاں ابن فلاں بفضل الٰہی حاصل شود۔ آمین۔

پھر اس نقش مبارک کو لوبان کی دھونی دیکر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت سے صحت کے آثار نمودار ہونے لگیں گے اور ایک ہفتہ میں کامل صحت ملیگی۔

بزرگان کرام کا خیال ہے کہ عملیات میں سیفی شریف سے زائد پر تاثیر کوئی عمل نہیں ہے انتہائی مشکل میں یہ عمل خواہ وظیفہ کی شکل میں ہو یا

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

نقش کی حیثیت سے ہو۔ رہبر کامل کی صورت کامیاب ثابت ہوتا ہے۔ اپنے معجزہ نما اثرات سے ہر طالب کو منفید کامیابی سے روشناس کراتا ہے اس وعائے مبارکہ کے متعلق اکابرین کرام اور اولیائے عظام نے اپنے ملفوظات میں بے شمار تعریفیں لکھی ہیں اس کا نقش مکرم یہ ہے۔

<table>
<tr><td>١٢٨٦٠٦</td><td>١٢٨٦٠٩</td><td>١٢٨٦١٢</td><td>١٢٨٥٩٨</td></tr>
<tr><td>١٢٨٦١١</td><td colspan="2" rowspan="2">١٢٨٥٩٩   ١٢٨٦٠٥
اعطوف
ذوالقوۃ المتین اعطف
علے قلوب العالمین
١٢٨٦١٣   ١٢٨٦٠٧</td><td>١٢٨٦١٠</td></tr>
<tr><td>١٢٨٦٠٠</td><td>١٢٨٦٠٤</td></tr>
<tr><td>١٢٨٦٠٨</td><td>١٢٨٦٠٣</td><td>١٢٨٦٠١</td><td>١٢٨٦١٣</td></tr>
</table>

نقش چہل کاف برائے درد شکم

اگر کسی بندۂ خدا کو درد شکم کی شکایت ہو کوئی دوا کارگر نہ ہوتی ہو مریض تکلیف میں تڑپ رہا ہو تو اس نقش مبارک کو سفید کاغذ پر زعفران سے اگر ممکن نہ ہو تو سیاہی سے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ فوراً صحت ہوگی

٢٩١	٢٨٦	٢٩٣
٢٩٢	٢٩٠	٢٨٨
٢٨٧	٢٩٤	٢٨٩

نقش یہ ہے

FREE ... BOOKS GROUP

درستی ذہن کے لئے نادر عمل

اکثر لوگ کند ذہنی کی شکایت کا شکار ہوتے ہیں اور بچوں کو عام طور پر اس کی شکایت زیادہ ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں مندرجہ ذیل عمل نہایت ہی سریع الاثر ثابت ہوتا ہے۔

چاہیئے کہ ایسے لوگوں کا جن کا ذہن کند ہو گیا ہو وہ کھانا کھانے کے وقت مندرجہ ذیل دعائے مبارکہ تین مرتبہ پڑھ لیا کریں انشاء اللہ تعالٰی ان کی شکایت چند دن میں جاتی رہے گی۔

اس دعائے مبارکہ کو بطور نقش گلے میں ڈالنے سے بھی بہت فائدہ ہوتا ہے۔ دعائے مبارکہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا مَنْ عُلُوُّہٗ لَا یُرَامُ یَا مَنْ ھُوَ فِیْ عَلَیْہِ مُحِیْطٌ یَا مَنْ ھُوَ فِیْ عِزِّہٖ لَطِیْفٌ یَا مَنْ ھُوَ فِیْ لُطْفِہٖ شَرِیْفٌ یَا مَنْ ھُوَ فِیْ مَجْدِہٖ مُنِیْعٌ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ہ۔

یہ عمل مبارک بلاناغہ پڑھا جائے کوئی دن ناغہ نہ ہونا چاہیئے اگر خدانخواستہ کسی دن ناغہ ہو بھی جائے تو از سر نو پھر پڑھنا پڑے گا بہت احتیاط رکھی جائے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

متفرقات عملیات

برائے گمشدگی اشیاء

اگر کوئی شے کہیں رکھ کر آپ بھول جائیں۔ اور یاد نہ آتی ہو تو آپ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ پڑھنا شروع کر دیں کوئی تعداد اس کی مقرر نہیں ہے۔ مگر کثرت سے پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ جلد وہ شے یاد آجائے گی اور مل جائیگی۔ اس عمل شریف کی برکت سے چوری گئی ہوئی چیز بھی اکثر مل گئی ہے مجرب عمل ہے۔

برائے کامیابی سفر

سفر کو جاتے وقت یا کسی مقصد کے حصول کے واسطے جاتے وقت تین مرتبہ سورۂ الحمد شریف مع بسم اللہ شریف اس طرح پڑھیں کہ ہر مرتبہ جس جگہ اِھْدِ نَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ حرف اسی قدر سات مرتبہ تکرار کریں یعنی ایک مرتبہ کو اصلی صورت میں ہے اس کے علاوہ سات مرتبہ تکرار کریں۔ اپنے جملے کو پڑھ کر بقیہ سورت آخر تک ختم کیا کریں۔ پھر گھر سے اس کام کو نکل جائیں یا سفر کو جائیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ وہ کام پورا ہوگا یا سفر میں خاطر خواہ فائدہ ہوگا

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

دستک برائے حفاظت مکان

رات کو سونے سے قبل تین مرتبہ آیۃ الکرسی مع بسم اللہ شریف پڑھ کر اس زور سے تالی بجائیں۔ کہ اس تالی کی آواز تمام مکان میں گونج جائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ وہ مکان چور اور ڈاکوؤں کی زد سے محفوظ رہے گا اکثر اصحاب کا اس پر عمل ہے۔ اور خدا کے فضل سے فرشتے اس گھر کی حفاظت کرتے ہیں۔ اس عمل پر کامل طور پر اعتقاد رکھنا چاہیئے۔

برائے حفاظت جان و مال

سفر کو جانے سے قبل یا ذوالاسم الاعظم یا حفیظ نو سو اٹھانوے مرتبہ پڑھ کر سفر کو جائیں اول و آخر نو نو مرتبہ درود شریف ضرور بالضرور پڑھیں سفر کتنا ہی خطرناک اور مشکل ہو بحکم خدا کامیابی و سکون سے ختم ہو گا اور جس مقصد سے سفر کو جا رہے ہیں۔ اس میں بھی بفضل تعالےٰ پوری طرح سے کامیابی حاصل ہو گی۔

حفاظت مکان کا مجرب عمل

اگر کسی مکان میں کسی جن یا آسیب وخبیث روحوں کا خطرہ ہو تو اور گھر کے لوگ اکثر بیمار رہتے ہیں۔ تب پانچ کوری ٹھیکریاں لیکر بعد نماز

FREE AHLIYAAT BOOKS GROUP

عصر پر ٹھیکری پر پانچ مرتبہ سورہ شریف وَالْعَصْرِ پڑھ کر چار ٹھیکریاں مکان کے چار گوشوں میں اور ایک ٹھیکری صحن میں دفن کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ وہ مکان ہر بلا سے محفوظ رہے گا یہ عمل شریف بیحد مجرب ہے۔ میں نے اکثر بار اس کا تجربہ کیا ہے کبھی خطا نہیں کرتا۔

عمل برائے آسیب و نظر بد

جو شخص پاگل، مخبوط الحواس یا دیوانہ ہو تو اس کے لئے یہ عمل نہایت موزوں ہوگا۔ خدا نے چاہا۔ تو دیوانگی جاتی رہے گی۔ سفید کاغذ کا ایک ٹکڑا لیکر جسم پر ملتے جائیں اور سورۂ مزمل پڑھتے جائیں۔ جب سورۃ ختم ہو جائے تو اسی کاغذ پر یہ نقش سیاہ روشنائی سے لکھیں اور اس کا فتیلہ بنا کر مریض کا پہنا ہوا کپڑا اس پر لپیٹ کر کڑوے تیل کے چراغ میں یہ فتیلہ ڈال کر روشن کریں اس طریقہ پر کہ مریض کی آنکھوں ہی کے سامنے رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ کیسا ہی سخت آسیب ہو، جن کا اثر ہو نظر بد کا اثر ہو سب رفع ہوگا۔ دوسری بیماریوں میں بھی یہ عمل مؤثر ثابت ہوا ہے۔ نقش یہ ہے

خاتم سلیمان	۱۶	۱۱	۱۸
یا بدوح	۱۷	۱۵	۱۲
زوج الطاہر	۱۲	۱۹	۱۴

FREE ANMAAT BOOKS GROUP

حفاظت حمل کیواسطے نہایت مجرّب عمل

مندرجہ ذیل آیت پاک ایک سفید کاغذ پر لکھ کر حاملہ عورت کے پیٹ پر باندھیں انشاء اللہ تعالےٰ حمل بربلا د تکلیف سے محفوظ رہے گا کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ نہایت ہی مجرب عمل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ احْفَظْ حَمْلَ هٰذِهِ الْمَرْاَةِ مِنْ جَمِيْعِ الْاٰفَاتِ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰهِ ط آمین۔ آمین۔ آمین۔

برائے تلاش اشیاء ایک عمل

اگر کوئی چیز آپ رکھ کر بھول گئے ہوں۔ یاد نہ آتی ہو تو ذیل کا مجرب عمل کریں۔ اسی وقت آپ کو وہ شے یاد آجائے گی۔ بیحد مجرب عمل ہے۔

ایک کپڑے میں سات گرہ لگائیں بعد ازاں سورہ مبارکہ یعنی الحمد شریف مع بسم اللہ شریف ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ کھول دیں۔

اس کے بعد پھر اسی طرح کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ وہ ساتوں گرہیں کھلنے نہ پائیں گی کہ وہ گم شدہ شے یاد آجائے گی نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

برکت سفر کے لیئے

سفر کو جاتے وقت اسم اعظم یَا حَفِیظُ ۹۹۸ نوسو اٹھانوے مرتبہ اور نو نو مرتبہ اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیں۔

اس عمل شریف کے بعد سفر کو چلے جائیں۔ انشاء اللہ تعالٰے وہ سفر بخیر و خوبی طے ہو جائے گا۔ کوئی تکلیف نہ پہنچے گی اور جس مقصد کیلئے وہ سفر کیا گیا ہے۔ کامیابی ہوگی۔

متفرق تعویذات

برائے استقرارِ حمل ایک موثر تعویذ

اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو۔ اور اولاد کیلئے آرزومند ہیں۔ تو اس نقش مبارک کو سفید کاغذ پر لکھ کر زعفران سے اپنی بیوی کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تعالٰے اسی ہفتہ حاملہ ہو جائے گی۔ اور فرزند نرینہ سے گود بھرے گی۔

یہ نقش اکثر صوفیائے کرام کا آزمودہ ہے۔ بے حد سریع الاثر ہے کبھی ناکامی نہیں ہوتی ہے۔

نقش یہ ہے۔

۱۱۶۵	۱۱۶۹	۱۱۷۲	۱۱۵۸
۱۱۷۱	۱۱۵۹	۱۱۶۴	۱۱۷۰
۱۱۶۰	۱۱۷۴	۱۱۶۷	۱۱۶۳
۱۱۶۸	۱۱۶۲	۱۱۶۱	۱۱۷۳

FREE BOOKS GROUP

آسانی ولادت کیلئے مؤثر تعویذ

جس عورت کے بچے کی پیدائش کے وقت تکلیف ہو۔ اور پیدا ہونے میں مشکل ہو تو اس نقش معظم کو لکھ کر عورت کی داہنی ران میں باندھ دو بچہ فوراً باہر آجائیگا مجرب ہے۔

یلد	لد	لہ	قل
یکن	ھو	لم	ولم
اللہ	احد	ولم	الصمد
یسو	اللہ	احد	کفواً

حفاظت اطفال

جو بچے خواب میں چونکتے یا اچھلتے ہیں اور جو بڑے خوفناک خواب دیکھتے ہیں ان کے لئے یہ نقش معظم نہایت سود مند ثابت ہوتا ہے۔

اس نقش مبارک کو زعفران سے لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں شفا ہوگی۔

۱۱۷	۱۱۰	۱۱۵
۱۱۲	۱۱۴	۱۱۶
۱۱۳	۱۱۸	۱۱۱

دفع آسیب و نظر بد کے لیئے

سحر و جادو آسیب نظر دیوانگی جنون غرضیکہ اس قسم کے امراض کیواسطے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

میں نے جس قدر مجرب عمل شریف چار قل کا پایا کسی عمل کا نہیں پایا۔
چار قل یعنی قل یا ایہا الکافرون، قل ہو اللہ شریف، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس۔ سورج طلوع ہوتے ہوئے اور غروب ہوتے ہونے اس کا خاص وقت ہے یعنی یہ عمل اسوقت کیا جائے جب سورج نکلنا شروع ہو۔ اور غروب ہونا شروع ہو۔ ایک پیالہ میں دو تین گھونٹ پانی رکھ کر اس پر تین مرتبہ چاروں قل شریف پڑھ کر پھونک کر تھوڑا پانی آسیب زدہ کو پلا دو اور تھوڑا سا اس کے منہ اور سینے پر مل دو انشاء اللہ تعالےٰ معمولی امراض تین دن میں جاتے رہیں گے۔ شدید دیوانگی وجنون چند دن میں جاتی رہے گی۔ عمل دونوں وقت کیا جائے۔

دوکان یا مال میں برکت کیلئے

چاند دکھائی دینے کے بعد جو پہلا پیر آئے تو سورج طلوع ہونے کے بعد سے ایک گھنٹہ تک یہ نقش زعفران یا ہلدی کے پانی سے با وضو قبلہ رخ ہو کر دو نقش لکھیں۔

نقش لکھنے سے قبل۔۔ اسی مرتبہ درود شریف پڑھیں جو یاد ہو۔ دو نقش لکھ کر پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر دونوں پر پھونک کر ایک نقش دریا تالاب یا نہر میں ڈال دیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

دوسرا نقش اس دوکان یا مال میں رکھ دیں۔ خدا چاہے تو دوکان میں خوب بکری ہوگی۔ اور اس مال میں خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔

اگر دوسرے پیر کے دن تک فائدہ نہ ہو۔ تو اس نقش کو پانی میں ڈال دیں۔ اور پھر دوبارہ اسی طرح سے اس عمل کو کریں۔

انشاءاللہ تعالےٰ حیرت انگیز فائدہ ہوگا۔ بیحد مجرب اور اثر انگیز ہے۔

نقش یہ ہے۔

۱۲۶۰	۱۳۰	۱۲۳	۱۲۰
۱۳۲	۱۲۱	۱۲۹	۱۳۱
۱۲۲	۱۳۵	۱۲۸	۱۲۵
۱۲۹	۱۳۴	۱۳۳	۱۳۴

دولت میں برکت کیلئے ایک اور نقش

مندرجہ ذیل نقوش کو ساعت مشتری میں لکھ کر اس بکس یا تجوری میں رکھیں جس میں روپیہ رہتا ہے۔ انشاءاللہ تعالےٰ اس میں اتنی برکت ہوگی کہ وہ کبھی روپیہ سے خالی نہ ہوگی۔ ہزاروں جگہ کا آزمودہ ہے بیحد زوداثر ہے۔

نوٹ۔ دونوں نقوش کاغذ کی دونوں سمتوں پر تحریر کریں انشاءاللہ تعالےٰ جلد از جلد کامیابی ہوگی۔ نقوش اگلے صفحہ پر ہیں۔

FREE ADLIYAAT BOOKS GROUP

ف	ی	ط	ل
ل	ط	ی	ف
ی	ف	ل	ط
م	ل	ف	ی

ح	ا	ت	ف
ف	یا لطیف یا فتاح	ا	ح
ا	دے ح روزی	ف	ت
ت	ف	ح	ا

حصول دولت کیلئے ایک اور نقش

مندرجہ ذیل نقش مبارک کو سفید کاغذ پر ساعت مشتری میں لکھیں اور اپنے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس نقش کی برکت سے وہ مالا مال ہو جائے گا۔ ہر شخص اس کی طرف کھنچنے لگے گا اور اس کا مطیع و فرماں بردار ہو گا۔ نقش یہ ہے

۱۸	۲۱	۲۴	۱۱
۲۳	۱۲	۱۷	۲۲
۱۳	۲۶	۱۹	۱۶
۲۰	۱۵	۱۴	۲۵

استخارے

استخارے کے معنے مشورہ کے ہیں خدا تعالےٰ کا حکم ہے کہ ہر امر دینی و دنیوی میں مشورہ کرے ایسا کرنے میں اس کام میں کامیابی و کامرانی خدا تعالیٰ کی جانب سے حاصل ہوتی ہے۔ ہر مسلمان کو جب کوئی اہم مشکل پیش آئے اس وقت خدا تعالیٰ سے استخارہ کر کے جو حکم ہو اس پر عمل کرے۔

FREE ALLYPPT BOOKS GROUP

ذیل میں چند مجرب استخارے درج ہیں یہ تمام استخارے مستند و زود اثر ہیں۔ اور بارہا کے تجربہ کئے ہوئے ہیں کبھی غلط ثابت نہیں ہوتے ان استخاروں پر درست عقیدے کے ساتھ عمل کرنا موجب برکت و سعادت ہے

پہلا استخارہ

چاہیئے کہ پہلے دو رکعت بہ نیت استخارہ پڑھے سلام کے بعد درود شریف اور یہ دعائے استخارہ پڑھے خدا نے چاہا تو اس کام میں برکت ہوگی دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ وَعَاجِلِہٖ فَاقْدُرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ۔ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ وَعَاجِلِہٖ وَاٰجِلِہٖ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ وَقَدِّرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ رَضِّنِیْ بِہٖ ۔

دوسرا استخارہ

جس کسی کو کوئی مشکل کام پیش آئے۔ اور اس کی تدبیر نہ جانتا ہو یا کوئی غیب ہے کہ مدت سے اس کی خبر نہ پائی ہو۔ یا کوئی بیمار ہو تو چاہیئے کہ سونے سے پہلے چھ رکعت نماز نفل بہ نیت استخارہ ایک سلام سے پڑھے پھر کسی سے بات چیت نہ کرے اور الگ مقام پر جہاں کسی مرد و عورت کا گزر نہ ہو یعنی کوئی آنہ پائے۔ اور یہ ضرور ہے کہ چارشنبہ کو روزہ رکھے۔ پنجشنبہ سے عمل شروع کرے۔ پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد والشمس دوسری میں واللیل تیسری میں والضحٰے چوتھی میں الم نشرح پانچویں میں والتین چھٹی میں انا انزلنا ہر سورت سات مرتبہ پڑھے جب نماز سے فارغ ہو تو حق تعالٰے کی تحمید میں مشغول ہو۔ اور درود شریف پڑھے اور یہ دعا مانگے۔

اَللّٰھُمَّ رَبِّ مُحَمَّدٍ وَّ رَبِّ مُحَمَّدٍ وَّرَبِّ اِبْرَاھِیْمَ وَمُوْسٰی وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَرَبِّ جِبْرَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَعِزْرَائِیْلَ وَمُنَزِّلِ التَّوْرَاتِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ اَرِنِیْ مَنَامِیَ اللَّیْلَۃَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ مِنِّیْ ط

اگر پہلی رات اس نے اپنے مشاہدہ کو مطلب کیا تو ظہور المراد ورنہ دوسری تیسری یہاں تک کہ ساتویں رات تک ضرور مطلع کیا جائے گا یا کوئی شخص خواب میں اس کی کیفیت سے مطلع کرے گا یہ عمل مجرب ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP

استخارہ برائے دریافت حال

یہ استخارہ بیحد مجرب اور آزمودہ ہے اکثر بزرگوں کا معمول رہا ہے آپ بھی اس سے فائدہ اٹھائیں مگر کوئی ایسی بات نہ دریافت کریں جو خلاف قانون یا خلافِ شریعت ہو۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ جمعہ کے دن بعد نماز صبح یہ آیت شریف پڑھو۔

إِنَّا أَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيرًا ۔

بعد نماز جمعہ ایک سو ایک مرتبہ یہ آیت شریف اور نماز عصر ایک سو دو مرتبہ بعد نماز مغرب ایک سو تین مرتبہ بعد نماز عشاء چار سو چھ مرتبہ ہر وقت میں اوّل وآخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھو۔ بعد نماز عشاء سے مراد وہ وقت ہے جب آپ سونے کے لئے لیٹیں۔ اور بعد عمل پڑھنے کے نہ کسی سے بات کریں نہ کوئی کام کریں۔ نہ کھائیں پیئیں عمل کو پڑھ کر سو جائیں جب بعد نماز عشاء عمل ختم کریں۔ تو دعا کریں الٰہی فلاں کام میں جو مجھے تشویش اور فکر ہے۔ اس کے نتیجہ سے آگاہ فرمائیے۔ یا جو کام کرنا چاہتے ہوں یا سفر کرنا ہے۔ تو اس میں کوئی نقصان تو نہیں ہے غرض اپنا مقصد پورا ہونے کی دعا کرو۔ خدا کے حکم سے رات میں سب حال معلوم ہوگا۔ بعد نماز عشاء بستر پر لیٹ کر نہ پڑھو بلکہ پڑھ کر لیٹو۔

اَلْغَيْبُ عِنْدَ اللهِ ۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

فالنامہ رمل

مندرجہ ذیل فالنامہ رمل علم سے متعلق ہے۔ جو اکثر بزرگانِ دین کے عمل میں رہا ہے۔ اور اس کے لئے اکثر عاملین نے اپنی بیاضوں میں اس کے صحیح ہونے کی نہایت معتبر الفاظ میں تصدیق کی ہے۔

کمترین مولف کتاب نے بھی اکثر اس سے ضرور تمندوں کو مستفید کیا ہے

طریقہ :- صبح کے وقت باطہارت باعتقاد کامل تین تین مرتبہ سورۂ الحمد شریف اور قل ہو اللہ شریف اور الم نشرح شریف پڑھ کر اپنے مقصد کو دل میں رکھ کر آنکھیں بند کر کے انگشت شہادت نقشہ ذیل پر رکھیں جس خانے پر انگشت ہو اس کی عبارت فال کا جواب ہوگی۔

اگر انگشت شہادت کسی گوشے پر آئے۔ اور شبہ ہو کہ کس خانے سے اس کا جواب حاصل کیا جائے۔ تو ایسی حالت میں دوسری مرتبہ پھر عمل کر لیا جائے



تاکہ شبہ نہ رہے جب انگشت واضح طور پر کسی خانہ پر آجائے تب اسی علامت کو تلاش کر کے جواب حاصل کیا جائے نقش معظم یہ ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

خانۂ اوّل یمان

اے صاحب فال یہ فال تیری نہایت مبارک ہے۔ سفر کرنے سے دولت مرتبہ و عزت پائے۔ اور جو تیری مراد ہے سو اللہ تعالےٰ جلد بر لائے گا۔ فرزند یا شخص غائب سے ملاقات ہو۔ سردار یا رئیس جو پورب کی جانب رہتے ہیں ان سے مفاد ہو۔ تجھے چاہیئے کہ اسم مبارک یا اللہ بعد نماز عشاء چالیس روز تک بارہ ہزار مرتبہ پڑھ کر اس نقش کو لکھ کر چالیس مرتبہ ہر روز آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں بہا دے۔ نقش ہر روز نہ ڈال سکے تو ایک ہفتے کے جمع کر کے ڈالتا رہے۔

انشاء اللہ تعالےٰ اس مدت میں کوئی مشکل باقی نہ رہے گی خدا تعالےٰ اپنا کرم فرمائے گا۔ نقش مکرم و معظم حسب ذیل ہے۔

٨	٣	٤
١	٥	٩
٦	٧	٢

شکل دوم قبض الداخل

اے صاحب فال جو تدبیر کرتا ہے نہایت مبارک ہے کام تیرا بخوبی سر انجام پائے گا۔ سفر تیرے لئے پورب کی طرف اچھا ہوگا۔ اور حیوانات

کی تجارت سے فائدہ ہوگا۔ ڈیڑھ ماہ میں تجارت کامیاب ہوگی مگر تجھ کو چاہیئے کہ اسم اعظم یَا عَزِیْزُ کی دعوت دے اس کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس دن تک یہ عمل پڑھے اور اسم پاک یَا عَزِیْزُ تین ہزار ایک سو پچیس ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ اوّل و آخر سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور یہ نقش پچاس مرتبہ روزانہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے نقش یہ ہے۔

۸ ۲۱۲	۱۲ ۲۱۲	۱۴ ۲۱۲	۱ ۲۱۲
۲۱۲	۲۱۲	۲۱۲	۱۲ ۲۱۲
۳ ۲۱۲	۲۱۲	۹ ۲۱۲	۶ ۲۱۲
۱۰ ۲۱۲	۵ ۲۱۲	۱۴ ۲۱۲	۱۵ ۲۱۲
	بحقِ یَا عَزِیْزُ		

خانہ سوئم قبض الخارج ÷

اے صاحبِ فال یہ فال نہایت نحس ہے جو ارادہ رکھتا ہے اچھا نہیں ہے آجکل دشمنوں سے بچنا چاہیئے۔ سفر بھی اچھا ثابت نہ ہوگا۔ کسی مصیبت میں گرفتار ہونے کا اندیشہ ہے۔ اگر ہو سکے تو منگل کو کچھ خیرات کیا کرو اور درود شریف کثرت سے پڑھ کر اللہ تعالےٰ سے دعا کرو کہ

FREE AMLIYAT BOOKS GROUP

اللہ نحوست کو دور کرے۔

چہارم خانہ جماعت

اے صاحب فال یہ فال اوسط درجہ کی ہے۔ بعض کاموں میں اچھی ہے اور بعض میں بُری ہے۔ اس لئے ہر کام ہوشیاری سے کر جو کام قبضہ سے نکل گیا ہے۔ اس کی کوشش فضول ہے۔ البتہ بیمار کو جان کا خوف ہے۔ اگر سفر کرے تو اچھا نہ ہوگا۔ قیدی عرصۂ دراز تک مقید رہے گا ایک ماہ کا عرصہ سخت ہے۔ تجھ کو چاہیئے کہ اس مدت میں اسم یَا حَنَّانُ روزانہ ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ پڑھا کرو۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ بھی پڑھو۔ اس نقش کو روزانہ لکھ کر آٹے میں لپیٹ کر دریا میں ڈالو۔ نقش یہ ہے۔

۸	۱۱	۸۹	۱
۸۸	۲	۷	۱۲
۳	۹۱	۹	۶
۱۰	۵	۴	۹۰
	بحق یا حنانُ		

خانہ پنجم ج ب

اے صاحب فال یہ مبارک فال ہے جو تیری مراد ہے وہ حاصل ہوگی

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

اور بہت اچھی خبر سنے گا مکان یا عمدہ چیز ملے گی معشوق اور فرزند سے ملاقات ہو گی۔ اسم یا ودود ہر روز تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھا کرد اور یہ مندرجہ ذیل نقش بہ تعداد بیس (۲۰) ہر روز لکھ کر اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں۔ بعد چالیس یوم کے غیب سے مدد ہو گی نقش یہ ہے۔

۸	۲	۱۰
۱	۷	۴
۳	۱۱	۶
	بحق یا ودود	

خانہ ششم عقد

اے صاحب فال یہ فال اچھی نہیں غالباً تیری بیماری کا خطرہ ہے صدقہ دینا بہتر ہے تیرا چور بھاگا یا چوری گیا ہو تو حاضر ہو۔ سفر سے مسافر دیر سے آئے۔ مگر بہ سلامتی آئے۔ اور ڈھائی ماہ کے عرصہ میں تیری مراد حاصل ہو گی۔ چاہیئے کہ بوقت شب پانی یا چاہ کے کنارے غسل کرے اچھے کپڑے پہنے عطر لگائے اور اسم شریف یَا وَهَّابُ ہزار مرتبہ معہ درود شریف سو سو مرتبہ اوّل و آخر پڑھ کر یا صبح کو بعد نماز فجر چالیس مرتبہ اس نقش کو زعفران اور چوب انار کے قلم سے لکھ کر گلے میں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

گولیاں بناکر دریامیں ڈالیں بعد چالیس دن کے دیکھ اللہ پاک اپنی قدرت سے کیا دکھاتا ہے نقش یہ ہے۔

۶	۱	۷
۶	۵	۳
۲	۸	۸
	بحق یا وھّابُ	

خانہ ہفتم انکیر

اے صاحب فال اگر تیری نیت بیمار کے اچھا ہونے کی ہے تو اچھا مشکل سے ہوگا۔ اور قیدی عرصۂ دراز تک گرفتار البتہ نکاح کرنا اچھا ہے گمشدہ چیز دستیاب ہوگی۔ راتوں کو بازار یا کوچے میں تنہا نہ پھرنا چاہیئے خوف کا نقصان ہے خصوصاً سہ شنبہ وچہار شنبہ کو احتیاط فردی ہے غائب شدہ ہے۔ تو زندہ مگر سخت پریشان ہے۔ تجھ کو چاہیئے کہ اسم پاک یا عزیزُ ۳۱۲۵ مرتبہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ چالیس روز برابر پڑھا کر اس نقش کو سترہ بار روزانہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال سب کام انشاء اللہ تعالے بہتر ہو جائیں گے نقش معظم یہ ہے۔

۴۰	۳۵	۴۲
۴۱	۳۹	۳۷
۳۶	۴۳	۳۸
	بحق یا عزیزُ	

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

خانۂ ہشتم حمرہ

اے صاحب فال یہ فال بہت نحس ہے دشمن سے جھگڑے کا خوف ہے ان دنوں احتیاط لازم ہے۔ غائب شخص سلامتی سے ملے کچھ مال کا نقصان ہوگا۔ پندرہ دن سخت ہیں۔

اگر اسم شریف یَا حَیُّ ۳۱۲۵ مرتبہ مع درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ روزانہ دریا میں کھڑے ہو کر پڑھے تو خوف رہے اگر دریا فاصلے سے ہو۔ تو چاہیئے کہ تنہا جگہ بیٹھ کر کسی چیز میں پانی رکھ کر اس پانی کو دریا تصور کر کے یہ اسم شریف تلاوت کرے اور ہر ہزار کے بعد اپنے دونوں ہاتھ اس پانی میں ڈبو کر منہ پر مل لیا کرے یہ نقش اٹھارہ مرتبہ روزانہ لکھ کر دریا میں ڈال دیا کرے۔

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵
	بحق یا حیُّ	

خانۂ نہم بیاض

اے صاحب فال یہ فال مبارک ہے جس مقام سے تجھے امید ہے کامیاب ہو۔ ہر ایک مشکل آسان ہو۔ شخص غائب جلدی واپس آئے انشاء

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

اللہ تعالیٰ دس دن میں مراد پوری ہوگی۔ البتہ کسی شے کی خرید یا فروخت نقصان دہ ہے۔ تیرے لئے اچھا ہو۔ کر اسم یَا قَیُّوْمُ ہر روز ۳۱۲۵ مرتبہ تلاوت کر اس طرح کہ مکان تنہا یا مسجد میں بیٹھ کر اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور یہ نقش لکھ کر آٹے میں لپیٹ کر دریا میں ڈال دیا کر بہت ہی نفع ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۵۳	۴۸	۵۵
۵۴	۵۲	۵۰
۴۹	۵۶	۵۱
	بحق یا قیوم	

خانہ دہم نعرۃ الخارج :

اے صاحب فال یہ فال نہایت مبارک ہے۔ کوئی کام بزرگ کرنا نکاح کرنا خوب ہے۔ اگر نیت نسبت حاملہ کے ہے تو اس کے فرزند نرینہ تولد ہو بیمار کو صحت ہو۔ مسافر سلامتی سے آئے تمام مقصد حاصل ہوں حاکموں سے فائدہ ہو۔ شرکت تجارت ہو تو منفعت ہو۔ اگر کوئی مشکل درپیش ہو تو اسم یَا سُلْطَانُ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھے اور یہ نقش ایک سو پچیس بار لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے۔

نقش اگلے صفحہ پر دیا گیا ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

۵۵	۵۰	۵۷
۵۶	۵۴	۵۲
۵۱	۵۸	۵۳
	بحق یا سلطان	

خانہ یازدہم نصرۃ الاخل ب

اے صاحب فال یہ فال بہت مبارک ہے خرید و فروخت اور سفر نیک ہو۔ کل مقصد تیرے پورے ہوں گے۔ دوستوں کے پاس سے خوشی کی خبر آئے۔ اور کسی قدیم دوست سے ملاقات ہو۔ تمام مشکلیں آسان ہوں۔ اگر کوئی ضرورت درپیش ہو تو اسم شریف یَا مَنَّانُ ۲۱۲۵ مرتبہ مع درود شریف اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار پڑھا کرے۔ اور یہ نقش ایک سو اکتالیس مرتبہ لکھ کر دریا میں ڈالے۔

۸	۱۱	۱۲۱	۱
۱۳۰	۲	۷	۱۲
۳	۱۲۳	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۲۲

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

خانہ دوازدہم علیۃ الخارج ⁖

اے صاحب فال یہ فال نحس ہے مگر بعض امور کو سعد ہے مثلاً فروخت کرنا چار پایے کا اور دفع کرنا دشمن کا۔ اگر واسطے قیدی کے نیت ہے تو اس کی رہائی بدشواری ہوگی۔ دشمنوں سے خوف و خطر ہے۔

واسطے حل مشکل و رہائی قیدی کے اسم شریف یَا فَتَّاحُ ۲۱۲۵ بار بوقت صبح صادق کے یا نماز تہجد کے بعد مکان یا مسجد میں پڑھے درود شریف اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ ضرور پڑھے۔ چالیس دن میں یہ نقش چار سو نواسی بار لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے۔

۱۶۴	۱۵۹	۱۶۶
۱۶۵	۱۶۳	۱۶۱
۱۶۰	۱۶۷	۱۶۲
	بحق یا فتاحُ	

خانہ سیزدہم نقی ⁝

اے صاحب فال یہ بعض کام کے لئے اچھی ہے بعض کے لئے یہ دن نحس ہیں۔ بیمار و قیدی نجات پائے۔ صحت یاب ہو اور مسافر سفر میں

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

تکلیف پائے مگر بسلامتی واپس ہو۔

مقدمہ میں کامیابی ہو برائے حل مشکلات اسم شریف یَا سَلَامُ بارہ ہزار بار مع درود شریف گیارہ گیارہ بار اوّل و آخر تا حصول مراد پڑھتا رہے اس نقش کو ۱۲۱ مرتبہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے۔

۱	۱۱۱	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۱۵
۶	۹	۱۱۳	۳
۱۱۲	۴	۵	۱۰

بحق یَا سَلَامُ

خانۂ چہاردہم علیۃ الداخل ؔ

لے صاحب فال یہ نہایت مبارک فال ہے حصول مال جاہ و اقبال کے اور غم و رنج سے نجات پائے۔ نکاح کرنا مبارک ہے شخص غائب سے خوشی کی خبر سنے۔ اور جس کام کا اندیشہ ہے وہ بآسانی حاصل ہو۔ حاملہ کو کچھ تکلیف ہو مگر انجام بخیر ہو۔

حصولِ مراد کیلئے یہ اسم یَا نَاصِرُ ۳۱۰ بار پڑھے اور تین روز

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

میں ۱۴۲ نقش لکھ کر دریا میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ جلد از جلد مراد حاصل ہوگی۔

۸	۱۱	۳۲۱	۱
۳۲۰	۲	۷	۱۲
۳	۳۲۳	۹	۶
۱۰	۵۰	۴	۳۲۲

خانۂ یازدہم اجماع :-

اے صاحب فال بعض امور کو نیک اور بعض کو نحس ہے انجام
حصول مراد کو توقف ہو خرید و فروخت و کاروبار میں نفع ہو نکاح
کرنا بھی خوب ہے۔ لیکن مسافر خوب آئے۔ مریض کو دیر سے صحت ہو
حاکم کی طرف سے امید حصول مال کی ہے بعد عرصہ ایک ماہ مراد حاصل
ہو اور واسطے حل مشکلات و حصول مراد کے لئے اسم مبارک یَا دَیَّانُ
۳۱۲۵ مرتبہ مع درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ اور یہ نقش
پچیس لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیا کریں اعتقاد کامل
رکھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر ایک مراد پوری ہوگی۔ نقش اگلے صفحہ پر ہے

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

٨	١١	۴۵	١
١۴	٢	٧	٢
٣	۴٧	٩	٦
١٠	۵	۴	۴٦
	بحق یَا رَیَانُ		

خانہ شانزدہم

اے صاحبِ فال یہ نہایت مبارک فال ہے کام کیواسطے خصوصاً دولت حاصل ہو۔ انجام کام کا نیک ہو واسطے حصول وحل مشکل کے لئے اسم شریف یَارَحْمَانُ ٢١٢٥ مرتبہ مع درود شریف سو سو بار ایک چلہ تک پڑھیں مراد حاصل ہو۔ اور دوسو ننانوے (٢٩٩) نقش لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے۔

۴٠	١	٢	٢٠٠
١	۵٠	٨	٨
۵٠	۴٠	١	۵٠
١	٨	٢٠٠	١
	بحق یَا رَحْمَانُ		

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

فالنامہ سیارگان

مندرجہ ذیل فالنامہ بھی نہایت معتبر اور مستند ہے اور سہل بھی عام ضرورت مندوں کو اس سے فائدہ اٹھانا چاہیئے جواب بالکل صاف اور واضح ملتا ہے۔

طریقہ :- سورہ الحمد شریف ایک بار سورۂ اخلاص تین بار آیت الکرسی شریف تین بار پڑھ کر سرکار دوعالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی روح پر فتوح پر ایصال کرے۔ اس کے بعد آنکھیں بند کر کے اپنے مقصد کو دل میں رکھ کر اس نقشہ پر انگشتِ شہادت رکھیں۔ اور جواب مندرجہ ذیل سے حاصل کریں۔

نقشہ سیارگان

زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد

FREE AULIYAAT BOOKS GROUP

زحل

زحل پر گر پڑے انگشت فی الحال
کوئی تیرا مخالف ہے سیہ رو
مکدر طبع بھی رہتی ہے گا ہے
متفرجی بھی گھبراتا ہے اکثر
تو جس کا دوست ہو وہ بھی ہیہات
کسی نے کر کے کچھ اقرار تجھ سے
رہے گا چند روز احوال اس طور
کر یعنی ہاتھ آئے گی کچھ دولت
تلاش نوکری میں گر ہے حیران
کسی سے گر ہوئی ہے کچھ لڑائی
اگر ہے خواہش محبوب و فرزند
غرض اس سے ہراساں ہو نہ اب کچھ

تو سن لے طالع اختر کا احوال
خبر اس کی تجھے ہو یا نہیں ہو
وہ کم ہاتھ آئے جس کو تو چاہے
کہیں جانے کا دھیان آتا ہے اکثر
کرے ہے دشمنی کی تجھ سے کچھ بات
کیا ایفائے وعدہ یار تجھ سے
پھر اس کے بعد ہوگا نقشہ کچھ اور
مرض کچھ تو ہوگی اس سے صحت
توقف سے ترا دل ہوگا شادان
بمہلت صاف ہو جائے صفائی
بدیر اس سے ترا دل ہوگا خرسند
تک اک عرصہ میں ہاتھ آئیگا سب کچھ

بروز شنبہ دے تو تیل اور ماش
تصدق اپنے اوپر کر کے خوش باش

FREE ADLIYAAT BOOKS GROUP

مُشتری

پڑے گر مشتری پر تیری انگشت — تو زر آئیگا تیرے ہاتھ یکمشت
یقیں ہے کہ گزریں اب خوش اوقات — کسی اہل دل سے ہو ملاقات
جو بچھڑا ہو دوست مدت سے تیرا — مقرر وہ گھر میں کرے گا بسیرا
الم جو کچھ ہے وہ جاتا رہے گا — ز رنج تنگدستی تو بچے گا!
اگر اولاد کی ہو وے تمنا — پسر ہوئے سعادتمند بیٹا
یقین ہے ہاتھ آئے گا مقرر — لباس زعفرانی یا کر پر زر!
غم دوری ہے یا ہے اور کچھ غم — تو پھر کچھ غم نہ کھا ہوئیگا خرم
اگرچہ ہوگی اب کچھ شئے تری گم — پکڑے آئیں گے وہ سب دزد مردم
اگرچہ جھگڑا کچھ آپس میں ہوا ہے — تو ہوگی صلح تجھ کو خوف کیا ہے
پیادہ پا سے ہے گر بیقراری! — تو پھر آنے گی ہاتھ اچھی سواری

بروز پنج شنبہ صدقہ کر کے
چنے کی دال تو اور چوب زرد دے

FREE ANIYAAT BOOK'S GROUP

مریخ

اگر انگشت تیری تا بیک دو
بدن میں بھی رہے گی گرمی اکثر
نحوست رکھتے ہیں از بسکہ ایام
دردِ سینہ دل رہتا ہے بیتاب
اک اندیشہ ہے دل کو بیرے بدزاب
کسی سے دل بھی چاہیگا کہ لڑئیے
لباس سرخ سے دل ہو گا خوشحال
مگر چندے ابھی تشویش سی ہے
نہ تیری جان دکھ پاتی رہے گی

سوئے مریخ آئے چوں مرنو
عدو خونخوار ہے کوئی مقرر!
بگڑ جاتا ہے ہوتے ہوتے ہر کام
بوضع دائم اب ہے کم خور و خواب
غرض ہے نادرستی اتو اوقات
نہیں کوئی تو آپے سے بگڑئیے
بہ قسم یا خریا اور کچھ لال!!
پھر اس کے بعد تجھ کو خوش دلی ہے
جو کچھ تشویش ہے جاتی رہے گی

عدس کی دال تو اور گوشت سیندور
دیا منگل کو کرنا ہو نہ رنجور!!!

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

زہرہ

جو زہرہ پر تیری انگشت پڑ جائے	گیا پردیس میں جو وہ آ جائے
سواری کو جو چاہتا ہے تیرا جی	ملے گی خنگ گھوڑے کی سواری
اگر یہ غم ہے تو جاتا رہے ہی گا	خوشی کی کوئی بات آکر کہے گا.
کسی نقصان سے غمگیں ہے دل کچھ	تو ہوگا نفع افزوں اس سے حاصل
جو ہے امراض سے کچھ دل کو آزار	تو صحت اس سے تو پائیگا اک بار
کوئی خواجہ سرا آیا کہ عورت	کہ ہو جائے گا کوئی امرد کی صورت
مقرر اس سے ہوگا نفع حاصل	کر اب شادی نہ غمگیں اپنا رکھ دل
اگر گشت تو کچھ بھی کرے گا !	تو پھر دولت سے گھر تیرا بھریگا
مطالب جو ہیں سب ہونگے حاصل	منور ہوگا مقصد سے ترا دل

بروز جمعہ کام اتنا کیا کر

کہ [illegible] مونگ در روغن دیا کر

-※-

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP

شمس

پڑے اب شمس پر گر تیری انگشت — ہراساں ہو دھر دانتوں میں انگشت

کہ سال ان اکو اکب ہے یہ خورشید — خدا چاہے تو بھر آوے بر اُمید

مگر شدت یہ جس دم آتے ہے یہ — نحوست کام میں کر جائے ہے یہ

تعلق گر طبیعت کو کہیں ہو ! — تو معشوق اپنا اگر خشمگیں ہو !

کہیں سے خوش دلی کا لئے پیغام — جو بگڑے ہوں سنور جائیں وہ ایام

مخالف ہو کر مفلس یا کرے آزار — خدا چاہے تو ہو سب دفع ایکبار

جواہر پا کے بھی دل ہووے شاداں — بہ قسم لعل یا قوت اور مرجان

لڑے کوئی زراہِ تند خوئی — تو اس پر فتح ہو یا سرخ روئی

پسر کی دل میں کچھ خواہش اگر ہو — تو فخر خانداں پیدا پسر ہو

جو آپس میں ہوئی ہووے لڑائی — بہ بلت صاف ہو جائے صفائی

یہ سن کر روز یک شنبہ منگا کر
گیہوں اور دودھ تو صدقہ دیا کر۔

FREE ALLIYAAT BOOKS GROUP

عطارد

عطارد پر پڑے گر تری انگشت | درِ علم آئے گا تو ہاتھ یکمشت
مگر اب توقف ہے بہ ہر کام | درستی پر بمہلت ہو دیں ایام

تپش ہو دل کو جس رشک پری ہن
تو ہو وے وصل اس سے اک نہ ایکدن

اگر آزار ہے تو غم نہ کھاؤ! | کہ ہو وے اس سے صحت کردواتو
اگرچہ رموز ہیں از بسکہ یہ مخفی | ولے ہوئے گا رخشاں کوکب بخت

کہ تجھ پہ مرد قابل مہرباں ہو
کہ جس کے گھر میں دولت بھی عیاں ہو

بلا کر وہ ہاتھ پکڑے گا تیرا | غلط سمجھو یہ کہنا تم نہ میرا
اگر ہے خواہش محبوب تجھ کو | ملے گا وہ بہر اسلوب تجھ کو!

جو کچھ ہے تیرے دل میں اور مطلب
توقف سے نہ حاصل ہوئیں گے سب

دیا کر فاختائی پارچہ اور   بروز چارشنبہ مونگ فی الفور

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP

قمر

قمر پر گر پڑی انگشت آئے
تو تجھ کو عیش و عشرت دکھائے

سریع السیر ہے از بس یہ تارا
نزودی کام دل ہو آشکارا۔

نصیبوں میں ہو یکبارگی لارت
تعجب کیا کہ ہووے گر وزارت

مخالف جلد ہوگا دفع تیرا
رہے گا وہ نہ غم جس غم نے گھیرا

کسی درویش کا شاید ہو آنا
بتا دے وہ تجھے چاندی بنانا

کرے نزلا اگر بیتاب تجھ کو
مناسب ہے احتیاط آب تجھ کو

کرے سودا اگر تو نفع ہووے
مگر دنیا میں کچھ تو بھی کھووے

اگرچہ آج کل دل کو نہیں کل
وہ بے کل ہوگی تجھ کو آج ہی کل

اگر ہے آرزو فرزند ہوگا !
تو اس فرزند سے خورسند ہوگا

ملے کا مرتقا محبوب کوئی !
کہے تو جس کو ہے یہ خوب کوئی

یہ سن لے تو دوشنبہ کو منگا کر
برنج اور کوڑیاں صدقہ دیا کر

FREE ABLIYAAT BOOK'S GROUP

(۵۶) اَلْحَمِیْدُ، حصولِ اخلاقِ حمیدہ: اس کی کثرت سے اخلاق وافعال و اقوالِ حمیدہ حاصل ہوں۔

(۵۷) اَلْمُحْصِیْ، تسخیر: اگر روٹی کے بیس ٹکڑوں پر بیس بار پڑھے تو خلقت مسخر ہو۔

(۵۸) اَلْمُبْدِئُ، حفاظتِ حمل: حاملہ کے بطن پر آخر شب میں پڑھے تو حمل محفوظ رہے اور ساقط نہ ہو۔

(۵۹) اَلْمُعِیْدُ، یاد آمدن سخن فراموش شدہ: اگر کوئی بات بھول جاوے اور یاد نہ آوے تو اس کو بار بار ذکر کرے خواہ تنہا یا یَامُبْدِئُ کے ساتھ انشاء اللہ تعالےٰ یاد آوے۔

(۶۰) اَلْمُحْیِیْ، امن از فراقِ جنس: جس کو کسی سے مفارقت کا اندیشہ ہو یا قید کا خوف ہو اس کو بکثرت پڑھے۔

(۶۱) اَلْمُمِیْتُ، زوال از اسراف و معاصی: جس کو عادت اسراف کی ہو یا نفس طاعت پر آمادہ نہ ہوتا ہو تو اس کی کثرت کرے۔

(۶۲) اَلْحَیُّ، نجات از امراض: اس کی کثرت یا لکھ کر پینے سے ہر قسم کے امراض سے نجات ہو۔

(۶۳) اَلْقَیُّوْمُ، برائے نوم: اس کی کثرت سے نیند آتی ہے۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ فجر سے طلوع تک پڑھنے سے مستعدی اور آمادگی طاعات میں حاصل ہو۔

(۶۴) اَلْوَاجِدُ، تقویتِ قلب: لقمہ پر پڑھ کر کھائے تو تقویتِ قلب حاصل ہو۔

FREE ALLNDAAT BOOK ? GROUP

(۶۵) اَلْمَاجِدُ، نورِ قلب: جو دائما پڑھے قلب منور ہو۔

(۶۶) اَلْوَاجِدُ، قطع تعلق خلق: اگر ہزار بار پڑھے تعلق مخلوق کا اس کے قلب سے زائل ہو جاوے

(۶۷) اَلصَّمَدُ، حصول آثار صدق و دفع جوع: آخر شب میں ایک سو پچیس بار پڑھے تو آثار صدیقیت کے ظاہر ہوں اور جب تک اس کا ذکر کرتا رہے بھوک کا اثر نہ ہو۔

(۶۸) اَلْقَادِرُ، قوت و غلبہ بر دشمن: دو رکعت پڑھ کر اس کو سو بار پڑھے تو اس کو قوت حاصل ہو اور اگر وضو کرتے ہوئے اس کی کثرت کرے تو دشمنوں پر غالب ہو۔

(۶۹) اَلْمُقْتَدِرُ، آسانی تدبیر: جب سو کر اُٹھے اس کی کثرت کرے تو جو اس کی مراد ہو اس کی تدبیر اللہ تعالیٰ آسان کر دے۔

(۷۰) اَلْمُقَدِّمُ، قوت و نجات در معرکہ: معرکہ میں جا کر پڑھے تو قوت اور نجات ہو۔

(۷۱) اَلْمُؤَخِّرُ: باز قبائح: کثرت سے پڑھے تو بُرے کاموں سے توبہ نصیب ہو۔

(۷۲) اَلْاَوَّلُ، اجتماع مسافر بعزیزان: اگر مسافر ہر جمعہ کو ہزار بار پڑھے تو جلد ہی اپنے لوگوں سے آ ملے۔

(۷۳) اَلْاٰخِرُ، ماسوی اللہ قلب: اگر ہر روز ہزار بار پڑھے تو ماسوی اللہ دل سے نکل جائے۔

(۷۴) اَلظَّاهِرُ، نور ولایت: اشراق کے وقت بکثرت پڑھے تو قلب میں نور ولایت ظاہر ہو۔

(۷۵) اَلْبَاطِنُ، حصول اُنس: ہر روز تین بار ایک ساعت تک اس کو پڑھے تو کیفیت اُنس کی حاصل ہو۔

(۷۶) اَلْوَالِیُ، امن از رعد و برق: اس کی کثرت کرنے والا بجلی سے محفوظ رہتا ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

(۷۷) اَلْمُتَعَالِیُ. رفعت و درستی: اس کے ذکر سے رفعت اور درستی حاصل ہو۔

(۷۸) اَلْبَرُّ. سوائے نفس و نیک بختی: اگر سات مرتبہ پڑھ کر بچہ پر دم کیا کرے تو نیک بخت اُٹھے۔

(۷۹) اَلتَّوَّابُ. توفیق توبہ و خلاصی از ظالم: بعد نماز چاشت ۳۶۰ بار پڑھے تو توبہ کی توفیق حاصل ہو، ور اگر ظالم پر دس بار پڑھے تو اس سے خلاصی ہو۔

(۸۰) اَلْمُنْتَقِمُ. دشمن کا انتقام: جو شخص اپنے ظالم دشمن سے انتقام نہ لے سکتا ہو تو اس کی کثرت کرے اللہ تعالیٰ انتقام لے لیں گے۔

(۸۱) اَلْعَفُوُّ. عفو ذنوب و رضا: بکثرت ذکر کرے تو گناہوں سے معافی اور رضائے الٰہی حاصل ہو۔

(۸۲) اَلرَّءُوْفُ. تسکین غضب: اپنے غصہ کے وقت بار دوسرے کے غصہ کے وقت دس بار اس کو پڑھے اور دس بار درود شریف تو غصہ کو سکون ہو جاوے۔

(۸۳) مَالِكُ الْمُلْكِ. حصول مال: اس پر مداومت کرے تو مال و تونگری حاصل ہو۔

(۸۴) ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ. حصول جاہ: اسکے ذکر کرنے سے عزت و بزرگی حاصل ہو۔

(۸۵) اَلْمُقْسِطُ. دفع وسوسہ: اسکی مداومت سے عبادت میں وسوسہ نہ آئے۔

(۸۶) اَلْجَامِعُ. اجتماع با حباب و مراد و دستیابی گمشدہ: اس کی مداومت سے اپنے مقاصد و احباب سے مجتمع رہے اور جس کی کوئی چیز گم ہو جاوے اسکو پڑھے تو مل جاوے۔

(۸۷) اَلْغَنِیُّ. دفع مرض و بلاء و غنا و محبت زوجہ: کسی مرض یا بلا کے وقت پڑھے تو جاتا رہے۔

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

(۸۸) اَلْمُغْنِیُ، دفع مرض و بلا و فنا و محبت زوجہ: ہزار بار پڑھے تو تونگری حاصل ہو اور مشغولی جماع کے وقت خیال سے پڑھے تو بیوی اس سے محبت کرنے لگے۔

(۸۹) اَلْمُعْطِیُ، حصولِ مراد: ہر مراد حاصل کرنے کے لیے مفید ہے۔

(۹۰) اَلْمَانِعُ، ایضاً: جو اپنی مراد تک نہ پہنچ سکے اس کو صبح و شام پڑھا کرے مراد حاصل ہو۔

(۹۱) اَلضَّارُّ، دفع ضرر: شب جمعہ میں سو بار پڑھے ضرر سے محفوظ رہے۔

(۹۲) اَلنَّافِعُ، حصولِ نفع: جس چیز سے نفع حاصل کرنا ہو تو اس کو دل سے پڑھے۔

(۹۳) اَلنُّوْرُ، نورِ ہدایتِ قلب: اس کے ذکر سے نورِ قلب حاصل ہو۔

(۹۴) اَلْهَادِیُ، فہم صحیح: اس کے ذکر سے یا لکھ کر پاس رکھنے سے بصیرت اور فہم صحیح پیدا ہو، اہل حکومت کے لیے بھی مناسب ہے۔

(۹۵) اَلْبَدِیْعُ، قضائے حاجت دفع ضرر: اس کو ہزار بار پڑھے تو حاجت پوری ہو اور ضرر دفع ہو۔

(۹۶) اَلْبَاقِیُ، خلاصی از ضرر و غم: ہزار بار پڑھے تو ضرر و غم سے خلاصی ہو۔

(۹۷) اَلْوَارِثُ، دفع حیرت: درمیان مغرب و عشا کے ہزار بار پڑھے تو حیرت دفع ہو۔

(۹۸) اَلرَّشِیْدُ، قبول اعمال: بعد نماز عشا کے سو بار پڑھے تو عمل مقبول ہو۔

(۹۹) اَلصَّبُوْرُ، حفظ از تکالیف: آفتاب طلوع ہونے سے پہلے سو بار پڑھا کرے تو کوئی تکلیف نہ پہنچے اور کتابوں میں اور بھی بے شمار خواص مذکور ہیں مگر اخلاق و اعتقاد کے ساتھ اس قدر بھی کافی ہے۔

(تمت بالخیر: (تمام شد) (کتابت محبوب احمد)

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ہماری چند اہم مطبوعات

تذکرہ غوثیہ	سوانح خواجہ قطب الدینؒ
جنتی زیور	سوانح خواجہ غریب نوازؒ
سیرت المصطفیٰؐ	سوانح بابا فرید گنج شکرؒ
دیوان غالب مجلد	حضرت جی کی یادگار تقریریں
دیوان غالب کارڈ کور	حصن حصین کلاں
کلیات ساغر	وظائف عملیات روحانی
کلیات ساغر (کارڈ کور)	عملیات و تعویذات سبحانی
روح تصوف	اوراد و وظائف

خزینہ علم و ادب

الکریم مارکیٹ - اردو بازار لاہور

فون : 7314169

FREE AMLIYAAT BOOK'S GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/